ہومیوپیتھک تشخیص و تجویز دوا

یعنے

چالیسؔ ادویات کا حل

جس میں عام مستعمل چالیس ادویات کے خواص و افعال کی عمومیات و خصوصیات ظاہری و باطنی کیفیات و تاثرات کا مختصر مگر مکمل مفید و موثر اور سلیس و بامحاورہ بیان درج ہے

"ہنیلشی"

یہ کتاب ہومیوپیتھک کالج و ہسپتال ۔ ۹ مال روڈ لاہور کے نصاب تعلیم میں شامل ہے

طبع سوم　　　قیمت دو روپے (عہ)　　　تعداد ایک ہزار

نوٹ :۔ قیمت جو اندر درج ہے وہ صرف ایک حصہ کی ہے

فہرست مضامین

DR. K. C. HITESHI,
The Pioneer of Homoeopathy in Punjab.

ڈاکٹر کرم چند صاحب ہتیشی ایم۔ ڈی (ہومیو) ایل ایم۔ ای ایچ (لندن) لاہور

Printed at the Arorbans Press, Anarkali, Lahore.

ہومیاپیتھک تشخیص و تجویزِ دوا

یعنے

چالیسِ اَدویات کا حلؔ

مصنّفہ

عالیجناب مسیحائے زمان ڈاکٹر کے سی ہیتیشی صاحب

ایم۔ڈی ہومیاپیتھ۔ ایل۔ایم۔ای۔ایچ (لنڈن)

وظیفہ یافتہ امریکن فونڈیشن فار ہومیاپیتھی۔ سابق پرنسپل ہومیاپیتھک میڈیکل کالج لاہور۔ چیف میڈیکل افیسر پنجاب ہومیاپیتھک ہسپتال لاہور۔ پریسیڈنٹ آل انڈیا ہومیاپیتھک ایسوسی ایشن لاہور۔ اسسٹنٹ کمشنر رائل کمیشن آف لیبر۔ مصنف فلسفہ ہومیاپیتھی۔ چالیس ادویات کا حل۔ ہانمن اینڈ ماڈرن میڈیسن۔ ٹیوبرکلین ایکشن ان ٹیوبرکلوسز۔ ویکسین تھیراپی اینڈ ہومیاپراتی لیکسز۔ ہومیاپیتھی فرام انشینٹ ایجز ٹو ماڈرن ٹائمز وغیرہ وغیرہ۔

ایڈیٹر رسالہ "ہومیاپیتھی" و "تندرستی" وغیرہ

(یہ کتاب ہومیاپیتھک میڈیکل کالج لاہور کے نصاب تعلیم میں داخل ہے)

ملنے کا پتہ:۔ ہیتیشی ہومیاپیتھک ہال۔ ۹ ہال روڈ۔ لاہور

طبع سوم — تعداد ۱۰۰۰ — قیمت ایک روپیہ

دیباچہ طبع دُوم

شائقین طب ہومیوپیتھی نے عموماً اور طبابت پیشہ اصحاب نے خصوصاً جس فراخدلی سے ہماری اس تصنیف "موسومہ ہومیاپیتھک تشخیص وتجویزدوا" کی طبع اول کا خیرمقدم کیا ہے۔اس سے ہمیں حوصلہ ہوا ہے۔کہ ہم اس مختصر مگر نہایت مفید کتاب کی طبع ثانی پیش کریں۔یہ تصنیف بذاتہ اس قدر مکمل ہے کہ اس میں کسی قسم کی ردوبدل کی گنجائش نہیں۔لہٰذا یہ طبع ثانی کسی ترمیم وتنسیخ اضافہ واختصار کی محتاج نہیں اور نہ اس میں کسی قسم کی کمی بیشی کی ضرورت ہے۔طب ہومیاپیتھی میں علم الادویہ اس قدر وسیع مگر مکمل۔دقیق مگر صحیح۔پیچیدہ مگر صادق ہے۔کہ اس کے مطالعہ کے لئے ایک زندگی درکار ہے۔مگر اس کتاب میں دریا کو کوزہ میں بند کرکے رکھ دیا گیا ہے۔اور "ریپرٹری اینیلیسز" یعنے مجموعی تشخیص دوا بذریعہ ہر جداگانہ علامت ایسے مشکل ترین عمل کو اس کتاب میں بتدریں کے لئے سہل ترین اور آسان بنا دیا گیا ہے۔امتیاز الادویات اس کتاب کی ایک خصوصیت ہے جس کے بغیر طب ہومیوپیتھی میں تشخیص و تجویز دوا مشکل ہی نہیں بلکہ ایک ناممکن امر ہے۔درحقیقت یہ کتاب اسم بامسمے ہے۔جس میں چالیس ضروری و عام مستعمل ادویات کا حل کر دیا گیا ہے۔جسکا مطالعہ ہر ایک طالبعلم ہومیوپیتھی کیلئے نہایت ضروری ہے۔

"ہانمن ہوم"
۹ ہال روڈ۔لاہور۔مورخہ ۱۱ ماہ جولائی ۱۹۲۹ء

ہنیشی

دیباچہ طبع سوم

یہ امر میرے لئے موجب مسرت ہے کہ مجھے اس مختصر، مگر نہایت مفید، تصنیف کی طبع سوم کو شائع کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔طبابت پیشہ اصحاب نے عموماً اور ہومیاپیتھک پریکٹیشنروں نے خصوصاً جس سرگرمی سے اس کتاب کا خیرمقدم کیا ہے۔وہ شاید ہی کسی دوسری کتاب کو نصیب ہوا ہوگا۔دراصل یہ کتاب ہے بھی اس قدر مفید کہ اس کے بغیر صحیح تشخیص و تجویز دوا کرنا ہی مشکل ہے۔لہٰذا ہر ایک طبیب کی میز پر اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

اتفاق کی بات دیکھئے۔ کہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن عرصہ پندرہ سال کا گذرا جبکہ شائع ہوا تھا۔ اور یہ کتاب کیا بلحاظ نام و نفس مضمون۔ اور کیا بلحاظ تقطیع و حجم علامیدان مشہور امریکن موجد و مصنف ڈاکٹر سی۔ ایم بوگر ایم۔ ڈی کی اُس معرکۃ الآرا تصنیف سے بہت کچھ ملتی جلتی ہے جس کا نام "جنرل اینے لے سز" GENERAL ANALYSIS ہے۔ جس کا چوتھا ایڈیشن حال میں ہی شائع ہوا ہے۔ اور یہ کتاب ڈاکٹر بوگر کے حیرت انگیز "ریپرٹری کارڈوں" کے ساتھ آتی ہے جن کی قیمت قریباً ایک سو پچیس روپیہ ہے ان کارڈوں کی مدد سے مشکل سے مشکل اور پیچیدہ سے پیچیدہ امراض مزمنہ و ناقابل علاج امراض میں تشخیص و تجویز دوا یقینی اور خود بخود ہو جاتی ہے اور ہر مرض کا ہومیوپیتھک علاج نہایت کامیابی سے کیا جا سکتا ہے ؛

کتاب ہذا کو زیادہ مکمل بنانے کے لئے ادویات کے ضروری خواص و افعال۔ مدت اثر۔ ممد و معاون ادویات فاذ زہر اور مستقل طاقت وغیرہ نہایت اہم اور ضروری مضامین کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ جو انتخاب دوا میں ہر مبتدی و طبیب کو خاص مدد دے گا ؛

اُمید واثق ہے کہ اس کتاب کی طبع سوئم کا عوام الناس کی طرف سے عموماً اور طبابت پیشہ اصحاب کی طرف سے خصوصاً اُسی تپاک سے خیر مقدم کیا جاویگا۔ جس کی کہ یہ مستحق ہے۔ جو مصنف و پبلشر ہر دو کی مزید حوصلہ افزائی کا باعث ہوگا ؛

"ہانمن ہوم"

۹ ہال روڈ۔ لاہور۔ مورخہ یکم جنوری سنہ ۱۹۳۳ء

منیلشی

ص۱۔ یہ عجیب و غریب ریپرٹری کارڈ منیلشی ہومیوپیتھک ہال۔ ہال روڈ لاہور سے مل سکتے ہیں

ہومیوپیتھک تشخیص و تجویز دوا

یعنی

چالیس ضروری ادویات کا حل

ہومیوپیتھک مخزن الادویہ میں علامات ادویہ کا علم اور انہیں استعمال میں لانے کا فن جداگانہ خصوصیتیں ہیں۔ مثلاً ہمارے ذہن میں ایک دوائی کی جملہ علامات موجود ہوں لیکن یہ قابلیت نہ ہو کہ کس طرح ان میں امتیاز کر کے جائز طور پر مریض کے لئے ان کا انتخاب کیا جائے یہ فرق صرف علم اور عمل کا ہے آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ مریض بحیثیت مجموعی برائیونیا۔ رسٹاکس۔ آرنیکا اور یوپیٹوریم سے متشابہ ہے۔ لیکن وہ مخصوص علامات جو سوائے آرنیکا کے سوا اور کسی دوائی کا مریض نہیں بتاتے آپ پر ظاہر نہ ہوں۔ یا آپ میں اس قدر علم موجود ہو کہ آپ صرف آرنیکا کو ہی انتخاب کر کے مریض کے مرض کو رفع کر دیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ بوجہ ناقابلیت کے ہومیوپیتھک ادویات مختلف یکے بعد دیگرے دیتے ہیں یا دوائیں مرکب حالت میں دیجاتی ہیں ٭

آج ہم چالیس مشہور ادویہ آپ کے سامنے اس طرح پیش کرتے ہیں کہ آپ اُن کی علامات باآسانی ذہن نشین کر سکیں اور امراض میں نہایت جلد مناسب دوائی کا بلا تکلیف انتخاب کر سکیں۔ یہ ادویات ہماری علمی ضروریات کیلئے نہ ہی کافی ہیں اور نہ ہی مخزن الادویہ کی وسعت پر حاوی۔ اس مختصر فہرست ادویہ میں چند ایسی بھی ہیں۔ جو کہ بہت کم استعمال ہوتی ہیں اور کثیر الاستعمال ہیں یہ فہرست اس غرض سے یہاں درج کی جاتی ہے تاکہ چند لمحہ روزانہ کا مطالعہ کرنے کے بعد تھوڑی سی مدت میں آپ کو ترتیب علامات اور انتخاب دوائی میں کافی مہارت پیدا ہو جائے اور انہیں اصولوں کی پابندی سے آپ بھی ایک ایسا نقشہ تیار کر سکیں جو روزمرہ مستعمل ادویات کی کلید ہو ٭

عَلامات

جملہ علامات تین حصص میں منقسم ہوتی ہیں (۱) علامات اکثریہ (۲) علامات مخصوصہ (۳) علامات عمومیہ۔ اول الذکر اپنی اہمیت میں سب سے افضل ہیں اور تاوقتیکہ منتخب شدہ دوائی میں یہ علامات موجود نہ ہوں وہ ہرگز علاج بالمثل کے مطابق مجوزہ قرار نہیں دی جاسکتی ؛

علامات اکثریہ سے ہماری مراد وہ علامات ہیں۔ جو کہ مریض کے نفس سے متعلق ہوں اور وہ خود ان کا بیان کرے مثلاً میری پیاس اس طرح ہے۔ گرمی یوں محسوس ہوتی ہے۔ یا سردی کی یہ کیفیت ہے۔ تمام خواہشات و مکروہات اور وہ علامات جو حیض وغیرہ کے متعلق ہیں۔ علامات اکثریہ کے زمرہ میں داخل ہیں۔ علامات اکثریہ علامات مخصوصہ سے مشتق ہوسکتی ہیں ؛

ان کے بعد علامات مخصوصہ کا درجہ ہے اور اگر منتخب شدہ دوائی میں علامات اکثریہ و مخصوصہ موجود ہوں۔ تو علاج المثل کے قانون کے مطابق وہ دوائی مریض کے بالکل موافق ٹھہرے گی۔ اگرچہ علامات عمومیہ تمامتر اس میں موجود نہ ہوں۔ علامات مخصوصہ میں وہ علامات شامل ہیں۔ جو کسی عضو کے متعلق ہوں اور جن کا وجود ہمارے جسم میں مقامی طور پر ہو۔ مثلاً درد سر۔ درد معدہ۔ وہ علامات جو بیان نہیں کی جا سکتیں علامات عمومیہ سے موسوم ہوتی ہیں۔ دوائی کے انتخاب میں علامات عمومیہ چنداں قابل غور نہیں کیونکہ یہ ایسی علامات ہوتی ہیں۔ جو عام طور پر ہر ایک دوائی اور مرض میں یکساں طور پر پائی جاتی ہیں

چند ضروری ہدایات

ناظرین اور طلباء کی سہولت کیلئے اس جگہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا علامات کو حفظ کرنے اور ان سے مستفید ہونے کے لئے چند ہدایات درج کر دیجائیں تاکہ انتخاب دوائی اور باقاعدہ علاج میں ان سے کافی مدد حاصل ہوسکے ؛

سب سے مقدم اور ضروری بات یہ ہے کہ ادویات جو آئیندہ صفحات میں مختلف عنوانوں کے ماتحت لکھی جائیں گی۔ حفظ کر لینی چاہئیں۔ جس وقت یہ بات حاصل ہوجائے تو پھر ان ادویات کے جداگانہ علامات بھی یاد کر لئے جائیں تاکہ ادویات مختلفہ میں تمیز ہوسکے۔ اس تھوڑی سی محنت کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ روزانہ استعمال اور عام امراض کیلئے دوائی کا تجویز کرنا مشکل نہ ہوگا۔ اس کے بعد ادویات کی نسبت علم کو وسیع کرنے کے لیئے مخزن الادویات کے مطالعہ کی ضرورت ہوگی اور اگر ہر روز تھوڑا سا

وقت اس کے مطالعہ میں صرف کر دیا جائے۔ تو اندک مدت میں کافی علم الادویہ حاصل ہو جائیگا۔ باقی کی ادویات کو یاد کرنے کے لئے بھی اسی تدبیر کو عمل میں لانا چاہئے۔ کیونکہ اس سے بہتر اور کوئی طریقہ ادویات کو حفظ کرنے کا نہیں ؎

چنانچہ اس غرض کو مدنظر رکھ کر کتاب ہذا میں چالیس ادویات کے متعلق ایک مختصر مگر نہایت مفید بیان درج ہے۔ جس سے طبابت پیشہ اصحاب بہت کچھ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لیکن اس کے بعد اُن کیلئے لازمی ہے کہ وہ مفصّل مخزن الادویہ کا مطالعہ کریں ؎

ادویات

وہ دوائیں جن کا ہم استحالہ کرنا چاہتے ہیں مفصلہ ذیل ہیں :-

(۱) ایکونائٹ	(۷) بلاڈونا	(۱۴) کالوسنتھ	(۲۱) ہایوسیامس	(۲۸) نائٹرک ایسڈ	(۳۵) سلفر
(۲) آرنیکا	(۸) برائیونیا	(۱۵) ڈیجی ٹیلیس	(۲۲) اگنیشیا	(۲۹) نکسوامیکا	(۳۶) سیپیا
(۳) آرسینیکم	(۹) کلکیریا کارب	(۱۶) ڈروسیرا	(۲۳) اپیکاکواہنا	(۳۰) فاسفورس	(۳۷) سلیشیا
(۴) ایپس	(۱۰) کاربوویج	(۱۷) ڈلکمارا	(۲۴) لیکیسس	(۳۱) فاسفورک ایسڈ	(۳۸) تھوجا
(۵) انٹیم کروڈ	(۱۱) کاسٹیکم	(۱۸) جلسیمیم	(۲۵) لائکوپوڈیم	(۳۲) پوڈوفائلم	(۳۹) ورٹیرم البم
(۶) انٹیم ٹارٹ	(۱۲) چائنا	(۱۹) گریفائٹس	(۲۶) مرکیوریس	(۳۳) پلسٹیلا	(۴۰) زنکم
	(۱۳) کیموملا	(۲۰) ہیپرسلف	(۲۷) نیٹرم میور	(۳۴) رس ٹاکس	

ان ادویات کا استحالہ کرنے کے لئے مفصلہ ذیل ۲۲ عنوان قائم کئے گئے ہیں :-

(۱) تغیر بلحاظ حرارت و برودت (۲) دماغی حالت بلحاظ اضطراب و بےچینی (۳) خوف (۴) ضد و تنک مزاجی (۵) میلان بہ گریہ و رنج تغیر مرض بلحاظ (۶) حرکت (۷) سکون زمانۂ اشتداد مرض (۸) بعد از دوپہر (۹) اشتداد و اختلاط مرض بوجہ دباؤ (۱۰) علامات اکثریہ و مخصوصہ متعلق بہ تشنگی (۱۱) اشتداد مرض بوجہ (۱۲) اکل (۱۳) شرب (۱۴) دردوں کا احساس (۱۵) درد جس میں جلن ہو (۱۶) درد جس میں اسطرح معلوم ہو کہ گویا کوئی چیر رہا ہے (۱۷) سوزش والا درد (۱۸) ٹیس مارنے والا درد (۱۹) درد جس میں کھچاوٹ اور تناؤ ہو (۲۰) درد جس میں اس طرح معلوم ہو کہ عضو ماؤف پھٹ پڑے گا ؎

عنوانات متذکرۃ الصدر کے مطابق اگر ہم کسی دوائی کا انتخاب کریں تو وہ دوائی مریض کے

A - 6
B - 2
C - 6
D - 3
G - 2
H - 2
9 - 2
L - 2
M - 1
N - 3
P - 4
R - 1
S - 3
T - 1
V - 1
Z - 1
40

بالکل حسب حال ہوگی۔ اور اس کے جملہ عوارض کی بیخ کنی کردے گی ۔

برودت و اشتداد مرض بوجہ برودت

پیشتر ازیں کہ ہم ادویات کا مفصل ذکر کریں۔ جو معمولی بالا علامات میں استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ برودت یا حرارت عزیزی کی کمی اور سردی سے اشتداد مرض یا گرمی سے انحطاط مرض میں فرق کر لیا جائے یہ دو علامات بالکل جداگانہ ہیں۔ مثلاً ایک مریض جو گرمی کی خواہش رکھتا ہے۔ اور باوجود حصول حرارت کے بھی گرم نہیں رہ سکتا۔ سرد کہلاتا ہے۔ لیکن اس کی خاص علامات حرارت سے بڑھ جاتے ہیں۔ اور سردی سے کم ہوتے ہیں۔ اس قسم کی مثال **فاسفورس** میں پائی جاتی ہے جس میں مریض نہایت سرد معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس کی علامات معدہ سرد اشیاء کے استعمال سے کم ہوتی ہیں۔ اس قسم کا مریض دوران مرض میں سرد چیزوں کی خواہش رکھتا ہے لیکن جونہی وہ سرد شے معدہ میں حرارت معدہ کے باعث گرم ہوتی ہے۔ فوراً بذریعہ قے نکل جاتی ہے اسکی علامات سر بھی سرد چیزوں کے استعمال سے کم ہوتے معلوم ہوتے ہیں۔ برعکس اس کے **لائکوپوڈیم** ایک گرم دوا ہے۔ اور ہرگز حرارت برداشت نہیں کرسکتی لیکن علامات معدہ گرم چیزوں کے کھانے پینے سے کم ہوتے ہیں۔ **ارسینک** نہایت سرد دوا ہے۔ تاہم اس کی جملہ علامات سردی سے بڑھ جاتے ہیں ۔

مفصلہ ذیل ادویہ عنوان بالا کے ماتحت مستعمل ہیں :۔

اکونائیٹ۔ آرسنک۔ بلاڈونا۔ برائیونیا۔ کلکیریا کارب۔ چائنا۔ کاربوویج۔ کاسٹکم۔ کالوسنتھ۔ ڈلکمارا۔ گریفائٹس۔ ہیپر سلفر۔ اپیکاکوانا۔ اگنیشیا۔ لیکیسس۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نکس وامیکا۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ۔ فاسفورس۔ فاسفورک ایسڈ۔ رس ٹاکس۔ سیپیا۔ سلفر۔ سلیشیا ۔

اب ہم ان ادویہ کو یکے بعد دیگرے بلحاظ ان کے خاص علامات بیان کرتے ہیں :۔

آرسنک۔ جبکہ مریض سرد ہو۔ اور اس کے جملہ علامات سردی سے بڑھ جائیں۔ سوائے سر درد کے جو سردی سے کم ہوتا ہے ۔

کلکیریا کارب۔ مریض سردی کا احساس کرتا ہے۔ لیکن کھلی ہوا میں جانے سے متنفر ہوتا ہے۔ مرطوب ہوا بھی بُری محسوس ہوتی ہے اور درد خفیف کے جھونکے سے بھی شدت اختیار کر لیتے ہیں ۔

چائنا۔ جب بیرونی طور پر اور اندرونی اعضاء میں سردی کا احساس ہو ۔

کاسٹیکم۔ ایسی سردی جو حرارت سے رفع نہ ہو۔ کھانسی۔ اسہال اور وجع مفاصل سردی سے

اشتداد پر ہوں۔ اور سردی رعشے کا باعث ہو ؛

ڈلکمارا۔ جملہ شکایات سردی۔ مرطوب ہوا یا مرطوب جگہوں کی رہائش سے پیدا ہوں۔ زکام۔ کھانسی اور سطحی دردسری سے زیادہ ہوتے جائیں ؛

گریفائٹس۔ مریض کو سخت سردی ہوتی ہو۔ زکام۔ نزلہ۔ ہڈیوں کا درد اور علامات معدہ میں سردی سے اضافہ ہو۔ لیکن جلدی علامات حرارت سے کم ہو جائیں ؛

ہیپر سلفر۔ مریض کو سردی خوب لگتی ہے۔ اور ہلکا سا جھونکا بھی نہایت تیزی سے محسوس ہوتا ہے۔ سرد ہوا یا سرد اشیاء پینے سے علامات بڑھ جاتی ہیں۔ اور اگر کوئی حصۂ جسم سرد ہو جائے تو تکلیفات میں اضافہ ہو جاتا ہے ؛

لائکوپوڈیم۔ اگرچہ یہ دوا گرم ہے لیکن علامات مخصوصہ مثلاً سر درد۔ کھانسی اور تکلیفات معدہ و گلو سردی سے بڑھ جاتے ہیں ؛

نائٹرک ایسڈ۔ مریض برف کی مانند سرد ہو۔ اور ذرا سی ہوا لگنے سے بھی اشتدادِ علامات ہو جاتا ہے۔ پاؤں کے تلوے سرد۔ نزلہ و زکام سردی سے زیادہ تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ البتہ کھانسی کو آرام ہوتا ہے ؛

نکس وامیکا۔ تمام جسم میں سردی کا لگنا۔ کھلی ہوا میں سردی کا محسوس ہونا۔ لحاف پر لحاف اوڑھنا اور کپڑا جسم سے دُور نہ کرنا۔ کھانسی اور سر درد کا سردی سے زیادہ ہونا ؛

فاسفورس۔ نہایت سرد ہے۔ خارجی طور پر سردی کا دماغ۔ معدہ۔ ہاتھ اور پاؤں میں محسوس ہونا وجع مفاصل۔ اعصابی درد۔ کھانسی اور اسہال سردی سے زیادہ ہو جاتے ہیں۔ اور علامات معدہ اور سر سردی سے کم ہوتے ہیں ؛

فاسفورک ایسڈ۔ ہوا کے جھونکے محسوس ہوتے ہیں اور پیٹ اور چہرے کی ایک طرف ٹھنڈی ہوتی ہے ؛

رسٹاکس۔ اندرونی طور پر سردی کا ہونا۔ تری۔ کھلی ہوا کے جھونکے۔ ٹھنڈی اشیاء پینے اور سرد ہوا سے علامات تیز ہو جاتی ہیں ؛

سلیشیا۔ عام طور پر سردی کا لگنا۔ ہمیشہ سردی کا احساس۔ موسم سرما۔ ٹھنڈی اشیاء اور سردی سے جملہ علامات کا بڑھ جانا ؛

اگر مفصلہ بالا ادویہ مریض کے مطابق نہ ٹھہریں۔ تو مفصلہ ذیل ادویہ پر غور کر لینا علاج کے لیئے ازبس مفید ہے ؛–

ایکونائٹ۔ سردی سے تمام علامات زیادہ ہوتے ہیں، تکلیفات بوجہ سواری۔ سردی سے زکام دانت کا درد۔ خناق حلق۔ صرفہ۔ وجع مفاصل اور آشوب چشم یعنی رمد کا بڑھ جانا ۔

بلاڈونا۔ گرم جگہ سے سرد جگہ پر جانا۔ سرد ہوا اور جھونکے تکلیفات میں اضافہ کرتے ہیں ۔

برائیونیا۔ سردی۔ موسم گرما میں سرد اشیاء کے پینے سے جو شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ ان کے لئے مفید ہے ۔

کاربوو ج۔ سردی سے اثر پذیر ہو۔ ناک گھٹنے وغیرہ سرد ہوں ۔

کالوسنتھ۔ تمام جسم سرد ہو۔ موسم سرما میں شکایات بڑھ جائیں۔ معدہ۔ زکام۔ ورم معدہ اور وجع مفاصل سردی سے بدتر ہو جائیں چہرے میں پھاڑنے اور ٹھونگ مارنے والا درد محسوس ہو ۔

ایپیکاکواہنا۔ سردی و گرمی کا غیر معمولی احساس۔ سرد اشیاء پینے سے قولنج پیدا ہو۔ اور عموماً شکایات موسم سرما میں ترقی کر جائیں ۔

اگنیشیا۔ سردی بکثرت ہو۔ ٹھنڈی ہوا یا سرد پانی سے ہاتھ دھونے پر مرض میں ترقی ہو۔ ناک۔ پاؤں اور ٹانگیں گھٹنوں تک سرد ہوں ۔

لیکیسس۔ تمام جسم میں سردی ہو۔ ہاتھ۔ پاؤں اور اوپر کا لب سرد ہو۔ گلو کی شکایات سرد ہوا سے تیز ہوں ۔

مرکیورس۔ سردی ناقابل برداشت ہو۔ احساس بہت زیادہ ہو۔ سردی کانوں۔ ثنین اور ٹانگوں میں محسوس ہو ۔

نیٹرم میور۔ دل کے گرد سخت سردی۔ پاؤں۔ جوڑ۔ پیٹھ اور معدہ میں سردی ہو ۔

سیپیا۔ تمام جسم میں سردی۔ سرد و مرطوب ہوا کا احساس۔ کھانسی۔ دانت کا درد اور وجع مفاصل سردی سے بڑھ جائیں ۔

سلفر۔ سردی سے اور موسم سرما یا برسات یا ہوا میں مرض کا ترقی کرنا۔ اسہال اور امراض گلو کا سردی سے زیادتی اختیار کرنا ۔

حرارت و اشتداد مرض بوجہ حرارت

مفصلہ ذیل ادویہ اس عنوان کے تحت میں عام طور پر مستعمل ہوتی ہیں:۔

ایپس۔ انٹم ٹارٹ۔ برایونیا۔ ڈلکمارا۔ ڈروسرا۔ گریفائٹس۔ ایپکاکوانہا۔ لیکیسس۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ سیکیل۔ سلفر۔ سیپیا۔ ورٹرم۔ زنک

ایپس۔ عام طور پر گرمی کا احساس اور گرم کمرے میں صعود علامات۔ باوجود گرمی پہنچانے کے سردی کا احساس اور سردرد کا بالخصوص گرمی سے اشتداد پانا۔

پلسٹلا۔ اندرونی طور پر گرمی۔ گرم کمرے۔ گرم خوراک اور انگیٹھی کی گرمی سے علامات کا بڑھنا۔ عام طور پر تمام علامات گرمی سے زیادہ ہو جاتے ہیں۔

سیکیل۔ گرمی ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ مریض جسم سے کپڑا دور کرنا چاہتا ہے۔ گرمی سے طبیعت متنفر ہوتی ہے۔ اندرونی درد گرمی سے شدت پکڑتے ہیں۔ گرم اشیاء کے کھانے سے سردی معدہ میں زیادہ ہوتی ہے۔

انٹم ٹارٹ۔ سر میں بوجہ گرمی تکلیف ہوتی ہے۔ گرم اشیاء کے پینے سے کھانسی میں ترقی۔ گرمی بستر سے علامات میں زیادتی۔ گرمی سے غنودگی۔

برایونیا۔ کھانسی۔ گرم ہوا اور گرم کمرے سے زیادہ ہوتی ہے۔ سر، چہرہ اور سردی گرمی پہنچانے سے زیادہ سرد محسوس ہوتے ہیں۔

ڈلکمارا۔ گرمی سے پتی اچھلنا۔ کھانسی اور چھینکوں میں ترقی ہوتی ہے۔

گریفائٹس۔ رات اور شام کے وقت خشک گرمی سے مرض میں ترقی۔ انگیٹھی کی گرمی سے خارش میں زیادتی۔ دانت کا درد گرمی سے زیادہ ہوتا ہے۔

ایپکاکوانہا۔ گرمی پہنچانے سے سردی میں زیادتی۔ گرمی اور مرطوب ہوا سے تکلیفات کا بڑھنا۔

لیکیسس۔ موسم بہار میں اگر گرمی زیادہ ہو جائے۔ تو مرض میں ترقی ہو جاتی ہے۔ بستر کی گرمی بھی علامات پیدا کرتی ہے۔ اور اسہال میں ترقی ہوتی ہے۔

مرکیورس۔ بستر کی گرمی سے خارجی دردوں میں ترقی۔ گرمی کیلئے ذکی الحس۔ سردرد۔ ورم الاذن دکن پیڑا درد دنداں۔ وجع المفاصل اور خارش کا بوجہ گرمی بڑھ جانا۔

نیٹرم میور۔ سورج کی گرمی اور موسم گرما میں مرض مائل بہ ترقی ہوتا ہے کھانسی اور سردرد بڑھ جاتے ہیں۔ گرم خوراک کھانے سے درد دنداں میں ترقی ہوتی ہے۔

فاسفورس۔ اگرچہ مریض بظاہر سرد ہوتا ہے۔ لیکن انگیٹھی کے نزدیک وہ ہرگز گرمی برداشت نہیں کر سکتا گرم پانی پینے سے درد دنداں میں زیادتی۔ گرم خوراک سے اسہال کا لاحق ہونا۔ گرم اشیاء پینے سے کھانسی کا بڑھنا

علاماتِ معدہ بوجہ گرمی زیادہ شدید ہو جاتے ہیں۔ ہاتھ، چہرہ اور بازو گرمی سے سرخ ہو جاتے ہیں۔ اور خارش بڑھ جاتی ہے ؛

سیپیا۔ گرم کپڑے۔ گرم آب و ہوا یا کپڑا اوڑھنے سے تمام علامات میں زیادتی۔ رمد اور سردرد گرمی سے زیادہ ہوتے ہیں۔ گرمی سے تنفس میں تنگی ؛

ویریٹرم۔ گرم کمرے میں کھانسی زیادہ۔ وجع اعصابی گرمی بستر سے زیادہ گرم موسم میں اسہال کی زیادتی ؛

زنکم۔ ورزش کے بعد سرد ہو جانے پر علامات کا زیادہ ہو جانا گرم کمرے میں سردرد کا بڑھنا ؛

بے چینی و اضطراب

مفصلہ ذیل ۳۲۔ ادویہ دماغی و جسمانی بے چینی کیلئے استعمال کی جاتی ہیں :-

اکونائٹ۔ آرسنک۔ ایپس۔ اینٹم ٹارٹ۔ بیلاڈونا۔ چائنا۔ ککولس۔ کیکٹس۔ کیلنڈولا۔ کاسٹیکم۔ کیموملا۔ کالوسنتھ۔ ڈلکمارا۔ ڈیجی ٹیلس۔ ہایوسائمس۔ اپیکاکوانہا۔ اگنیشیا۔ لائکوپوڈیم۔ لیکیسس۔ مرکیوریس۔ نکس وامیکا۔ ویریٹرم۔ میورے ناٹرک ایسڈ۔ فاسفورک ایسڈ۔ پلسٹیلا۔ رس ٹاکس۔ سلفر۔ سیکیل۔ سیپیا۔ سلیشیا۔ سٹافی سیگریا۔ تھوجا۔ ویریٹرم۔

اکونائٹ۔ متواتر کروٹ بدلنا۔ رات کے وقت بے صبر و فکر مند، حرکت کرتا۔ اگرچہ یہ حرکت درد میں کوئی کمی نہیں لاتی۔ ہر ایک کام میں تعجیل ؛

آرسنک۔ دماغی و جسمانی بے چینی۔ امراض مزمنہ۔ سخت نقاہت کی حالت میں ؛

بلاڈونا۔ قولنج۔ امراض قلبی میں بارہا۔ کاٹنا اور بستر سے اٹھ کر بھاگنے کی کوشش کرنا ؛

کلکیریا کارب۔ دماغی بے چینی و اضطراب۔ بچہ ضدی۔ چڑچڑا اور بے چین ؛

ڈیجی ٹیلس۔ جبکہ بے چینی بوجہ انتہائی اعصابی کمزوری کے ساتھ ہو ؛

ہایوسائمس۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛

لائکوپوڈیم۔ اگر بے چینی درد کے زیادہ احساس کے باعث ہو۔ دورانِ قولنج میں بے چینی ؛

مرکیوریس۔ دماغی اضطراب۔ فکر مندی سے فرار ہونے کی خواہش۔ ہر کام میں جلدی۔ متواتر جگہوں کا بدلنا۔ بے آرامی۔ شام (۸ بجے) سے صبح تک بے چینی ؛

پلسٹلا۔ دماغی بے چینی اور میلانِ طبیعت پر تغیر۔ رات کو مجبوراً اُٹھنا۔ مریض آرام نہیں کرسکتا اگرچہ حرکت باعثِ نقصان ہوتی ہے ؛

رسٹاکس۔ بےچینی و اضطراب۔ بار بار پہلو بدلنا بلکہ ایک بستر سے دوسرے بستر پر جانا ؛

سلفر۔ پاؤں کا متواتر ہلانا۔ نظامِ اعصابی کی برہمی اور بے آرامی ؛

سیلپیا۔ تمام اعضاء میں دھڑکن کے باعث بے چینی ؛

سلیشیا۔ چلبلا۔ خفیف شور سے بھی چونک پڑنا۔ اندرونی بے چینی و برہمی۔ دیر تک بیٹھے رہنے کی وجہ سے جسمانی بے چینی ؛

سٹافی سیگریا۔ بےچینی جس میں حرکت کی خواہش نہ ہو۔ حرکت باعثِ نقصان ؛

زنکم۔ پاؤں میں چلبلاپن۔ متواتر انہیں حرکت دیتے رہنا ؛

ذیل کی ادویہ میں بے چینی دوسرے درجہ پر موجود ہوتی ہے :۔

ایپس۔ مریض نہایت مشغول نظر آتا ہے کوئی کام بھی درستگی سے انجام نہیں پاتا۔ عام طور پر اپنا کام بدلتا رہتا ہے۔ جسمانی اور دماغی بے آرامی ؛

انٹیم ٹارٹ۔ اضطراب۔ اِدھر اُدھر ہونا۔ بازوؤں کا پھینکنا ؛

کاربوویج۔ رات کو بےچینی۔ شام کو ۴ بجے سے ۷ بجے تک دماغی بےچینی ؛

کاسٹکم۔ جسمانی بےچینی جو شام کو زیادہ ہو۔ بھاگنے کی خواہش۔ چلنے پر مجبور ہونا ؛

کالوسنتھ۔ بےچینی معہ اسہال۔ اگرچہ مریض کمزور ہوتا ہے۔ تاہم حرکت پر مجبور۔ کسی پہلو چین نہیں پڑتا سردرد کے باعث ٹہلنے پر مجبور ہوتا ہے ؛

ڈلکمارا۔ بے چینی۔ بے صبری۔ عام بے آرامی ؛

ایرکاک۔ دورانِ بخار میں بے چینی ؛

لیکیس۔ ہردم کروٹ بدلنا۔ پشت اور اعضاء میں درد ؛

نیٹرم میور۔ سردی سے بےچینی۔ اعضاء کو متواتر متحرک رکھنا ؛

فاسفورک ایسڈ۔ سینہ کی تنگی کو ٹہلنے سے آرام ہو۔ ہڈیاں۔ رانوں۔ کمر اور کمر کے جوڑوں میں درد ؛

تھوجا۔ رات کے وقت اضطراب کے باعث ڈانواں ڈول۔ دماغی بے چینی ؛

وریٹرم۔ حرکت دماغی۔ دماغی بےچینی۔ عورتیں خود کپڑے پہن نہیں سکتیں۔ دائمی طور پر جھٹکے محسوس کرنا اور بے وقوفانہ حرکات کا مرتکب ہونا ؛

غُصّہ وری

۳۴ ادویہ ضدی و غُصّہ ور طبائع کیلئے مستعمل ہوتی ہیں:-

ایکونائٹ ۔ آرنیکا ۔ آرسنک ۔ ایپس ۔ انٹیم ٹارٹ ۔ بلاڈونا ۔ برائیونیا ۔ کیمو ملا ۔ کلکیریا کارب ۔ چائنا ۔ کاربو وج ۔ کاسٹکم ۔ کالوسنتھ ۔ ڈلکمارا ۔ ڈیجی ٹیلیس ۔ جلسیمم ۔ ہیپر سلفر ۔ لیکیسس ۔ لائکوپوڈیم ۔ مرکیورس ۔ نکسوامیکا ۔ نیٹرم میور ۔ نائیٹرک ایسڈ ۔ فاسفورس ۔ فاسفورک ایسڈ ۔ پلسٹلا ۔ رس ٹاکس ۔ سلفر ۔ سیپیا ۔ سلیشیا ۔ سٹافی سگریا ۔ تھوجا ۔ ورٹرم ۔ زنکم ۔

ایکونائٹ ۔ درد نا قابلِ برداشت ۔ یہاں تک کہ مریض بوجہ شدت مرض مجنونانہ حرکات کرے ۔ تمام امراض جو غُصّہ کے باعث ہوں ۔

ایپس ۔ مریض نازک مزاج ۔ اور خوش نہ ہونے والا ۔ تنگ مزاج ۔ امراض کا باعث غضب و تنگیٔ طبیعت ۔

بلاڈونا ۔ لڑاکا ۔ نہایت جوشیلا ۔ چیخنا ۔ مارنا ۔ اور کاٹنا ۔

برائیونیا ۔ گریہ ۔ غُصّہ ۔ چڑچڑا اور علیحدگی کی خواہش ۔

کیمو ملا ۔ ہمیشہ آشفتہ مزاج ۔ چڑچڑا ۔ لڑاکا اور غصہ ور ۔

کلکیریا کارب ۔ دن کو طبیعت چڑچڑی ۔ ضدی ۔ کینہ ور ۔ غصیلا ۔

کاربو وج ۔ جوشیلا اور چڑچڑا ۔ غُصّہ میں مارنا اور کاٹنا ۔

کاسٹکم ۔ چڑچڑا ۔ لڑاکا ۔ بے چین اور طبیعت نہایت بُری ۔

ہیپر سلفر ۔ خفیف بات پر خفا ہونا ۔ ضدی ۔ انتہائی طاقت کا استعمال ۔ قتل و حسد ۔ آگ لگانے پر مائل ۔ خدمات سے چڑچڑاپن ۔

لائکوپوڈیم ۔ بیداری پر طبیعت نہایت چڑچڑی ۔ خفیف مخالفت بھی ناقابلِ برداشت ۔ ضدی ۔ وارفتہ مزاج ۔ بے پرواہ ۔ پیش از جریان حیض مغموم ۔

نکس وامیکا ۔ مایوس ۔ لڑاکا ۔ ذکی الحس ۔ مائل بملامت ۔ بد طبیعت ۔ شکایات معدہ بوجہ غُصّہ ۔ ڈرپوک ۔

نیٹرم میور ۔ صبح کے وقت طبیعت کی خرابی ۔ نہایت غصہ ور ۔ گفتگو میں ضدی ۔ خفیف باتوں میں جذبات کا بھڑکنا ۔ غصہ کے بد اثرات یا غم خوری سے شکایات کا پیدا ہونا ۔ اظہار ہمدردی کرنے پر خفا ہونا ۔

نائٹرک ایسڈ۔ سرکش۔ لڑنے میں کپکپی۔ غصہ کے دوران میں لعنت ملامت کرنا خفیف باتوں سے نہایت دق ہونا۔ اُداس اور ضدی ؛
فاسفورس۔ جوشیلا اور غصہ ور جسمانی اور دماغی طور پر چڑچڑا۔ ناخوشگوار اثرات سے مرعوب ہوتا ؛
پلسٹلا۔ ہر شے سے بیزار۔ خاموش۔ جلدی غصّہ کا آنا ؛
رسٹاکس بے صبر۔ ہر بات میں دق ہونا۔ مایوس۔ بیزاری طبیعت ؛
سیپیا۔ دق ہونا اور ملامت کرنا۔ اعصابی چڑچڑاپن۔ کام کے متعلق بے پروائی ؛
سلیشیا۔ سرکش۔ ضدی اور جوشیلا ؛
سلفر۔ ضدی ہر بات سے مایوس۔ جوشیلا ؛
تھوجا۔ خفیف باتوں پر غصہ آنا۔ لڑاکا اور جوشیلا ؛
زنکم۔ شام کے وقت بیزاری۔ جوشیلا۔ ڈرپوک۔ دق ہونے پر چلانا۔ چڑچڑا ؛
مفصلہ ذیل ادویہ کم استعمال ہوتی ہیں :۔
انٹیم ٹارٹ۔ غصہ کے بعد علامات میں شدّت۔ غصّہ میں رونا اور چلّانا ؛
آرنیکا۔ ذکی الحس۔ غصّہ سے شکایات کا بڑھنا ؛
کالوسنتھ۔ غصہ سے اشیاء کا پھینکنا۔ اسہال۔ قے اور انقباض حیض بوجہ غصّہ ؛
ڈلکمارا۔ لڑاکا اور جلدی غصہ کا آنا ؛
ڈیجی ٹیلس۔ شکی اور مغموم ؛
جیلسیمم۔ مغموم اور عزلت گزیں ؛
گریفائٹس۔ چڑچڑا اور ڈھیٹھ ؛
لیکیسس۔ حاسد اور نازک مزاج ؛
سٹافی سیگریا۔ دق ہو کر یا مغموری سے شکایات کا پیدا ہونا۔ بچے کا چیزوں کیلئے چِلّانا۔ اور جب اسے دی جائیں۔ توان کا پھینک دینا ؛
وریٹرم۔ تمام رات چلّانا اور لعنت ملامت کرنا۔ غصہ میں قسموں کا کھانا ؛

خوف

ادویہ :-

ایکونائٹ۔ آرنیکا۔ آرسنک۔ بلاڈونا۔ برائیونیا۔ کلکیریا کارب۔ کاسٹکم۔ کاربو وج۔ ڈیجی ٹیلس جیلسیمم۔ گریفائٹس۔ ہیپر۔ ہایوسیمس۔ اگنیشیا۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نیٹرم میور۔ نکس وامیکا۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ سلفر۔ ویریٹرم

ایکونائٹ۔ امراض بوجہ خوف۔ موت۔ تاریکی۔ بھیڑ۔ بھوت۔ اور گرنے کا ڈر۔

بلاڈونا۔ خوف جو دن کو زیادہ ہو۔ پانی اور بھوت پریت کا خوف۔ خوف سے پوشیدہ ہونا۔

ڈیجی ٹیلس۔ خوف مستقبل۔ خوفِ مرگ ہر دم تکلیف دہ ہوتا ہے۔ قلب کی حرکت بند ہو جانے کا خوف جس سے مریض ٹہلنا شروع کر دیتا ہے۔

گریفائیٹس۔ خوفزدہ۔ صبح کے وقت خوف زیادہ معلوم ہو۔

اگنیشیا۔ چوروں کا خوف و خطر۔ ہر ایک خفیف شے باعثِ خوف ہوتی ہے۔

لائکوپوڈیم۔ بزدل۔ خوفزدہ خفیف شور بھی خوف پیدا کرتا ہے۔

فاسفورس۔ موت کا خوف و خطر۔ خوف و دوران باد و باراں۔ گویا ہر ایک گوشے سے مہیب شکلیں جھانک رہی ہیں۔

مفصلہ ذیل ادویہ بھی مفید ثابت ہوتی ہیں :-

آرنیکا۔ خوف مرگ۔ چھونے اور ٹکرانے کا خوف۔

کاربو وج۔ جلدی خوفزدہ ہو جاتا ہے اور رات کو بھوتوں کا ڈر۔

کاسٹکم۔ ڈرپوک۔ بستر پر تنہا لیٹنے سے خائف۔ مہیب خیالات سے دماغ پراگندہ۔ ہر دم کسی ناخوشگوار واقعہ کی توقع۔ خوفِ مرگ۔

جیلسیمم۔ جرأت کا نہ ہونا۔ خوفِ مرگ۔ خوف کے بد اثرات۔

ہیپر سلفر۔ سوتے وقت انتہائی خوف۔

ہایوسیمس۔ خوف کی وجہ سے سخت شکایات۔ تنہائی۔ چوٹ اور زہر کا خوف۔

مرکیورس۔ ہر دم یہی خوف رہتا ہے کہ وہ (عورت) خودکشی کرے گی۔ خوفِ تنہائی۔ ہوش و حواس کھوئے جانے کا خوف۔

نیٹرم میور۔ اسقاط اور کسی امر کے واقع ہونے کا خوف۔ ہوش وحواس کھونے کا خوف۔ رعشہ بعد از خوف ؛

پلسٹلا۔ اسہال بعد از خوف۔ لوگوں سے خوفزدہ ہونا ؛

سلفر۔ اس بات کا خوف کہ اس کی مالی حالت تباہ نہ ہو جائے ؛

وریٹرم۔ خوف کی وجہ سے دم کا گھٹنا۔ سردی۔ غش۔ پاخانہ کا بے اختیار خارج ہونا۔ خوفِ مرگ۔ آسانی سے خائف ہونا ؛

اشک آلودگی

ادویہ۔

ایکونائٹ۔ ایپس۔ انٹیم ٹارٹ۔ بلاڈونا۔ برایونیا۔ کلکیریا کارب۔ کاربوویج۔ کاسٹیکم۔ ڈیجی ٹیلس۔ گریفائٹس۔ ہیپر۔ اگنیشیا۔ لائکوپوڈیم۔ نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ رسٹاکس۔ سلفر۔ سیپیا۔ وریٹرم

ایپس۔ مایوس اور خوفزدہ

کلکیریا کارب۔ زندگی سے مایوسی اور زود رنج

کاسٹیکم۔ ناامید۔ ہر شے کا تاریک پہلو دیکھے۔ دن کو گریہ میں مشغول۔ بچہ بات بات پر روئے ؛

گریفائٹس۔ مائل بہ گریہ۔ خفیف باتوں پر چیخنا چلانا۔ سرود سن کر رونا ؛

اگنیشیا۔ غم نہانی۔ گریہ و خندہ۔ علیحدہ بیٹھ کر رونا اور معمولی بات پر کڑھتے رہنا ؛

لائکوپوڈیم۔ دن بھر رونا۔ مغموم اور نازک مزاج ؛

نیٹرم میور۔ بلا سبب اداسی اور گریہ۔ گفتگو میں گریہ۔ ہمیشہ مستقبل کا دھیان ؛

پلسٹلا۔ اداسی یا خوشی سے چیخنا۔ علامات مرض بیان کرتے وقت رونا۔ دق اور عاجز ہو کر گریہ کرنا ؛

رسٹاکس۔ گریہ مع کمزوری۔ شام کو زیادتی۔ تنہائی کی خواہش۔ بلا وجہ رونا ؛

سیپیا۔ بے اختیار رونا۔ زیادہ اداسی اور عموماً رونا۔ کھلی ہوا میں پھرنے سے زیادتی ؛

سلفر۔ تسلی و ہمدردی سے گریہ۔ بیماری سے مرعوب ہو کر دن کو رونا ؛

ورٹیرم۔ خیالی مصائب پر چیخنا۔ چلانا اور رونا ٭
یہ ادویات کم مستعمل ہیں :۔
اکونائیٹ۔ اُداسی اور خوشی یکے بعد دیگرے ٭
انٹیم۔ غصہ سے گریہ۔ چھونے سے۔ دورانِ کھانسی میں ٭
بلاڈونا۔ نااُمید اور دق ہو کر چلانا ٭
کاربوویج۔ اس خیال سے متاثر ہو کر کہ اس سے کوئی گناہ سرزد ہوا ہے رونا ٭
ڈیجی ٹیلس۔ آہیں بھرنا اور رونا۔ مغموم طبیعت۔ گانا سن کر زیادتی علامات ٭
ہیپر سلفر۔ مغموم۔ اُداس اور گھڑیوں رونا ٭
فاسفورس۔ ہنسی و گریہ یکے بعد دیگرے۔ مائل بگریہ ٭

اشتداد مرض بوجہ سکون

لیٹنے سے صعود مرض میں مفصلہ ذیل ادویات مستعمل ہوتی ہیں :۔
اکونائٹ۔ آرسنک۔ ایپس۔ انٹیم ٹارٹ۔ بلاڈونا۔ کیمو ملا۔ ڈلکمارا۔ ڈروسیرا۔ ہایو سائمس۔ لیکیسس۔ لائکو پوڈیم۔ نکس وامیکا۔ فاسفورس۔ فاسفورک ایسڈ۔ پلسٹلا۔ سٹاکس۔ سیپیا

آرسنک۔ لیٹنے پر مجبور ہو۔ لیکن درد میں ترقی ہو تنفس میں ضیق ٭
ایپس۔ بائیں کروٹ لیٹنے سے زیادتی۔ خصوصاً علامات صدری میں تنفس اور کھانسی ٭
کیمو ملا۔ آنکھوں کے سامنے روشنی کا تھرتھرانا۔ متلی۔ چکر۔ اعصابی اور اُن کا درد چت لیٹنے سے زیادتی۔ کسی چیز کے نگلنے میں تکلیف ٭
ڈلکمارا۔ سردرد۔ کھانسی اور وجع مفاصل میں لیٹنے سے زیادتی ٭
ہایوسیمس۔ چت لیٹے۔ لیکن کھانسی میں اضافہ ہو ٭
ڈروسیرا۔ بستر پر لیٹنے سے علامات میں ترقی۔ ماؤف پہلو پر نہ لیٹ سکے۔ کھانسی تیز ہو ٭
لائکو پوڈیم۔ بائیں پہلو پر لیٹنے سے کھانسی زیادہ ہو۔ دائیں پر کمی ہو۔ چت لیٹنے سے تنفس میں زیادتی۔ کھانسی اور علامات معدہ دائیں کروٹ لیٹنے پر زیادہ ہوں ٭

فاسفورس۔ چت لیٹنے سے نمونیا کو آرام ہو۔ دائیں کروٹ لیٹنے سے اسہال۔ اور علامات صدری بعد از نمونیا آرام پائیں۔ بائیں کروٹ لیٹنے سے دل۔ کھانسی۔ وجع مفاصل اور اسہال میں زیادتی ؎

پلسٹلا دوران درد میں چت لیٹنے سے زیادتی۔ بائیں پہلو یا اُس کروٹ جسمیں درد وغیرہ نہ ہو لیٹنے سے علامات بڑھ جائیں اور خواہش پیشاب۔ چت لیٹنے سے جلد جلد محسوس ہو ؎

رس ٹاکس۔ لیٹنے سے کھانسی۔ وجع المفاصل اور رعشہ میں ترقی ؎

مفصلہ ذیل ادویہ بھی قابل غور ہیں :۔

ایکونائٹ۔ بخار میں لیٹنا ناقابل برداشت۔ اختلاج میں زیادتی۔ دائیں پہلو لیٹنے پر کھانسی اور صدری علامات میں اضافہ۔ رخساروں پر پسینہ ؎

انٹیم ٹارٹ۔ ماؤف پہلو پر لیٹنے سے زیادتی۔ درد گوش۔ سوائے دائیں کروٹ کے ہر طرح لیٹنا باعث قے ہو ؎

بلاڈونا۔ دائیں جانب لیٹنے پر سر درد اور کھانسی کا بڑھنا۔ درد جگر کی زیادتی ؎

لیکیسس پھیپھڑوں۔ بائیں بازو۔ کمر۔ ریڑھ کی ہڈی اور ضیق کا لیٹنے سے بڑھنا۔ لیٹے ہوئے بے اختیاری سے پیشاب کا نکلجانا ؎

نکس وامیکا۔ کھانسی اور درد سینہ چت لیٹنے سے زیادہ ہوں۔ دائیں پہلو نہ لیٹ سکے۔ دمہ۔ سر اور چھینکیں لیٹنے سے زیادہ ہوں ؎

فاسفورک ایسڈ۔ جگر اور سینہ میں کھڑکھڑاہٹ بستر میں لیٹنے سے زیادہ ہوں ؎

سیپیا۔ چت لیٹنے سے سر درد۔ بائیں کروٹ لیٹنے سے کھانسی میں ترقی ؎

اشتداد مرض بوجہ حرکت

مفصلہ ذیل ادویہ اس وقت تجویز کی جاتی ہیں۔ جبکہ علامات مرض حرکت کرنے سے بڑھ جائیں :۔

آرنیکا۔ آرسنک۔ ایپس۔ بلاڈونا۔ برائیونیا۔ کاربوو ج۔ کالوسنتھ۔ ڈیجی ٹلیس۔ جلسیمیم۔ ہیپر سلفر۔ اپیکاکوانہا۔ لیکیسس۔ مرکیورس۔ نائیٹرک ایسڈ۔ نکس وامیکا۔ فاسفورس۔

سلفر۔ سلیشیا۔ وریٹرام۔ زنکم۔

بلاڈونا۔ خفیف جھٹکے سے علامات کا بڑھنا۔ حرکت سے تنفر درد قولنج جو پیچھے جھکنے سے زیادہ ہو۔ اُٹھتے ہوئے پاؤں کا لڑکھڑانا۔ سردرد۔ جگر۔ درد چہرہ۔ اسہال۔ کھانسی کا حرکت سے بڑھنا۔ مریض آگے کی طرف جھک نہیں سکتا۔

برایونیا۔ خفیف حرکت پر بھی تمام علامات کا بڑھنا۔ چڑھنا۔ اُٹھنا۔ جھکنا اور لڑکھڑانا حالتِ مرض میں زیادتی پیدا کرتا ہے۔

کالوسنتھ۔ سرچرانا۔ آگے کی طرف جھکنا اور ٹہلنا باعثِ تکلیف ہوتا ہے۔ وجع مفاصل۔ پیٹ کا درد اور درد چشم حرکت سے زیادہ ہوتے ہیں۔

مرکیورس۔ حرام مغز میں درد۔ جوڑوں اور گھٹنے کا درد۔ اختلاج۔ سینہ اور پھوڑے میں حرکت سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔

نکس وامیکا۔ زینہ پر چڑھتے ہوئے کھانسی میں زیادتی۔ اُٹھتے ہوئے جگر اور دائیں گردے کا درد بڑھ جاتا ہے۔ بستر میں کروٹیں بدلنے اور ٹہلنے سے دماغی اور پیٹ کی علامات میں ترقی چلتے ہوئے لڑکھڑانا۔

سلفر۔ سردرد۔ کانوں میں شور۔ رانوں میں سوزش حرکت سے زیادہ ہوتی ہے۔ چلنے میں عرق النساء۔ ٹانگوں کے علامات اور ان کی جلن میں اضافہ ہوتا ہے۔ جھکنے پر سر کی علامات بڑھ جاتی ہیں۔ اُٹھنے اور بلندی پر جاتے ہوئے علامات میں ترقی۔

سلیشیا۔ خفیف حرکت سے تمام علامات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ آگے کی طرف جھکنا۔ بلندی پر جانا اور ٹہلنا علامات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

مفصلہ ذیل ادویہ کی علامات مخصوصہ حرکت سے ترقی پاتی ہیں:۔

ایپس۔ سردرد۔ سردی۔ اینٹھن اور وجع مفاصل حرکت سے زیادہ تیز ہوتے ہیں۔ آگے جھکنا ٹہلنا اور ہاتھوں کی خفیف حرکت زیادتی پیدا کرتی ہیں۔

آرسنک۔ سردرد۔ درد زخم تنفس کی تنگی حرکت سے زیادہ۔ بستر میں سر اُٹھانے سے سردرد میں تیزی ٹہلنا اور بلندی پر چڑھنا علامت میں شدت لاتے ہیں۔

آرنیکا۔ سردرد۔ سردی۔ سینہ۔ پیٹ۔ اینٹھن اور سوزش حرکت سے زیادہ ہوتے ہیں۔

کاربو وج۔ خفیف حرکت سے تنفس مشکل سے آتا ہے۔ بستر میں کروٹ بدلنے اور چلنے سے

علامات میں ترقی ٭

ڈیجی ٹیلس۔ حرکت وجع القلب پیدا کرتی ہے۔ بول وبراز کی خواہش۔ چلتے ہوئے دم اور ضیق۔ اختلاج اور تشنج سینہ۔ بازو اُوپر اُٹھانے سے کھانسی میں زیادتی ٭

جیلسیمم۔ اس بات کا خوف کہ تاوقتیکہ متواتر حرکت نہ کی جائے۔ دِل کی حرکت بند ہو جائے گی۔ سردرد۔ پوٹے اور ٹانگوں میں تشنج حرکت سے ترقی کر جائیں ٭

ہیپر سلفر۔ زینہ چڑھنے اور اُترنے میں کمر اور ٹانگوں میں درد۔ آگے جھکنے یا سر پھرانے سے سردرد میں تکلیف ٭

اپیکاکواہنا۔ خفیف حرکت سے متلی۔ امعاء میں سخت درد۔ پسینہ۔ شانہ کی ہڈیوں کے درمیان کھچاوٹ ٭

لیکیسس۔ حرکت سے تنفر۔ چلنے سے ضیق اور دوران سر میں ترقی۔ حرکت سردرد علامات سینہ اور تنگی تنفس زائد ہوتے ہیں ٭

نائیٹرک ایسڈ۔ مقعد میں سوزش۔ چکر۔ اندام نہانی میں چبھن اور ناگہانی دم کا رُکنا حرکت سے زائد ہوتا ہے۔ اختلاج اور دم کا رُکنا۔ سردرد۔ پیٹ درد اور سردی حرکت سے زیادہ محسوس ہو۔

فاسفورس حرکت سے مفصلہ ذیل علامات میں زیادتی :-

سردرد۔ دم کا رُکنا۔ پیٹ کی کمزوری، ناتوانی۔ اٹری میں درد اور چلتے ہوئے پاؤں کا لڑکھڑانا۔ چکر۔ وجع القلب اختلاج۔ کھانسی۔ اور پاخانہ کا بے اختیار خارج ہونا ٭

ورٹیٹرم البم۔ متلی اور قے کا خفیف حرکت سے زائد ہونا۔ اُٹھنے سے کھانسی کا بڑھنا۔ سردرد پیٹ کا درد۔ کمزوری اور دم کا رُکنا۔ حرکت سے بڑھ جاتے ہیں ٭

زنکم۔ خفیف حرکت کمر سے لے کر پنڈلیوں اور پاؤں تک درد پیدا کرتی ہے۔ چلنے سے چکر۔ سردرد۔ قولنج۔ سوزش۔ بے اختیاری سے پیشاب کا خارج ہونا۔ درد اٹری اور گھٹنے میں اور دردِ کمر و سینہ کا حرکت سے بڑھنا ٭

صعود مرض بعد از دوپہر

ادویات

ایپیس۔ بلاڈونا۔ برایونیا۔ کالوسنتھ۔ ڈلکمارا۔ ڈیجی ٹیلس۔ اگنیشیا۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ رس ٹاکس۔ سیپیا۔ سلیشیا۔ تھوجا۔ زنکم

بلاڈونا۔ ۳ بجے سہ پہر سے لے کر آدھی رات تک مرض میں اشتداد ہو۔

لائکوپوڈیم۔ ۳ بجے سہ پہر سے لے کر ۸ بجے تک مرض میں اشتداد ہو۔

پلسٹلا۔ ۲ بجے سہ پہر سے ۶ بجے شام تک علامات بڑھیں۔ شام کے وقت تمام علامات بالعموم زیادہ ہو جاتے ہیں۔

رس ٹاکس۔ ۲ بجے بعد از دوپہر بخار میں شدت۔ نوبتی بخار کا دورہ پانچ بجے بعد از دوپہر آتا ہے۔

سیپیا۔ ۳ بجے سہ پہر سے ۸ بجے شام تک علامات بڑھتے ہیں۔ بخار۔ چکر اور درد عموماً بڑھ جاتے ہیں۔

سلیشیا۔ شام کے وقت اور رات کو عموماً صعود مرض ہوتا ہے۔ حرارت اور پیاس ۳ بجے سے ۵ بجے بعد از دوپہر تک نہایت تکلیف دہ ہوتی ہے۔

تھوجا۔ تقریباً ساڑھے پانچ بجے شام کے سردی کا محسوس ہونا۔ اسی وقت انوأمینز کا اسہال ہونا۔ سر کی چوٹی میں بوجھ کی زیادتی۔

زنکم۔ ۴ سے ۸ بجے شام تک سردی کا لگنا۔ ۳ بجے شام سے ۴ بجے تک درد دل۔ غمگینی۔ چکر۔ آنکھوں کی جلن۔ چھینکوں کا آنا۔ تشنگی۔ کمزوری اور خیالات مرگ کا زیادہ ہونا۔ بعد از دوپہر ہلکی ہوا زیادہ محسوس ہونا۔

مفصلہ ذیل ادویات کے خاص علامات بعد از دوپہر زیادہ شدت اختیار کر لیتے ہیں:۔

ایپس۔ ۳ سے ۴ بجے شام تک سردی محسوس ہوتی ہے۔

برایونیا۔ سر درد ۶ بجے سے ۷ بجے تک۔ بار بار پیشاب کا آنا۔ عرق النسا اور دیگر عوارض کا سہ پہر کے وقت زیادہ ہونا۔

کالوسنتھ۔ ۴ بجے شام سے ۹ بجے تک۔ علامات کا بڑھنا۔

ڈیجی ٹیلس۔ ۳ بجے شام سے ۱۰ بجے تک صعود مرض ہوتا ہے۔

اگنیشیا۔ سہ پہر سے شام تک دردوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ۴ بجے درد شدت کے ساتھ ہوتے ہیں۔

مرکیورس۔ ۵ سے ۶ بجے شام تک سردی کا لگنا۔ سہ پہر کے وقت خصیوں میں سردی کا احساس۔

نیٹرم میور۔ سہ پہر میں پاؤں کا سرد ہونا اور حرارت و سردی کا ہونا۔

نائٹرک ایسڈ۔ کھانسی۔ سردی۔ چکر اور نفخ کا بعد از دوپہر بڑھنا۔

فاسفورس۔ ۲ بجے شام سے ۶ بجے شام تک جملہ عوارض میں ترقی ہوتی ہے۔

صعود مرض بعد از نیم شب

ادویات

آرسنک۔ برائیونیا۔ کالکیریا کارب۔ ڈروسرا۔ جلیسیم۔ مرکیورس۔ نکس وامیکا۔ فاسفورس۔ پوڈوفائلم۔ رس ٹاکس۔ سلفر۔ سلیشیا۔ تھوجا

آرسنک۔ ایک سے دو بجے تک عوارض میں اشتداد۔ بےچینی۔ اسہال حرارت۔ برودت۔ اور تشویش کا زیادہ ہونا۔

ڈروسرا۔ متلی کا زیادہ ہونا۔ کھانسی۔ حرارت اور چیرنے والے دردوں کا بڑھنا۔

نکس وامیکا۔ ۳ بجے صبح سے ۴ بجے تک علامات میں زیادتی۔ کھانسی۔ درد گردہ۔ پسینہ کا زیادتی سے ہونا۔

فاسفورس۔ کھانسی۔ زکام اور عرق کا بڑھنا۔

پوڈوفائلم۔ ۳ بجے صبح اسہال کا پیٹ درد سے آنا۔ ۵ بجے صبح سے ۹ بجے تک انتڑیوں میں تشنج۔

رس ٹاکس۔ بعد از نصف شب تمام علامات میں زیادتی بےچینی۔ تشنج اور خارش میں زیادتی۔

سلیشیا۔ بعد از نیم شب علامات کا بڑھنا۔ ایک بجے صبح سے ۷ بجے تک سردی کا محسوس ہونا۔

۲ بجے صبح بیدار ہو جانا۔ ۶ بجے صبح کو پسینے کا آنا۔ ۶ سے ۸ بجے صبح تک اسہال کا جاری ہونا ؀

نکس وامیکا۔ سردی۔ سر درد اور درد مفاصل کا شدت سے ہونا۔ ۲ بجے صبح سے ۴ بجے تک سر کی چوٹی میں دباؤ کا احساس اور سردی کا لگنا ؀

مفصلہ ذیل ادویات میں بعد از نیم شب صعود مرض کم ہوتا ہے :۔

کلکیریا کارب۔ ۲ بجے صبح سے ۳ بجے تک علامات زیادہ ہو جاتے ہیں۔ ۳ بجے کے بعد پسینہ زیادتی سے آتا ہے اور مریض سو نہیں سکتا ؀

جلسیمم۔ خوابوں کا آنا ؀

مرکیورس۔ تشنگی۔ متلی اور پانی کا بکثرت منہ سے خارج ہونا۔ حرارت اور ٹھنڈی چیزوں کے لئے بہت زیادہ خواہش۔ بعد از نیم شب تمام علامات بدتر ہو جائیں ؀

سلفر۔ ۴ بجے صبح سے ۵ بجے تک صعود مرض ہوتا ہے۔ بیداری کے بعد ۴ بجے صبح سے ۷ بجے تک پسینہ کا آنا۔ دو بجے صبح تک کھانسی کا ہونا ؀

صعودِ مرض بعد از خواب

ادویات

ایکونائٹ۔ آرنیکا۔ آرسنک۔ ایپس۔ کاربوویج۔ کاسٹکم۔ ہیپر سلفر۔ لیکیسس۔ لائیکوپوڈیم فاسفورس۔ ایسڈ پلسٹلا۔ رس ٹاکس۔ سلفر

لیکیسس۔ بعد از خواب علامات کا مجموعی طور پر زیادتی پانا۔ اور دوران خواب میں علامات کا وارد ہونا ؀

سلفر۔ بعد از خواب چونک پڑنا اور چیخنا۔ خوفزدہ بیدار ہونا بعد از خواب اسہال کا جاری ہونا ؀

مفصلہ ذیل ادویات میں بعد از خواب صعود مرض کم درجہ کا ہوتا ہے :۔

ایکونائیٹ۔ سونے کے بعد بخار ناقابل برداشت ہوتا ہے بدخوابوں سے چونک پڑنا ؀

آرسنک۔ بعد از خواب تکان محسوس کرنا اور نیند میں چونک پڑنا ؀

کاربوویج۔ بعد از خواب ٹانگوں اور پاؤں کا زیادہ سرد ہونا ؀

کاسٹکم۔ بیداری پر علامات کا بڑھنا۔ بیٹھنے پر مجبور ہونا۔ نیند کے بعد ایڑیوں میں تناؤ اور کھچاوٹ کا رہنا ؛

ہیپر۔ نیند میں ڈرنا اور نیند کے بعد ضیق کا وارد ہونا ؛

لائکوپوڈیم۔ بھوک اور تکان کا محسوس کرنا۔ بیدار ہوکر مارنا اور لڑنا ؛

فاسفورک ایسڈ۔ مایوس خیالات کی کثرت۔ بیداری پر حرارت اور بھوک کا زیادہ ہونا ؛

فاسفورس۔ تشویش اور تکان کا احساس ہوتا ہے ؛

پلسٹلا۔ بدہضمی۔ کاہلی اور تکان بعد از خواب زیادہ ہوتی ہیں ؛

رس ٹاکس۔ کمزوری۔ تشویش۔ بےچینی۔ کپکپی کی ترقی اور ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ مریض ہرگز نہیں سویا ؛

صعود مرض بباعث دباؤ

ادویات

آرنکا۔ ایپس۔ برایونیا۔ کاربوویج۔ ہیپر سلفر لیکیسس۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ نکس وامیکا۔ سلیشیا۔ سٹافی سیگیریا ہے

ایپس۔ مریض خفیف چھونے کو بھی محسوس کرتا ہے اور یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ بستر کی چادر بھی اس کو نہ چھو جائے۔ ہر تن مو میں درد معلوم ہوتا ہے۔ بچے کو اگر چھوا جائے تو وہ اکڑ جاتا ہے ؛

ہیپر سلفر۔ نہایت ذکی الحس ہوتا ہے اور ڈرتا رہتا ہے کہ کوئی چیز اسے نہ چھو جائے سر کی چندیا چشم۔ گردن کی جگہ۔ گردن کے پٹھے اور بیرونی گلے کو اگر چھوا جائے تو تکلیف زیادہ معلوم ہوتی ہے

لیکیسس۔ تھوڑا سا چھونے سے علامات بڑھ جاتی ہیں اور جس جگہ چھوا جائے۔ وہاں نیلے اور سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں۔ گلے کو دبانے سے کھانسی پیدا ہوتی ہے اور پیٹ اور گلے کا چھونا مریض برداشت نہیں کر سکتا ؛

لائکوپوڈیم جسم کے نرم حصے نہیں چھوئے جا سکتے چست لباس یا لباس کا بوجھ ازدیادی علامات کا باعث ہوتا ہے اور مقام جگر میں خصوصاً زیادہ احساس ہوتا ہے ؛

سلیشیا۔ آخری پسلی کے نچلے مقام پر چھوا نہیں جا سکتا۔ تعر معدہ اور چندیا کو دبانے سے مرض کو ترقی ہوتی ہے۔ جس کروٹ مریض سوتا ہے۔ وہ طرف سو جاتی ہے۔ چھونے سے سر۔ درد دندان چشم۔ جگر۔ کہنی اور اندام نہانی کی تکلیفات ترقی کر جاتی ہیں ۞

سٹافی سیگریا۔ چندیا کا سطحی درد۔ رحم اور پھوڑے دبانے سے بدتر ہوتے ہیں ۞

مفصلہ ذیل ادویات کے علامات مخصوصہ دبانے سے ناپید ہو جاتے ہیں اور ان کا شمار دوسرے درجہ پر ہے :۔

ارسنک۔ چندیا۔ معدہ اور پیٹ کے علامات دباؤ سے زیادہ ہوتے ہیں ۞

کاربو و ج۔ چندیا۔ جگر اور سفرہ و آنتوں کا درمیانی حصہ دباؤ سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے

نیٹرم میور۔ کپڑے ناقابل برداشت۔ بال چھونے سے گرنے لگتے ہیں۔ نک۔ جبڑا۔ دانت۔ عرام مغز اور پیٹ کے بالائی حصہ کو دبانے سے علامات کی زیادتی ہوتی ہے ۞

نائٹرک ایسڈ۔ مساسوں کو چھونے سے خون کا جاری ہونا۔ داتوں کا ابھرنا۔ آنکھ کی سوزش۔ دانت۔ پیٹ سفرہ و دُنبل وغیرہ چھونے سے زیادہ تکلیف دہ ہوتے ہیں ۞

نکس وامیکا۔ چُست کپڑے مقام جگر پر زیادہ سوزش پیدا کرتے ہیں۔ ہاتھ سے چھونا تشنج کا باعث ہوتا ہے۔ معدہ۔ جگر۔ چندیا اور پیٹ کے علامات دبانے سے بڑھ جاتے ہیں ۞

انحطاط مرض بوجہ دبانے کے

مفصلہ ذیل دس ادویہ عموماً مفید ثابت ہوتی ہیں :۔

ایپس۔ برایونیا۔ چائنا۔ کالوسنتھ۔ ڈروسرا۔ ڈولکامارا۔ گریفائٹس۔ پلسٹلا۔ رسٹاکس۔ سلیشیا

برایونیا۔ دبانے سے عام طور پر آرام محسوس ہوتا ہے ۞

چائنا۔ چھاتی سے لے کر سرتک درد اور بوجھ۔ آگے جھکنے مقام جگر کا دباؤ کم ہوتا ہے ۞

کالوسنتھ۔ سختی سے دبانے اور مضبوط پکڑنے سے درد کو آرام محسوس ہوتا ہے ۞

ڈروسرا۔ مریض کھانستے اور چھینک مارتے وقت چھاتی کو ہاتھوں سے تھام لیتا ہے۔ چہرہ۔ پیٹ اور چھاتی کا درد دبانے سے کم ہوتا ہے ۞

سلیشیا۔ اگرچہ بہت سے درد دبانے سے زیادہ ہوتے ہیں۔ لیکن سر درد کو دبانے سے یا زور سے

باندھنے سے آرام ہوتا ہے ۔

مفصلہ ذیل ادویہ میں علامات مخصوصہ دبانے سے کم ہوتی ہیں :-

ایلیس۔ دبانے سے سر درد کو آرام ہوتا ہے۔ اگرچہ باقی تمام علامات بدتر ہو جاتی ہیں ۔

ڈلکمارا۔ پشت اور سینہ کے درد کو دبانے سے آرام ہوتا ہے ۔

گریفائٹس۔ درد قولنج کو دباؤ سے آرام ہوتا ہے۔ بمقام جگر اور پیٹ میں تھوڑے سے دباؤ یا چست کپڑے سے زیادہ تکلیف محسوس ہوتی ہے ۔

رسٹاکس۔ عرق النسا کو دبانے اور رگڑنے سے آرام معلوم ہوتا ہے۔ ٹانگوں۔ کمر۔ پشت اور چوٹے کا درد دبانے سے کم ہوتا ہے ۔

تشنگی

ادویات۔ ایکونائٹ۔ آرنیکا۔ ارسنک۔ بلاڈونا۔ برائیونیا۔ کلکیریا کارب۔ کیموملا۔ چائنا۔ ڈیجی ٹیلس۔ ہائپرسس۔ لیکیسس۔ مرکیورس۔ نکس وامیکا۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ۔ فاسفورس۔ پوڈوفائلم۔ رسٹاکس۔ سلفر۔ سیلیشیا۔ ویریٹرم البم

یہ علامات بہت سی ادویات اور امراض میں پائی جاتی ہے۔ اگر پیاس کے لئے کوئی خاص اور معین وجہ نہ ہو تو یہ ایک اہم علامت ہوتی ہے۔ لیکن جب حرارت تیز ہو رہی ہو یا گرمی میں کوئی شخص کام کر رہا ہو۔ یا ذیابیطس کا مریض ہو تو اس شخص کیلئے یہ علامت ایک معمولی بات ہے اور ایسی حالت میں پیاس کا غلبہ علامات میں کوئی غیر معمولی درجہ نہیں رکھتا ۔

ایکونائٹ۔ جلن۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ کڑوی اشیاء کے لئے خواہش ۔

ارسنک۔ ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش۔ گھونٹ گھونٹ کر کے پیئے اور اکثر پیئے۔ سینہ میں تشنگی کا غلبہ۔ کھٹی اشیاء۔ کافی۔ دودھ اور شراب کی خواہش ۔

برائیونیا۔ پیاس کی شدت اور اندرونی طور پر جلن۔ دیر کے بعد زیادہ مقدار میں پانی پیئے۔ گرم اشیاء کے پینے سے آرام ہو ۔

کلکیریا کارب۔ پیاس جو پانی پینے سے کم نہ ہو۔ رات کو تکلیف زیادہ ہو۔ سرد اور کھٹی اشیاء کے پینے کی خواہش ۔

کیمومِلا۔ سرد پانی کی خواہش۔ کافی پینے کے بعد کمزوری کا لاحق ہونا۔ اور جی متلانا۔ دانت کے درد کو گرم پانی سے آرام۔ کھٹی چیزوں کی خواہش

چائنا۔ لرزہ سے اول اور بعد اور دوران پسینہ میں پیاس۔ پانی تھوڑا تھوڑا اور اکثر پیئے ؏

ڈیجی ٹیلس۔ لگاتار پیاس کا احساس۔ لب خشک۔ کڑوی اور کھٹی چیزوں کی خواہش ؏

مرکیورس۔ زبان تر لیکن سرد اشیاء کیلئے شدت کی پیاس ؏

نیٹرم میور۔ پیاس کا لگاتار احساس۔ لیکن پانی پینے کی خواہش نہ ہو۔ شام کو زیادتی علامات۔ کھٹی اور کڑوی اشیاء اور دودھ کی خواہش۔ کافی وغیرہ سے نفرت ؏

فاسفورس۔ نہایت سرد اشیاء پینے کی خواہش اور معدہ میں تاوقتیکہ وہ گرم نہ ہو جائیں تسکین معلوم ہوتی ہے۔ گرم ہوتے ہی وہ شے بذریعہ قے خارج ہو جاتی ہے۔ خوشگوار اشیاء مرغوب خاطر ہوتی ہیں۔ گرم دودھ۔ چائے۔ کافی وغیرہ سے نفرت ہوتی ہے ؏

رسٹاکس۔ رات کو گلا خشک ہونا اور سرد اشیاء کی خواہش ؏

سلفر۔ کثرتِ پیاس و قلتِ غذا۔ شراب کی خواہش ؏

ویریٹرم البم۔ برف کی طرح سرد اشیاء کی خواہش۔ جو اکثر لیکن کم مقدار میں کھائی جاتی ہے ؏

مفصلہ ذیل ادویہ خاص علامات رکھتی ہیں:۔

ارسکا۔ بغیر بخار کے سرد پانی کی خواہش۔ سرکہ جیسی اشیاء پر طبیعت مائل ہوتی ہے ؏

بلاڈونا۔ شدت پیاس لیکن پانی سے دم گھٹتا ہے لیموں یا سکنجبین کی خواہش ؏

ہائیوسیمس۔ پانی سے خوف۔ نہ کم ہونے والی پیاس۔ کوئی چیز نگل نہ سکے ؏

لیکیسس۔ دائمی پیاس لیکن پانی پیتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہے۔ پانی سے بیزاری ؏

نکس وامیکا۔ لرزہ میں پیاس۔ صبح کے وقت شراب و سگرٹ کی خواہش ؏

نائٹرک ایسڈ۔ صبح کے وقت شدت کی پیاس ؏

پوڈوفائلم۔ سرد پانی کی بڑی مقدار کے لئے خواہش۔ کھٹی چیزیں مرغوب ہوتی ہیں ؏

خوراک سے یا بعد از خوراک اشتدادِ مرض

علامات بالا مفصلہ ذیل ادویہ میں پائی جاتی ہیں :-

آرسنک ۔ انٹیم ٹارٹ ۔ بلاڈونا ۔ برائیونیا ۔ کیموملا ۔ کلکیریا کارب ۔ چائنا ۔ سکار بوویج ۔ ٹیلس ۔ کاسٹیکم ۔ کالوسنتھ ۔ گریفائٹس ۔ ہائیوسمیس ۔ لیکیسس ۔ لائکوپوڈیم ۔ نکس وامیکا ۔ نیٹرم میور ۔ نائٹرک ایسڈ ۔ پلسٹلا ۔ پوڈوفائلم ۔ رسٹاکس ۔ سلفر ۔ سیپیا ۔ سلیشیا ۔ تھوجا ۔ زنکم ۔ فاسفورس ۔ فاسفورک ایسڈ

ارسنک ۔ صبح نہار طبیعت بہتر معلوم ہوتی ہے ۔ ذائقہ تلخ ۔ متلی ۔ بعد از خوراک پاخانہ اور لرزہ میں شدّت ۔

برائیونیا ۔ بعد از خوراک بہت سی علامات کا ظاہر ہونا ۔ معدہ میں بعد از خوراک دباؤ اور بوجھ کا معلوم ہونا ۔ مچھلی ۔ سبز ترکاریاں ۔ پنیر وغیرہ کھانے سے اشتداد علامات ۔ کھانے کے بعد کالی کھانسی کا شدّت سے ہونا ۔

کلکیریا کارب ۔ کھانے کے بعد جی متلانا اور معدہ میں دباؤ ۔ دانت کا درد ۔ کھانسی ۔ علامات قلبی ۔ پاخانہ اور لرزہ میں شدّت

کاسٹکم ۔ روٹی ۔ چربیلی غذا اور تازہ گوشت کھانے سے شکایات پیدا ہوتی ہیں ۔

کالوسنتھ ۔ قلیل خوراک سے اسہال کا جاری ہونا ۔ آلو کھانے سے قولنج پیدا ہو ۔ مروڑ اور نفخ بعد از غذا کھانے پینے سے درد میں زیادتی ۔

لیکیسس ۔ چکر ۔ سستی ۔ غنودگی ۔ دم کشی ۔ حرارت کا بڑھنا ۔ معدہ کا دباؤ ۔ اسہال خوراک سے پہلے یا بعد از خوراک زیادہ ہو جاتے ہیں ۔

لائکوپوڈیم ۔ ایک دو لقموں سے طبیعت کا سیر ہو جانا ۔ غنودگی ۔ معدہ اور جگر میں دباؤ ۔ کھانے کے بعد خوراک کا نکل جانا ۔ پیاز ۔ مچھلی وغیرہ کے بد اثرات ۔

نکس وامیکا ۔ کھانے کے بعد غنودگی ۔ کھانے کے بعد کپڑے کے بندوں کا ڈھیلا کرنا ۔ بدہضمی سے خلل دماغ ۔ ذائقہ کھٹا ۔ دباؤ ۔ کھٹی ڈکاروں کا بعد از خوراک وارد ہونا ۔ کھانسی کا بڑھنا ۔

نیٹرم میور ۔ نہار یا خالی پیٹ ہمیشہ طبیعت درست معلوم ہوتی ہے ۔ کھانا کھاتے وقت چہرہ پر عرق ۔ متلی ۔ اختلاج اور صفراء کی زیادتی ۔

فاسفورس ۔ کھانے کی ابتدا سے انتہا تک درد کا لاحق ہونا ۔ سرد خوراک کی خواہش ۔ متلی ۔ بعد از

خوراک معدہ بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے ؛

پلسٹلا۔ مٹھائی۔ مرغن غذا۔ چربی۔ پیاز وغیرہ کھانے سے جو شکایات پیدا ہوں ان کیلئے مفید ہے ؛

سلفر۔ پانی زیادہ پینا۔ خوراک کم۔ تھوڑی سی غذا سے شکایات کا بڑھنا۔ دودھ ہضم نہیں ہوتا ؛

سیپیا۔ کھانا کھاتے ہی دردوں کا بڑھنا۔ روٹی۔ دودھ۔ چربی اور کھٹی چیزوں سے شکایات کا بڑھنا ؛

سلیشیا۔ شام کی غذا کے بعد پاؤں کا برف کی طرح سرد ہونا۔ اور پیٹھ میں سردی کا احساس۔ کھٹے ڈکار۔ معدے کا بھرا ہوا محسوس ہونا۔ کھانے کے بعد ڈکاروں کے ساتھ پانی خارج ہونا ؛

زنکم۔ دودھ اور شراب موافق نہیں ہوتے۔ شکر کھانے کے بعد ڈکاروں کے ساتھ پانی کا نکلنا ؛

مندرجہ ذیل ادویات میں علامت متذکرہ بہ عنوان دوسرے درجہ پر آتی ہے :-

انٹیم ٹارٹ۔ معدہ کے دباؤ کو کھانے سے آرام آتا ہے۔ لیکن کھٹی چیزوں کے کھانے سے دمہ پیدا ہوتا ہے ؛

بلاڈونا۔ کھانیکے بعد معدہ میں بوجھ معلوم ہوتا ہے اور منہ کا ذائقہ بسا ہوا ہوتا ہے ؛

کیمو ملا۔ کھانے کے دوران اور بعد میں عرق اور چہرے پر حرارت کا محسوس ہونا۔ چکر۔ متلی اور بعد از خوراک شکم کا اپھار ؛

چائنا۔ غنودگی۔ بعد از خوراک اضطراب۔ سردرد اور معدے کا بھرا ہوا معلوم ہونا ؛

کاربو ویج۔ درد کے خوف کی وجہ سے کھانے سے انکار۔ بعد از خوراک سردرد۔ معدہ میں صفرا۔ بھاری پن۔ گرم ڈکاریں اور جلن اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ بعد از خوراک پیٹ پھٹ پڑیگا۔ مکھن۔ چربی۔ مچھلی اور مٹھائی ہضم نہیں ہوتی ؛

گریفائٹس۔ شیریں چیزوں سے جی کا متلانا اور ان سے نفرت۔ گرم اشیاء کا ہضم نہ ہونا ؛

ہائیوسیمس۔ کھانیکے بعد ہچکی اور تشنج۔ پیٹ میں قراقر کا ہونا ؛

نائٹرک ایسڈ۔ ذائقہ تلخ۔ معدہ میں بھاری بوجھ۔ کمزوری۔ حرارت اور اختلاج بعد از خوراک۔ چربی سے صفرا کا پیدا ہونا۔ چربیلی غذا متلی اور صفرا پیدا کرتی ہے ؛

فاسفورک ایسڈ۔ معدہ میں دباؤ اور کھانے کے بعد کھٹی ڈکاروں کا آنا۔ حامض اور کھٹی اشیاء کے کھانے سے اسہال آتے ہیں ؛

پوڈوفائلم۔ کھانے کے بعد بھوک کا احساس۔ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد متلی اور قے۔ اسہال اور کھٹے ڈکار بعد از اسہال ؛

رسٹاکس۔ کھانے کے بعد غنودگی اور متورم ہونا ؎

تھوجا۔ تمباکو۔ شراب۔ چائے۔ چربی۔ پیاز وغیرہ سے جو شکایات پیدا ہوں۔ اُنہیں مُفید ہے ؎

جلن والے درد

ادویہ۔ ایکونائٹ۔ ارنیکا۔ ارسنک۔ ایپس۔ بلاڈونا۔ برایونیا۔ چائنا۔ کاربوویج۔ سکٹم کالوسنتھ۔ ڈلکمارا۔ ڈروسرا۔ گریفائٹس۔ اگنیشیا۔ لیکیسس۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ۔ نکس وامیکا۔ فاسفورس۔ فاسفورک ایسڈ۔ رسٹاکس۔ سلفر۔ سیپیا۔ زنکم۔ سلیشیا ؎

ایکونائٹ۔ اندرونی طور پر گرمی کا احساس۔ لب اور زبان میں درد جلن کے ساتھ ؎

آرسنک۔ جلن والے درد۔ گرمی پہنچانے سے آرام پاتے ہیں۔ وریدوں۔ سر۔ آنکھوں۔ ناک۔ دنبل۔ رطوباتی جھلی۔ جگر۔ رحم۔ پُشت۔ حرام مغز اور جوڑوں میں جلن کے ساتھ درد محسوس ہوتا ہے ؎

بلاڈونا۔ آنکھ۔ ناک۔ معدہ۔ پاخانہ۔ پیشاب اور چھاتی میں جلن کا احساس ؎

برایونیا۔ سر۔ آنکھ۔ پسلیوں۔ جگر۔ پیٹ۔ پاخانہ۔ پیشاب اور چھاتی میں جلن ؎

گریفائٹس۔ سر۔ آنکھ۔ زبان۔ معدہ۔ پیٹ۔ اندام نہانی۔ ہاتھ اور پاؤں کے تلوے جلتے ہیں یا اُن میں جلن کے ساتھ درد ہوتا ہے ؎

مرکیورس۔ عموماً جلن والے یا ڈنگ مارتے ہوئے درد۔ سینک سے آرام پاتے ہیں۔ اندرونی طور پر جلن۔ کھجلانے کے بعد جلن ؎

نیٹرم میور۔ سورج یا آگ کی گرمی سے درد کا بڑھنا۔ کھلی ہوا یا سرد پانی سے درد کا کم ہونا۔ چندیا آنکھ۔ کان۔ ناک۔ گلا۔ معدہ۔ امعاء۔ پیشاب کی نالی۔ اندامِ نہانی۔ ہاتھ اور پاؤں میں درد کا جلن کے ساتھ ہونا ؎

نائٹرک ایسڈ۔ عام طور پر جلن۔ ڈنگ مارتا ہوا اور مقامی درد ؎

نکس وامیکا۔ اندرونی جلن۔ سر۔ گلو۔ معدہ۔ پیٹ۔ سفرہ۔ پشت۔ مثانہ اور سینہ میں جلن کے ساتھ درد محسوس ہوتا ہے ؎

فاسفورس۔ عام طور پر جلتا ہوا درد۔ سر۔ مغز۔ چھاتی اور کوڈی کے نیچے محسوس ہوتا ہے ؎

فاسفورک ایسڈ۔ نچلے حصہ جسم میں درد جلن کے ساتھ۔ جگر۔ گلو اور چھاتی میں بالعموم جلن ہوتی ہے ؛
پلسٹلا۔ آنکھ۔ گلو۔ مثانہ۔ پیشاب کی نالی۔ پاؤں۔ سینہ اور دل میں جلن ہوتی ہے ؛
رسٹاکس۔ جلن اور ڈنگ مارتا ہوا درد بائیں پہلو میں محسوس ہوتا ہے ؛
سلفر۔ عام طور پر تمام جسم میں جلن اور گرمی۔ تمام جلد میں جلن اور بالخصوص ان حصوں میں جنپر کہ مریض لیٹا ہوا ہو چندیا۔ پیشانی۔ تلوے۔ آنکھ۔ پپوٹے۔ نتھنے۔ چہرہ۔ گلو۔ معدہ۔ پیٹ۔ پیشاب کی نالی۔ سفرہ۔ بواسیر کے مہاسے۔ شانوں کے درمیان ہاتھ اور انگلیوں کے سرے۔ گھٹنے اور پاؤں میں خاصکر رات کو جلن محسوس ہوتی ہے ؛
سیپیا۔ اندرونی گرمی۔ جسے کھلی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں یکے بعد دیگرے گرم اور سرد ہوتے ہیں ؛
سلیشیا۔ پاؤں کے تلووں اور پھوڑوں میں جلن عام طور پر جلن اور ڈنگ مارنے والے درد کا احساس ؛
زنکم۔ پُشت۔ تمام حرام مغز۔ بائیں بازو۔ دائیں کلائی۔ بائیں چوٹے۔ تلوے۔ جلد اور دنبل میں جلتا ہوا درد ؛

وہ جلتا ہوا درد جو مذکورہ بالا ادویات میں نہیں پایا جاتا۔ مفصلہ ذیل ادویات کے تحت میں ہے :-

ارنیکا۔ پاؤں۔ معدہ۔ دل۔ سینہ۔ گلو۔ لب۔ آنکھ اور دماغ میں جلتا ہوا درد ؛
ایپس۔ درد عموماً جلتا اور ڈنگ مارتا ہوا محسوس ہوتا ہے ؛
چائنا۔ ایک ہاتھ میں جلن اور دوسرا برف کی طرح سرد۔ جلد میں اور دنبل میں جلن ؛
کاربوویج۔ آگ کی طرح جلن کا ہونا۔ پیاس بالکل نہیں ہوتی۔ سردی سے آرام کا محسوس ہونا ؛
کاشکم۔ عام طور پر جلتا ہوا درد ؛
کالوسنتھ۔ پیشانی میں دائیں طرف جلن۔ پپوٹے۔ چہرہ۔ زبان۔ پُشت۔ سفرہ اور پاخانہ کرتے وقت پیشاب کی نالی میں جلن۔ رحم میں دائیں جانب اور سانٹکا نرو اور ٹانگ میں بھی جلن معلوم ہوتی ہے ؛
ڈلکمارا۔ پیشانی۔ فم معدہ۔ سفرہ۔ مقعد۔ پاؤں۔ مسوڑھے۔ پُشت اور جسم کی نالیوں میں جلن ؛
ڈروسیرا۔ مرکز سینہ اور گلو میں جلن کا محسوس ہونا ؛

اگنیشیا۔ ایک رخسار اور کان میں سرخی جلن کے ساتھ۔ اندام نہانی اور پاؤں میں جلن۔ سر۔ آنکھ۔ فم معدہ۔ معدہ۔ پیشاب کی نالی اور ایڑی میں جلن ٭

لیکیسس۔ سر کی چوٹی۔ آنکھ۔ منہ۔ مقعد۔ رحم۔ کلائی۔ معدہ اور چوے سے لیکر پاؤں تک گلو۔ ہاتھ اور تلووں میں جلتا اور ڈنگ مارتا ہوا درد ٭

لائکوپوڈیم۔ ایک پاؤں گرم اور دوسرا سرد۔ زبان پر آبلوں میں جلن۔ انگوٹھے اور انگلیوں میں جلن۔ معدہ۔ مقعد۔ نچلے حصہ جسم کے اعضاء۔ رحم اور ٹخنوں میں درد ٭

چیرتا ہوا درد

ادویہ۔ ازیمیا۔ بلاڈونا۔ کلکیریا کارب۔ چائینا۔ کالوسنتھ۔ ڈروسرا۔ ہائیوسیمس۔ لائکوپوڈیم۔ مرکیورس۔ نکسوامیکا۔ نیٹرم میور۔ پلسٹلا۔ سلفر۔ سلیشیا۔ سٹافی سگریا۔ ورٹیرم البم۔ زنکم

بلاڈونا۔ بچہ دان و عضلات پیٹ۔ معدہ۔ چہرہ اور سر میں دائیں جانب چیرتا ہوا درد محسوس ہوتا ہے ٭

کلکیریا کارب۔ چیرتا ہوا درد جو اندر سے باہر کی جانب آتا ہوا معلوم ہوتا ہے اور مقام جگر۔ پشت۔ معدہ اور پیٹ میں درد ہوتا ہے ٭

کالوسنتھ۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ امعاء کو چاقو سے کاٹا جا رہا ہے پیشانی۔ سر کے بائیں طرف۔ آنکھ۔ کان۔ معدہ۔ پیٹ اور سینہ میں درد ہوتا ہے ٭

ڈروسرا۔ پنڈلیوں اور دائیں جانب اکثر چیرنے والے درد کا احساس ٭

ہائیوسیمس۔ جوڑوں۔ سینہ اور پیٹ میں چیرنے والا درد ٭

لائکوپوڈیم۔ مثانہ۔ مقعد۔ عضو تناسل۔ پیٹ۔ سینہ۔ چوٹی اور جگر میں چیرتا ہوا درد ٭

مرکیورس۔ عام طور پر درد ہلکا۔ کبھی مارنے والا اور دکھن کے ساتھ ہوتا ہے معدہ سے آلات تناسل تک دریدگی کا حس۔ آنکھ۔ پیٹ اور امعاء میں درد ہوتا ہے ٭

نکس وامیکا۔ ناف کے مقام پر چیرتا ہوا اور ٹیس مارنے والا درد ٭

پلسٹلا۔ امعاء۔ گلو۔ پیٹ۔ اعضاء۔ جگر۔ سینہ۔ پشت اور دنبل میں چیرتا ہوا درد ٭

سلیشیا۔ دائیں پھیپھڑے۔ خصیئے۔ چھاتی۔ شانے۔ گھٹنوں۔ معدہ۔ مقعد اور ناف کے مقام پر

چیرنے والے درد +

ویریٹرم البم۔ بائیں چھاتی میں درد۔ قولنج مروڑ اور چیرتے ہوئے درد کیساتھ +

زنکم۔ دوران حیض میں کمر اور ناف کے مقام پر درد۔ دائیں آنکھ اور کان۔ ناک۔ مقعد۔ سُفرہ۔ گردہ اور پیشاب کی نالی میں درد +

چیرتا ہوا درد مفصلہ ذیل ادویات میں بھی پایا جاتا ہے :۔

آرنیکا۔ گردہ میں اس طرح درد ہوتا ہے کہ گویا کوئی تیز آلہ سے کاٹ رہا ہے۔ درد دندان فم معدہ اور جگر میں درد +

چائنا۔ ہوا خارج ہونے سے پہلے چیرتا ہوا درد پیٹ کے تمام اطراف میں جاری ہوتا ہے تلی میں اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ کہ کوئی چیر رہا ہے۔ اور وہ نہایت سخت ہو گئی ہے +

سٹافی سگریا۔ تیز دھار والے آلات کے گھاؤ کے لئے مفید ہے پیٹ اور ٹانگوں میں درد۔ عمل جراحی کے بعد زخموں میں درد +

درد جن میں مقام درد دھونسا ہوا یا دکھن والا معلوم ہو

ادویات۔ آرنیکا۔ براڈونا۔ چائنا۔ ڈروسرا۔ ہیپر۔ نکس وامیکا۔ نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ رسٹاکس۔ سلفر۔ سیلیشیا۔ زنکم۔

آرنیکا۔ ضرب اور موچ کے بد اثرات کو دور کرنے کے لئے یہ دوائی نہایت مفید ہے۔ عام طور پر درد دکھن والے معلوم ہوتے ہیں۔ دماغ معدہ اور گلے میں سر دھونسا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

بلاڈونا۔ دکھن پھوڑوں میں حلق سے کان تک پیٹ اور کمر میں درد معلوم ہوتا ہے۔

چائنا۔ چھونے سے درد کا بڑھنا لیکن زور سے دبانے سے دکھن کم ہوتی ہے۔ تمام جوڑ ہڈیاں۔ اور غلاف ہڈی میں درد۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ کہ تمام جسم دھونسا ہوا ہے۔

ڈروسرا۔ کنپٹی اور دائیں کنپٹی کی جلد میں دکھن۔ حنجرہ اور ٹخنہ دھونسا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

ہیپر سلفر۔ پیشاب کی نالی۔ آلات تناسل۔ سُفرہ اور انتڑیوں کے درمیانی جگہ۔ سینہ اور تمام اعضا میں دکھن۔ ران کے بیرونی پٹھے دھونسے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

نکس وامیکا۔ تمام جسم میں دکھن۔ پیٹ ذکی الحس۔ مقام جگر معدہ۔ پیٹ اور اس کے اطراف۔ سینہ۔ جوڑ مثانہ میں دکھن۔ دماغ۔ کمر۔ گردن۔ پشت۔ اعضا اور پیٹ کا نچلا حصہ

دھونسا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

نیٹرم میور۔ ناک کی بائیں جانب نتھنے۔ بازو۔ فم معدہ۔ سینہ۔ پاؤں کے جوڑ۔ جگر۔ تالو اندام نہانی۔ گلا۔ حنجرہ اور پاؤں میں دوکھن۔

فاسفورس۔ ہڈیاں دھونسی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ دوکھن اور درد۔ ناک۔ مُنہ۔ سینہ پھیپھڑے۔ گلا اور ہوائی نالیوں میں دوکھن۔

رسٹاکس۔ دوکھن اور اینٹھن۔ سر۔ نتھنے۔ زبان۔ پیٹ۔ ناف اور پیٹ کے پیچھے پشت اور اندام نہانی۔ سینہ اور پٹھے کی بائیں جانب دوکھن۔ گلا۔ اعضا اور سر دھونسے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

سلفر۔ بائیں آنکھ۔ مُنہ کے جوڑ۔ پیٹ میں درد اور دوکھن۔ پیٹ۔ پشت۔ بایاں شانہ۔ بایاں کولہ۔ ران۔ ٹانگ کا باہر والا حصّہ اور پاؤں دھونسے ہوئے ہوتے ہیں۔

سیلیشیا۔ اندرونی دوکھن۔ ہڈیوں۔ سینہ۔ پھیپھڑے اور سر میں دوکھن چشم میں اینٹھن اور دوکھن **زنکم**۔ سر۔ چندیا۔ بال۔ دائیں آنکھ کے اوپر والے پپوٹے۔ ناک۔ دانت۔ زبان۔ سینہ کے اوپر کے حصے۔ اطراف معدہ۔ مقعد۔ سُفرہ۔ بائیں گردے اور پیٹ کی نالی میں دوکھن۔ اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ کہ کوئی چوٹ لگی ہے۔ چھاتی۔ ران کے بیرونی پٹھے اور مہاسے دھونسے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ +

ٹیکن والے درد

ادویہ۔ ایکونائٹ۔ بلاڈونا۔ برایونیا۔ کوطلا۔ کلکیریا کارب۔ اگنیشیا۔ نائٹرک ایسڈ۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ رسٹاکس۔ سیپیا۔ سیلیشیا۔ سٹانی سگریا۔

ایکونائٹ۔ جبکہ سر کی بائیں جانب اور کنپٹیوں میں ٹیکن ہو۔

کلکیریا کارب۔ بھنوؤں ٹیکن کا درد۔ پیشانی اور فرق سر کا درد۔ حرکت سے زیادہ ہوتا ہو۔

پلسٹلا۔ دماغ۔ سر۔ پیشانی۔ دانت۔ کان اور پاؤں کے تلوؤں میں ٹیکن محسوس ہو۔

سیپیا۔ دماغ۔ دانت۔ ماتھے اور کنپٹیوں کی ٹیکن کے لئے مفید ہے۔

اگر مذکورہ بالا ادویہ مرض کے موافق نہ ہوں۔ تو ذیل کی ادویات مستعمل ہوتی ہیں:۔

بلاڈونا۔ دماغی رگوں۔ دماغ۔ دانت۔ معدہ۔ رحم اور پستانوں میں ٹیکن۔ اگرچہ عام ٹیکن والے

دردوں میں اس دوائی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن اس میں یہ علامت ایسی بوضاحت نہیں ہوتی جیسی کہ مذکورہ بالا ادویہ میں موجود ہے۔ یہ صرف اسی حالت میں مفید پڑتی ہے۔ جب بقیہ علامات ادویہ بھی پائے جاتے ہوں۔

برائیونیا۔ تمام جسم میں تپکن موجود ہو۔ چند یا میں درد۔

کیمومِلا۔ نصف دماغ اور گلے کے پچھلے حصے میں درد۔

اگنیشیا۔ دائیں طرف کنپٹی۔ پیشانی اور پشت سر میں تپکن والا درد۔

نائٹرک ایسڈ۔ سر کی بائیں جانب تپکن والا درد۔ کان۔ گدی۔ دانت اور معدہ میں درد

رسٹاکس۔ قعر معدہ میں تپکن۔ کنپٹی میں یا ایسا درد جو جبڑوں اور دانتوں سے کنپٹی تک پہنچتا ہو۔ بائیں شانہ اور ماتھے میں درد۔

سٹافی سیگریا۔ کنپٹی اور دانتوں سے آنکھوں کی طرف آتا ہوا تپکن والا درد۔

سلفر۔ پشت سر میں بائیں جانب۔ ہاتھ۔ دانت۔ مسوڑھوں۔ مقعد اور مثانے میں درد تپکن کے ساتھ۔

تشنجی درد

ادویہ۔ بلاڈونا۔ کلکیر یا کارب۔ ڈیجی ٹیلس۔ نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ فاسفورک ایسڈ پلسٹلا۔ سلفر۔ سٹافی سگریا۔ زنکم۔

فاسفورک ایسڈ۔ جوڑوں۔ بازو۔ کلائی۔ سینہ۔ معدہ پیٹ وغیرہ تشنج کیلئے مفید ہے۔

پلسٹلا۔ معدہ اور سینہ میں تشنجی درد۔ دائیں ٹانگ میں جو گھٹنے سے شروع ہو کر کولے تک جائے۔ قعر معدہ، پیٹ رانوں میں درد۔

مفصلہ ذیل ادویات میں تشنجی درد بلحاظ اہمیت کے دوسرے درجہ پر شمار ہوتا ہے۔

بلاڈونا۔ جبڑوں میں تشنج۔ ایسا ہی پیٹ اور معدہ میں ٹھہرے لیٹنے سے آرام پاتا ہے۔ اور پیچھے جھکنے سے زیادہ ہوتا ہے۔ اور عضلات کا تشنج بھی اسی دوائی کے تحت میں ہے۔

کلکیر یا کارب۔ پہونچے۔ ہاتھ۔ پاؤں اور رانوں میں تشنج۔ معدہ اور اس کے اطراف میں تشنجی درد جس کے ساتھ اختلاج بھی موجود ہو۔

ڈیجی ٹیلس۔ سینہ۔ پیٹ اور مثانہ میں تشنج۔

نیٹرم میور۔ حیض شروع ہوتے وقت پیٹ میں تشنجی درد۔ درد قولنج جو دردزہ کے متشابہ ہو۔ یہ درد پاخانہ ہونے کے بعد بڑھتا ہے۔ اور ہوا کے خارج ہونے سے کم ہوتا ہے۔ بازو۔ ہاتھ۔ انگلیوں انگوٹھے۔ لاتوں۔ پنڈلیوں اور پاؤں میں درد ہوتا ہے ٭

فاسفورس۔ خصیوں۔ معدہ۔ مقعد۔ پنڈلیوں۔ شانوں کے درمیان اور سر کے بائیں جانب تشنجی درد۔

سٹافی سگریا۔ پیٹ۔ دائیں گھٹنے کے جوڑ اور انگلیوں کے پہلے جوڑوں میں تشنج اور درد۔

سلفر۔ معدہ۔ سینہ میں تشنجی درد۔ چوٹے درمیانی انگلی۔ ٹانگ۔ ران۔ پنڈلی۔ تلوے اور پاؤں کے پنجہ میں اینٹھن۔

زنکم۔ مقام معدہ۔ جگر۔ اطراف پیٹ۔ ناف۔ گلو۔ مثانہ اور سینے سے معدے تک درد اور تشنج۔ رانوں۔ پنڈلیوں اور بائیں پاؤں اور پٹھوں میں اینٹھن۔

ٹیس مارنے والا درد

ادویہ۔ بلاڈونا۔ برائیونیا۔ کلکیریا کارب۔ کاسٹکم۔ اگنیشیا۔ نکس وامیکا۔ نائٹرک ایسڈ۔ سیپیا۔ سلیشیا۔

بلاڈونا۔ دردِ شقیقہ۔ دائیں کنپٹی۔ ناک کے اوپر۔ پشت سر۔ دماغ کی کنپٹیوں کی جانب آنکھ میں یا دائیں آنکھ کے اوپر۔ سینہ۔ معدہ۔ پیٹ اور اطراف معدہ میں ٹیس مارنے والا درد۔

برائیونیا۔ پیشانی۔ آنکھ۔ گلو۔ معدہ میں دائیں جانب۔ بائیں آنکھ کے اوپر اور سر سے باہر کی جانب رجوع کرتا ہوا ٹیس مارنے والا درد۔

کلکیریا کارب۔ معدہ اور سر میں ٹیس مارنے والا درد محسوس ہوتا ہے۔

کاسٹکم۔ ماتھے۔ کمر۔ مقعد۔ معدہ۔ کان اور کولے میں ٹیس کے ساتھ درد ہو۔

اگنیشیا۔ ناک کی جڑ اور پیشانی۔ معدہ اور مقعد میں ٹیس کا پڑنا اور درد کا ہونا۔

نکس وامیکا۔ چندیا۔ پیشانی۔ آنکھ۔ معدہ۔ جگر سے سینہ اور سر کی جانب۔ مثانہ۔ قطرہ اور قعر معدہ میں درد اور ٹیس۔

نائٹرک ایسڈ۔ دماغ کے وسط پیشانی چشم۔ گلو۔ معدہ۔ مقعد اور کمر میں درد اور ہوک کا اٹھنا

سیپیا۔ پیشانی۔ جگر۔ معدہ اور سینہ میں درد کا اٹھنا۔ حرارت خون کے باعث جسم میں ٹیس کا

ٹیس کا احساس جو عموماً زیادہ ہوتا ہے۔

سیلیشیا۔ پشت سر اور پیشانی میں ٹیس مارنے والا درد جو دبانے سے کم ہوتا ہے۔ آنکھ معدہ اور سینہ میں ٹیس مارنے والا درد +

چند ہدایات

ناظرین اور طلباء کی سہولت کے لئے اس جگہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ مذکورہ بالا علامات کو حفظ کرنے اور ان سے مستفید ہونے کے لئے چند ہدایات درج کر دی جائیں۔ تاکہ انتخاب دوائی اور باقاعدہ علاج میں ان سے کافی مدد حاصل ہوسکے +

سب سے مقدم اور ضروری بات یہ ہے کہ ادویات جو مذکورہ بالا عنوانوں کے تحت میں لکھی گئی ہیں حفظ کر لینی چاہئیں۔ جس وقت یہ بات حاصل ہو جائے تو پھر ان ادویات کے جداگانہ علامات بھی یاد کر لئے جائیں۔ تاکہ ادویات مختلفہ میں تمیز ہوسکے۔ اس تھوڑی سی محنت کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ روزانہ استعمال اور حاد امراض کے لئے دوائی کا تجویز کرنا چنداں مشکل نہ ہوگا۔ اس کے بعد ادویات کی نسبت علم کو وسیع کرنے کے لئے مخزن الادویات کے مطالعہ کی ضرورت ہوگی۔ اور اگر ہر روز تھوڑا سا وقت اس کے مطالعہ میں صرف کر دیا جائے تو اندک مدت میں کافی علم الادویہ حاصل ہو جائے گا۔ باقی کی ادویات کو یاد کرنے کے لئے اسی تدبیر کو عمل میں لانا چاہئے۔ کیونکہ اس سے بہتر اور کوئی طریقہ ادویات کو حفظ کرنے کا نہیں +

حصّہ دوئم

چالیس تیر بہدف ادویات

معہ

علامات عمومیہ و مخصوصہ

ACONITE

ایکونائٹ

امراض و تاثرات

من و دماغ

اعصاب (حسیہ)

قلب { شریان / دورہ خون

وسکیرا { چھاتی۔ / پیٹ

جوڑ نما اعضاء

بیلیٹھا تیلیا

اشتداد مرض >

جذبات کے بھڑکنے سے { خوف سے / صدمے سے / دِق کئے جانے سے

سردی لگنے سے { سرد اور خشک ہوا سے / پسینوں میں ہوا لگ جانے سے

شور سے۔ روشنی سے۔ دانت نکلنے کے دوران میں

بوقت شب۔ رات کے پہلے حصے میں نصف شب تک

پہلو پر لیٹنے سے

انحطاط مرض <

کھلی ہوا میں۔ یا آرام سے لیٹنے سے

گرم پسینے آنے سے

علامات مضبوط جسم۔ محنت پسند عادت اچانک نہایت تیز دردناک اثرات :تناؤ۔ انجماد اکثر مرگی کا سا۔ نظام اعضا اور ویسکولر نظام میں جوش۔ سوزش چمکدار سرخ خون کا اخراج۔ عضو بے حس۔ بڑا یا جلتا ہوا محسوس ہو۔ چبھن ہو۔ کیڑے رینگتے ہوئے معلوم دیں۔ درد کے بعد بے حس ہو جائے۔ عصبی درد۔ خوف۔ فکر۔ سخت جانکاہ خوف۔ موت کا۔ ہجوم کا۔ درد کے مارے سخت بے چینی۔ خوف کے ساتھ چیخیں مارتا ہو۔ اپنی مٹھیاں چباتا ہو۔ کاٹتا ہو۔ ناخن کاٹتا ہو۔ (آرسنکم) مرنے کی خواہش۔ مرنے کی پیشین گوئی کرے۔ اور کہے کہ

دولبس میں بارہ بجے تک مرجاؤنگا۔ یہ ایسی خاص علامتیں ہیں جو سوائے ایکونائیٹ کے اور کسی دوا میں نہیں پائی جاتیں۔ نہایت تیز حس ہو جائے۔ سر بھاری ہو۔ چھینکیں بہت تیز ہوں۔ ماتھا اور آنکھیں پھٹی جاتی ہوں۔ ٹیسیں پیشانی میں تڑپ ہو دائیں (ایٹیم ٹارٹ۔ اگنیشیا۔ بیلاڈونا) درد میں پیشاب بہت آئے۔ ہتھیلیوں میں جلن ہو۔ گولی سی لگے۔ ناک بے حس ہو۔ (بیلاڈونا۔ میڈورائینم) ناک سے گرم پانی خارج ہو۔ نہایت متفکر دکھائی دے (سپنجیا) گرم اور سرخ رخسار۔ اُٹھنے کے وقت چہرے پر زردی۔ غشی۔ دانت میں درد۔ ہر ایک چیز کا ذائقہ تلخ۔ پانی بُرا لگے۔ نگلتے ہوئے گلے میں اٹکے۔ جلانے والی پیاس۔ ترشی یا بئیر کی خواہش۔ برف سے پت کی یا خون آلود قے۔ خالص خون کے دست جھاگدار۔ دستوں کا رنگ سبز گھاس کی مانند ہوتا ہے یا سفید۔ جب دن گرم اور راتیں ٹھنڈی ہوں (ڈلکامارا۔ مرکیوریس کار) پیچش۔ مقعد میں کھاج۔ کچھ چپکا ہوا سا محسوس ہو۔ پیشاب رُک جائے۔ کم آئے۔ سرخ خون کے سے رنگ کا ہو۔ تکلیف دہ ہو۔ حیض یکایک رُک گیا ہو۔ سانس جلدی جلدی آئے۔ بلغم آلود ہو۔ سختی سے آئے۔ اُٹھ کر سیدھا بیٹھ جانا پڑے۔ کھانسی خشک تکلیف دہ۔ گلا بیٹھا ہوا۔ کھانستے کھانستے گلا پکڑے۔ رات کو یا کچھ پینے سے۔ چھاتی کی طرف خون کا تیز دورہ۔ نمونیہ۔ چھاتی میں درد کی چمکیں۔ پلوریسی۔ دل کی سوزش کا احساس۔ ہول دل۔ بائیں بازو میں درد۔ نیچے کی طرف کو جائے۔ انگلیوں کی لوئیں سرخ ہوں۔ ٹانگیں بے طاقت۔ سوزش چمکدار و سرخ جلد گرم و خشک۔ برف کا سا پانی گذرتا ہوا محسوس ہو۔ بے خوابی اور بے چینی۔ نبض تیز پُر طاقت اُچھلتی ہوئی۔ یا تار کی مانند پتلی۔ شریانوں میں تناؤ۔ دو ریشم ور) سردی۔ لہریں سی اُٹھیں۔ کبھی گرمی لگے کبھی سردی۔ بخار بہت تیز۔ درجہ حرارت بہت بلند۔ خشکی۔ جلانے والی گرمی۔ پوٹوں۔ ناک میں گلے میں۔ پھیپھڑوں پر۔ پسلیوں پر۔ کپڑا اتار اتار کر پھینکے +

ایکونائٹ امراض بخار۔ نمونیا اور ورد رحم کے آغاز میں دیا جاتا ہے۔ حیض میں جبکہ خون درد سے اور قلت سے آتا ہو +

خوراک دوا اور طاقت استعمال :۔ ×۳۔ ۳۰۔ اور اعلےٰ طاقت کی ادویات جب امراض حسیّہ ہوں۔ انجماد خون میں ×۳ یا ۳۰ کا۔ اور جب حواس خمسہ ماؤف ہوں تو ۲۰۰ یا اس سے بھی زیادہ طاقت کا۔

مدت اثر :۔ تین ہفتے تک۔

ممد و معاون ادویات :۔ آرنیکا۔ بیلاڈونا۔ برائیونیا۔ کوفیا۔ سلیفولیم۔ فاسفورس۔ سپنجیا۔ سلفر

ادویات متعلقہ :۔ بیلاڈونا۔ کیموملا۔ کوفیہ + **فاد اثر** :۔ وینیگار (سرکہ)

نوٹ :۔ اضافہ وافادہ امراض کے نشانات جو اس کتاب میں درج ہیں۔ انگریزی نشانات کے متضاد ہیں۔ کیونکہ اردو طرز تحریر بھی انگریزی کے متضاد ہے۔ مثلاً نشان "<" سے مراد ہے کمی مرض اور نشان ">" سے مراد ہے زیادتی مرض۔

آرنیکا

ARINCA

امراض و تاثرات

خون

شریان و ورید خون

اعصاب

عضلات

قوائے ہاضمہ

اشتداد مرض ـ

خراش

چوٹ سے { صدمے سے ۔ دھماکے سے / محنت سے ۔ موچ سے ۔

چھو جانے سے ۔ خواب کے بعد ۔

حرکت سے ۔ بڑھاپے سے یا شراب نوشی سے

انحطاط مرض ـ

لیٹنے سے بسر نیچا کرنے سے دور یہ گرم وریا انگڑائی لینے سے

علامات سخت درد ہو خراش یا زخم ۔ تمام جسم میں ۔ کسی حصے سے اخراج خون یا درد کے بعد زخم خاص، کچلے جانے جیسا درد ۔ بستر سخت معلوم ہو ۔ یا اُس میں گوے سے چُبھیں ۔ معدے کی پشت میں ایک گولہ سا محسوس ہو ۔ درد اچانک ایک جوڑ سے دوسرے میں چلا جاوے (کولچکیم) یا فالج کا سا درد ۔ ذائقہ سالش پاخانہ وغیرہ بدبودار ۔ میعادی بخار میں سرایت زہر ہو جانے سے ۔ سیلان خون کی رغبت ۔ غیر ارادی اخراج ۔ اعصابی و پُر امید مزاج ۔ خوف چوٹ لگنے کا ۔ بیماری کا ۔ فوری موت کا ۔ بیداری کے بعد رنج اُداسی ۔ نفرت جسمانی ۔ بے چینی ۔ تکلیف ۔ مگر یہ کہے کہ مجھے کچھ تکلیف نہیں (اوپیم) آہستہ آہستہ کوشش سے جواب دے ۔ دماغ تھکا ہوا معلوم دے ۔ سر میں چکر آئے ۔ غنودگی معلوم دے ۔ جواب دینے کے ساتھ ہی ساتھ خواب طاری ہو جائے ۔ **آنکھیں خون آلود سرخ ہوں** ۔ بخار میں خون جیسی سرخی ۔ زبان کے وسط کے نیچے سرخ دھاریاں ۔ حلق میں زکام کا گرنا ۔ پیٹ سے نیچے کی طرف تشنج ۔ بدبودار دست ۔ گردے میں کٹے جیسا احساس پیشاب رک جائے ۔ بوند بوند کر کے خارج ہو ۔ وضع حمل کے بعد درد ۔ دردوں کے بعد دودھ پلانے سے ۔ گلا پڑ گیا ہو ۔ محنت سے ۔ سردی سے ۔ پانی میں بھیگنے سے ۔ کھانسی بیداری کے بعد رونے لگے پستان کے نچلے حصے پر بھاری پن ۔ گھنڈیوں پر زخم ۔ بازو میں درد لٹکانے سے ۔ دل کی دھڑکن تمام جسم کو ہلا دے دل کے عضلات کمزور ہو جائیں ۔ ہر جگہ ذرا سی چوٹ لگ جانے سے کالا یا سرخ نشان پڑ جائے ۔ سرخ باد ۔ پِتّی یا چھپاکی ۔ چوٹے پھوڑے ۔ نہایت تکلیف دہ پہلے سے یا چھوٹے چھوٹے پھوڑے ۔ غنودگی تکلیف دہ ۔ اور خوف پیدا کرنے والا خواب ۔ ڈر کر بیدار ہو جائے ۔ کروٹ کی طرف ٹھنڈی ۔ سردی لگنے کے دوران میں پیاس ۔ سر گرم اور جسم ٹھنڈا ۔ چہرہ میں خون کا جمود ۔ ڈکار میں سڑے ہوئے انڈے کی سی بدبو ۔ مریض ہر شے سے خوف کھاتا ہے کہ کہیں اس کی موت نہ ہو جائے ۔ یا اسے کوئی چھو نہ جائے +

مقدار خوراک۔ طاقت ۔ ۳× سے ۳۰ یا زائد۔

مدت اثر۔ دو ہفتہ۔

ممد ادویات۔ ایکونائٹ۔ کلکیریا کارب۔ نیٹرم سلف۔ سورائنم۔ رس ٹاکس۔ سلفورک ایسڈ

فاداثر۔ کیمفر۔

متعلقہ ادویات۔ بلاڈونا۔ ایکنیشیا۔ ہیپر سلف۔ رسٹاکس +

آرسنیکم ARSENICUM سنکھیا

امراض و تاثرات

لعاب دار جھلیاں۔ من تنفس

پھیپھڑے۔ بالخصوص دایاں پھیپھڑا

خون ۔ دل ۔ اعصاب

تلّی

اعصاب ۔ جلد

اعضاء مخصوصہ

اشتداد مرض ‹

ٹھنڈسے } خوراک ۔ مشروبات برف ہوا سے

ٹھیک وقت پر } نصف شب بعد ۲ بجے صبح کے بعد

ایک خاص زمانہ یا وقت کے بعد مثلاً ہفتے، عشرے، ماہ یا سال کے بعد

سبزیوں کے استعمال سے پانی پینے سے

بکثرت شراب پینے سے

وبائی اثر سے ۔ خراب گوشت سے ۔

ٹکاؤں یا پھوڑے پھنسیوں سے (غیر تشدہ ناساختہ دبو بیٹھے

کونین کے بکثرت استعمال سے

ایک کروٹ لیٹے رہنے سے

تمباکو نوشی سے ۔ زیادہ محنت سے

انحطاط مرض ›

گرمی سے { خشک سینک سے ۔ خوراک سے ۔ / کپڑے پہننے یا اوڑھنے سے ۔

حرکت سے یا چلنے پھرنے سے

سر کو اٹھا رکھنے سے ۔ سیدھا بیٹھنے سے

احباب کی صحبت میں بیٹھنے سے ۔

علامات۔ یک لخت اور نہایت تیز اثرات ۔ سخت درد دیوانہ کر دینے والا ۔ آگ جیسی جلن والا ۔ بہت بے چینی ہو گرم سوئیاں چبھیں بدمزاجی بڑھتی جائے رسی سی فیوگا) یا یکایک کمزوری تیزی سے سوکھتا جائے ۔ بیحد کمزوری ہو۔ جلن پیدا کرنے والے قلیل المقدار پتلے اخراج ۔ ناک سے پانی ۔ تھوکنا،

پسینے وغیرہ سڑے ہوئے مردار مادے کی بو۔ زرد بھری ہوئی تھیلی جیسی سوزش۔ پانی کا انجماد۔ خون کی کمی
رات کو موت کا خوف۔ صحت سے مایوسی ہو۔ مگر زندگی سے سیری ظاہر کرے۔ اپنے جسم پر تشدد روا رکھے
بال نوچے۔ ناخن کاٹے۔ خودکشی کرنا چاہے۔ سر کی طرف خون کا دورہ ٹھنڈے سر کا عصابی درد۔ گرمی سے کبھی
سر میں درد ہو۔ کبھی پیٹ میں یا جسم میں۔ بائیں آنکھ کے اوپر درد ہو۔ سر بے چین رہے۔ بال جلد سفید ہو جائیں۔
گرنے لگیں۔ پپوٹے کھچے جائیں۔ گرم گرم جلتے ہوئے آنسو بہیں۔ بادی سے آنکھیں دکھیں۔ سردی سے زخم پڑ جائیں
ناک میں چھینکیں بہت آئیں۔ جلن پیدا کرنے والا پانی ناک سے بہے۔ لیکن پھر بھی ناک رکی رہے۔ بخار ہو۔ تیمار
داروں کا قصور نکالے۔ آسانی سے زکام ہو جائے۔ خوراک کی بو سے۔ دیکھنے سے بلکہ اس کے خیال سے
نفرت۔ چہرہ زرد۔ گھسا ہوا سا۔ ہڈیاں نکلی ہوئی او اینٹھا ہوا سا۔ ٹھنڈے پسینے آئیں۔ ہونٹ کالے پڑ جائیں۔ رات
کو دانتوں میں درد ہو۔ سخت نہ بجھنے والی پیاس لگے۔ ٹھنڈے اور برف کے پانی کی خواہش۔
لیکن پانی پینے سے معدہ خراب ہو۔ ذکس وہ تے آجائے۔ تھوڑا تھوڑا اور بار بار پانی پیئے
ڈکاریں بہت آئیں۔ تلی پر سوزش۔ قے اور دست۔ بدبو دار چاولوں کی دھوون جیسے۔ مقدار میں کم۔ جلن پیدا کرنے والے
سیاہ لعاب دار دست۔ ٹھنڈے مشروبات سے۔ پیشاب کم۔ سیلان الرحم۔ اخراج بکثرت۔ اور جلن پیدا کرنے وال
کھانسی خشک۔ رات کو دکھ پینے سے۔ دل کمزور۔ کپکپاتا ہوا۔ دھڑکتا ہوا۔ ذرا سی وجہ سے سانس چھوٹا
اور جلد جلد آئے۔ ناک میں معلوم دے۔ بیٹھنے سے دبوسے۔ اوپر چڑھتے ہوئے۔ یا مرجھاتے ہوئے
نکالے (دانے۔ پھنسیاں وغیرہ) جلدی یا اندرونی شکایات باری باری سے۔ جلد افسردہ۔ روکھی۔ خشک۔ بیلی
یا مرجھائی ہوئی۔ اکزیما خارش۔ کھجائی پھنسیاں۔ مچھلیاں کھانے کے بعد۔ زخم پڑ جانے کی رغبت۔ جلن ہوتی رہے۔
نیند لیٹتے ہی اچٹ جائے۔ بے چینی۔ موت کے خواب۔ سردی بیرونی و اندرونی۔ جلن والی
گرمی جگہ جگہ۔ نہایت تیز حس کھلی ہوائیں (ادم میٹ) لرزہ بے قاعدہ۔ ہلا دینے والا۔ گرم مشروبات کی خواہش
سانس تک بھی نہ لے سکے۔ گرمی ایسا محسوس ہو گویا رگوں میں گرم پانی دوڑ رہا ہے یا ان میں آگ لگ رہی ہے۔ چھاتی
میں جلن یا ٹھنڈ۔ دیرائی لیکیس۔ نیٹرم میو۔ سلفر۔ پسینہ نہ بجھنے والی پیاس کے ساتھ۔ سردی یا غشی +

خوراک دوا اور طاقت و استعمال - ۳x - ۳۰ - ۱۰۰ - ۱۰۰۰

مدت اثر - چار ہفتے۔

ممد و معاون ادویات - ایلم سیپا۔ کاربو ویج۔ لیکیسس۔ نیٹرم سلف۔ فاسفورس۔ پلسٹلا۔ سلفر۔ تھیوجا

ادویات متعلقہ - سلفیورک ایسڈ۔ ویراٹرم ایلب۔

فاد اثر - ادپیم۔ کاربو ویج۔ چائنا۔ ہیپر سلف۔ نکس وامیکا۔

ایپس

APIS شہد کی مکھی

امراض و تاثرات

خانہ دار ریشہ جات { آنکھیں / حلق / خصیۃ الرحم

خلائے آبی

جلد

گردہ مثانہ

اعصاب ۔ تنفس

دل ۔ خون

دائیں جانب ۔ دائیں سے بائیں جانب کو

اشتداد مرض <

گرمی سے { کمرے میں ۔ موسم میں / پینے سے ۔ آگ سینکنے سے / بستر پر

چھونے سے ۔ نیند کے بعد ۔ ۴ بجے بعد دوپہر

دبانے سے ۔ اخراج مولو (پھنسی پھوڑے) کا دب جانے سے

انحطاط مرض

ٹھنڈ سے { ہوا سے ۔ غسل سے / کپڑا اتر جانے سے

قدرے بلغم خارج ہو جانے سے

حرکت سے ۔

علامات :۔ تیز حملہ ۔ اچانک ۔ تیز چیخیں ۔ یا ایسا درد جس سے چیخیں نکلیں ۔ گھبراہٹ ۔ سوزش تیز جیسی درد میں تیز ڈنگ سا چبھتا ہو یا زخم سے چھلتا ہوا احساس دماغ میں ۔ پیٹ میں نلوں میں ۔ مثانے میں ۔ پھولا ہوا ۔ چمکدار ۔ جلن ۔ خارش ۔ وبائی اثر ۔ سوزش ۔ سختی ۔ چڑچڑاپن ۔ جوش ۔ جھگڑالو ۔ پریشان ۔ لاپرواہ ۔ بات بھول جائے ۔ چیزیں پھینکتا پھرے ۔ یکایک چیرتی ہوئی چیخیں مارنے لگے ۔ سر درد سے ۔ خنجر سا چلے ۔ یا مکا سا لگے < کن پٹی میں ۔ سر ادھر ادھر گھمانے بے حس ۔ تھکان کا سر درد ۔ دبانے سے ۔ بال درد کرتے ہوں ۔ سر میں پسینہ آ گئے ۔ آنکھیں سوجی ہوئی پپوٹے پانی کے تھیلے بن رہے ہوں ۔ سرخ ہوں ۔ گرم گرم پانی بہے ۔ روشنی سے خوف لگے ۔ بھینگاپن ۔ نظر نہ آئے ۔ پاخانہ آنے سے ۔ سرخ ۔ چہرہ سوجا ہوا یا سرخ < آنکھوں کے گرد ۔ مومی زردی ۔ ناک ٹھنڈی ۔ سرخ چہرہ یا زبان ۔ دانت کٹکٹائے ۔ زبان کی نوک پر چھالے ۔ سوزش ۔ جلی ہوئی سی ۔ چمکدار ۔ ٹھنڈی چیزوں سے ۔ مسوڑھے سرخ ۔ ایڈیپیا (Adipsia) المرزہ کے دوران میں پیاس ۔ سنہری ازرد یا اماڑے کے گودے جیسے دست ۔ بے بو ۔ < تحریک سے ۔ مقعد میں تکلیف ۔ سوزش ۔ خون رسے یا کھلی رہے ۔ پیشاب جلتا ہوا آئے ۔ کم ۔ بدبودار ۔ پسے ہوئے تھوڑے جیسے ذرات ۔ خصیۃ الرحم بے حس ۔

دائیں جانب پھوڑا۔ آغاز شباب میں پُر درد اخراج حیض سانس لینے کے لئے ہانپنا۔ یہ احساس گویا یہ سانس آخری ہوگا۔ ہوا کی بھوک۔ دل میں چبک۔ نیچے کے کونے (Apix) سے پیچھے کو جائے حرکت تمام جسم کو ہلا ڈالے۔ ہاتھ اور پیر سو جائیں۔ ہتھیلیاں جلیں۔ ناخن ڈھیلے محسوس ہوں جلد گلابی سُرخ۔ تیز حس۔ پُھنسیاں کُھردری۔ ڈنک جیسے دبھتے۔ زرد بڑی پتّی۔ چھپاکی سرخ دھپّڑ۔ خشک۔ گرم جلد ہوباری سے پسینہ آئے۔ غنودگی۔ مگر بہت گھبراہٹ۔ جب گرمی ہو۔ چلّا پڑے۔ کپڑے لات مار کر اتار دے۔ نبض کمزور تیز۔ لرزہ۔ کپڑے نے اتارنے کی خواہش۔ کبھی گرمی لگے۔ کبھی سردی۔ دائیں جانب جلانے والی گرمی۔ لیکن ٹھنڈ معلوم دے جوش میں آنے پر بغیر پیاس کے۔ چار بجے۔ بعد دوپہر۔ ایک حصّہ میں گرمی دوسرے میں سردی۔ پسینے کی افراط کسی کسی حصے میں۔

مقدار خوراک و طاقت استعمال ۳x-۶-۲۰۰-۵۰۰-۱۰۰۰

مدت اثر دو تین ہفتے۔

ممد و معاون ادویات۔ آرنیکا۔ آرسنکم۔ بیرائٹا کارب۔ ہیلی بور۔ مرکیورس سائٹنمائیش نیٹرم میور پلسٹلا۔

ادویہ متعلقہ۔ آرسنکم کینتھرس۔ پلسٹلا۔ ارٹیکا۔

مخالف ادویہ۔ رہس ٹاکس +

اینٹی مونیم کروڈ ANTIMONIUM CRUD. کچّا سُرمہ

امراض و تاثرات	اشتداد مرض
معدہ نظام انہضام دماغ جلد پہلو بدلنا	سردی سے { غسل سے / نمی سے / سرد پانی ڈالنے سے زیادہ کھانے سے۔ ترشی سے پسینوں سے گرمی سے { موسم گرما میں سورج کی گرمی سے / گرمی کی کثرت سے آگ تاپنے سے۔ آگ کی چمک سے

علامات:۔ ثقیل اور زیادہ خوراک کھانے والوں کو۔ گٹھیلوں اور گانٹھوں (سُتروں)

سے پُر دست آئیں۔ بُری بُری ڈکاریں آئیں۔ دماغی پریشانی اور جلدی خرابی کی علامتیں نمودار ہوں۔ سیلان آرحم ہو۔ جلد۔ ناخن وغیرہ خراب ہوں۔ درد نہ ہو۔ نتھنے اور مُنہ کے گوشے پھٹ جائیں (ایبروٹینم) فربہ۔ ترش رو۔ چڑچڑا ہو۔ رونے لگے۔ جب اس کی طرف دیکھا جائے۔ چھوا جائے (سٹرامونیم) یا نہلایا دھلایا جائے۔ نفرت ہو۔ زندگی سے۔ خوراک سے بہت خوش رہے۔ خواب سے دیکھا کرے۔ جذبات کے زیر اثر ہو۔ جلد کھُردری اور نرم ہو۔ مُنہ کے گرد پھُنسیاں۔ زبان سفیدی جیسی سفید ہو۔ (آرسنکم لیمنتھ۔ برائی۔ کالی میور۔ فاسفورس) مُنہ میں چھالے ہوں۔ پیاس نہ ہو۔ ہاضمہ خراب ہو۔ کھانے کے بعد بھی خوراک کا مزہ۔ یا ویسی ہی ڈکاریں آتی رہیں۔ قے ہو > کھانے پینے سے جی مالش نہ کرے (شیلیڈونیم)۔ قے آنے سے بھی آرام نہ پڑے۔ پیٹ بھرا بھرا معلوم ہو۔ دست پتلے پانی جیسے سُدّے ملے ہوئے۔ معدہ دبانے سے درد معلوم ہو۔ انگلیوں کے جوڑوں میں گنٹھیا سادر د ہو۔ آواز پر قابو نہ ہو۔ بولنے سے کھانسی بہت تیز۔ ہر ایک دورہ پہلے سے کم ہو۔ ناخن پھٹے ہوئے یا سینگوں جیسے موٹے۔ اندر ہی اندر بڑھتے جائیں۔ پھٹنے کی رغبت۔ اینٹھن۔ نہایت سخت بلند اور تھکاوٹ سی معلوم ہو۔ چہرہ پھٹا پھٹا ہو۔ جھُریاں سی پڑی ہوں +

خوراک دوا اور طاقت استعمال ۔ ۳x - ۶x سفوف

مدت اثر ۔ پانچ ہفتے۔

ممد و معاون ادویات ۔ سیلشیا۔

ادویات متعلقہ ۔ سلفر۔

فادزہر ۔ ہیپر سلفر۔

اینٹی مونیم ٹارٹ ANTIMONIUM TART

امراض و تاثرات		اشتداد مرض >	
لعاب دار جھلّی	ہوا کی نالی	گرمی سے	گرم کمرہ میں
	پھیپھڑے		گرم کپڑا اوڑھنے سے
	دل		گرم موسم میں
	دورۂ خون	غصہ سے۔ لیٹنے سے	
	تنفس یا سانس	صبح کے وقت	

پیٹ انتڑیاں	زیادہ کھا لینے سے
یمند	سردی سے ۔ نمی سے
کمر کے گرد	**انحطاط مرض** ←
جلد	بلغم کے اخراج سے
	بیٹھنے سے
	حرکت سے

علامات :- غمگین رہے ۔ ردعمل کی کمی ۔ روز بروز کمزور ہوتا جائے ۔ پسینہ بہت آئے ڈھیلا ہوتا جائے ۔ جھلی سے زیادہ لعاب خارج ہوتا ہو ۔ بوڑھوں اور بچوں کے امراض میں کارآمد ۔ ہاضمہ خراب ہونے والی شکایات ہیں ۔ لاپرواہی ۔ یا ترشروئی ۔ اپنے حال میں مست رہنا پسند کرتا ہو ۔ چڑچڑا ہو ۔ کڑھتا اور کراہتا رہے ۔ آنکھ بند ہونے پر غفلت طاری ہو جائے (کینابس انڈیکا) پیشانی پر کچھ گولا سا بنا ہو ۔ نتھنوں میں کچھ دھواں سا جما ہے ۔ یا پھڑپھڑاتے رہیں ۔ زرد چہرہ بیماروں جیسا نیلگوں یا اینٹھا ہوا سا چہرہ ٹھنڈے پسینے آتے ہوں ۔ زبان پر سفیدی ۔ ترش چیزوں کو پسند کرتا ہو ۔ مگر وہ چیزیں مریض کی طبیعت کے مطابق نہ ہوں ۔ ڈکاریں سڑے انڈوں کی سی بو والی ۔ جھلی کی لہریں سی اٹھتی ہوں ۔ ٹھنڈا پسینہ آکر کمزوری پیدا کرے ۔ (لوبیلیا ۔ ویراٹرم البم) زندگی سے نفرت ہو کر زور سے تے آتی ہو ۔ گو زیادہ تیز آئیں معدے میں ڈوباؤ کا سا احساس ۔ سانس چھوٹا آئے ۔ دم گھٹے باری باری سے گوٹے پر تپہ سا محسوس ہو کر دھسک اٹھے ۔ ڈھیلی کچی ۔ گھرگھر کرنے والی کھانسی آتی ہو ۔ چھاتی بھری بھری معلوم ہوتی ہو ۔ لیکن کم از کم اٹھتی ہو ۔ پھرتے ہو جائے یا نیند آجائے ۔ (ڈی جیبو زا) غصے کے وقت ۔ کھانسنے کے لئے بیٹھنا پڑے ۔ پلورو نمونیا ہو ۔ کمر میں سخت درد ہو ۔ ڈاٹھلانے سے ۔ حرکت کرنے سے گونزا اور ٹھنڈے پسینے زیادہ آئیں ۔ بازو ہلتے رہیں ۔ باری باری سے کھانسی اور جمائیاں آتی ہوں مریض بہت شکایت کرے ۔ بلغم گاڑھا خارج ہو ۔ دل اور پھیپھڑوں پر فالج کا سا اثر ہو (ویراٹرم کارب) گرمی سے نیند آئے ۔ جلد پسینے سے تر اور ٹھنڈی ہو ۔ نیلے دھبے جلد میں نمودار ہوں ۔ حجام کے استرے سے پیدا ہونے والی خارش ۔ نبض کی رفتار کمزور اور تیز ہو +

خوراک دوا اور طاقت استعمال :- ۳x و ۶x سفوف ۔ کم طاقت کی دوا بسا اوقات شروع میں تکلیف بڑھاتی ہے ۔ بعد میں آرام کرتی ہے ۔

مدت اثر :- دو ہفتے تک ۔

ممد ومعاون ادویات۔ بیرائٹا کارب۔
ادویات متعلقہ۔ ایمونیا کارب۔ ایسکیلیپاس۔ اپیکا۔ لوبیلیا۔ اوپیم۔
فادزہر۔ پلسٹلا۔ سیپیا۔

بیلاڈونا

BELLADONNA

امراض وتاثرات

اعصابی مرکز

خون کی نالیاں۔ بال جیسی باریک نسیں

لعاب دار جھلی { آنکھ کی / منہ کی / حلق کی

جلد

اعضاء مخصوصہ

دائیں جانب کی تکالیف

اشتداد مرض سے

سورج کی گرمی یا دھوپ سے
بعد دوپہر تقریباً تین بجے
ٹھنڈی ہوا لگنے سے۔ بال کٹوانے سے (دگوناٹن)
سردی لگ جانے سے۔ پسینہ رُک کر آنے سے
روشنی سے۔ شور وغل سے۔ دھماکے سے
چھونے سے۔ صحبت احباب سے۔ حرکت سے۔ نیچے جھکنے سے

انحطاط مرض سے

ہلکا کپڑا اوڑھنے سے
پیچھے کو جھکنے سے
بستر پر آرام کرنے سے

علامات۔ گداز وفربہ بدن۔ جبکہ تکلیف یک لخت اور تیز ہو۔ خشکی ہو۔ تیز سرخی ہو۔ خون کود دفاسفورس) گرمی او جلن۔ نہایت تکلیف کے ساتھ سوزش ہو۔ انجماد خون ہو۔ سر کی طرف۔ تڑپنے اور چیرنے والا درد ہو۔ ٹھیر ٹھیر کر اور بار بار تکلیف دے۔ گولے کی مانند نکل جانے والی۔ یا نوچنے والی۔ دیوانگی۔ بار بار آنے جانے والی دنائٹرک ایسڈ) اخراج قلیل وگرم۔ جھٹکے لگیں۔ تشنج اور اینٹھن۔ گلے میں۔ رحم میں ضرورت سے چیتی زیادہ چستی۔ جوش آجائے وحشت آمیز۔ سرسام کے مریض کا سا۔ پُر غضب۔ پُر شور۔ چلاتا رہے۔ بے چین ہو۔ جلد جلد بولے۔ بچ کر بھاگنا چاہے۔ خبط۔ سر میں نبض کی سی تڑپ دکن پٹیوں میں دحرکت سے بال کھولنے سے۔ دماغ میں لہریں سی اٹھتی ورگرتی ہوئی معلوم دیں۔ سر دے دے کر مارے۔ سر کے بال کھینچے

ورم دماغ ۔گو لگ جانا ۔صدمہ ہو۔کوئی خیال دل میں بیٹھ گیا ہو۔جو بار بار ذہن میں آتا ہو۔**پتلیاں پھیلی ہوں۔** آنکھیں چمکتی ہوں۔بڑی بڑی ہوں۔سرخ ہوں۔آنکھ بند کرنے سے خوفناک خواب دکھائی دیں۔اندھے پن کے دورے بعد میں زرد زرد نظر آئے۔آنکھوں کے سامنے چمک سی ہو۔روشنی سے خوف **ناک آگ جیسی گرم۔** دھندلا نظر آتا ہو۔چہرہ گرم معلوم ہو۔**گلا اور حلق خشک اور گرم ہو۔** زوا سنوں رس ٹاکس) دانت میں درد ہوے کاٹنے سے ۔زبان پر سوزش۔زبان سرخ وسفید چتی دار۔نگلنے میں تکلیف۔ دم گھٹا جائے۔گھونٹ گھونٹ اور اوپر سانس لے کر پانی پئے۔لیمونیڈ پینے کی خواہش بہت زبردست ہو معدے یا جگر سے درد اٹھ کر کندھے اور گلے کی طرف جائے۔< درد والے پہلو پر لیٹنے سے ۔کوڑی کے پاس درد۔ قولنج۔کاٹنے والا۔پیچھے کو جھکنے سے۔کانچ نکل آئے (آرسنک) پاخانے میں کھڑیا کی سی گٹھلیاں۔آواز کتے کی بھونک سے مشابہ۔پستان سرخ دھاریوں والی۔گردن اور کندھے سخت۔دائیں طرف شام کو۔پیشاب بیٹھے سے بستر پر خارج ہو جائے۔رات کو جلدی سے بہت سا۔گرم (سہانا) حیض بکثرت اخراج نمک مرک کم پیشاب کا رنگ گہرا سرخ ہو۔کھانسی خشک ہو۔کمر ٹوٹی ہوئی سی معلوم دے۔**جلد چمکدار اور سرخ ہو۔** سرخ دھبے ہوں۔پتی یا چھپاکی اچھل آئے۔نیند آتی ہو مگر سو نہ سکے۔**سوتے وقت جھٹکے سے لگیں۔خواب** خوفناک دکھائی دیں۔مثلاً جنگ وجدل۔آتشزدگی وغیرہ وغیرہ کے۔**سر گرم ہو۔دیگر اعضا ٹھنڈے** ہوں۔پسینہ گرم گرم آئے +

خوراک دوا اور طاقت استعمال ۔۱۔۳۰۔۲۰۰۔۱۰۰۰۔شدید امراض میں خوراک دوا جلد جلد دی جائے۔

مدت اثر۔تین ہفتے۔

ممد و معاون ادویات۔بوریکس۔کلکیریا کارب۔ہیپر سلفر۔مرکیورس۔نیٹرم میور۔

ادویات متعلقہ۔گلونیم۔ہائس مس۔سٹرمونیم۔

فاد اثر۔کیمفر۔کوفیا۔اوپیم۔ایکونائٹ

برایونیا BRYONIA

امراض وتاثرات	اشتداد مرض ←
خون	حرکت سے: اُٹھنے سے / جُھکنے سے / محنت سے / کھانسنے سے / گہرا سانس لینے سے
دورہ خون - جگر	گرمی سے: گرم ہو جانے سے / گرم کمرے میں / گرم موسم میں / گرم چیز پینے سے / گرم کھانا کھانے سے
رقیق مادہ خارج کرنیوالی جھلی: سر کی / سینہ کی / جوڑوں کی / پیٹ کی	سبزیوں کے استعمال سے
قوت پیدا کرنیوالے آلات جسم: اعصاب / عضلات	تُرش اشیاء سے - کیلومل کے استعمال سے
دائیں جانب	خفگی و بیزاری سے - چھونے سے
لِف (رقیق مادہ) پیدا کرنے والے	اخراج رُک جانے سے
خانے دار ریشہ جات	سردی لگ جانے سے

اِنحطاط مرض ←

دباؤ سے: درد والے پہلو پر لیٹنے سے / درد کی جگہ پٹی باندھنے سے

سرد ہوا سے - خاموشی سے - ابر آلود مرطوب موسم میں

گھٹنے اوپر کھینچ کر اکٹھے رکھنے سے

سوزش والے مقام کو سینک دینے سے

علامات بہ آہستہ آہستہ بڑھنے والے پر طاقت حمل - نہ دبنے والی نسوں کی مقامی تکلیف - بہ نہایت پُر درد

اثرات ۔ کھانسنے پر بڑے زور کا درد ہو جس کے باعث مریض کو اپنا سر یا چھاتی وغیرہ پکڑنی پڑے ۔ پھٹے جانے والی ٹیس کی سی تکلیف پیچھے کو جاتی ہوئی **ذرا سی بھی حرکت ناگوار معلوم ہو ۔ خشک جھلی دار لعاب کا اخراج** ۔ قلیل اور چپکنے والا جمود ۔ **سوزش** ۔ رسنا ۔ سرخ دھاریاں سی ہونا ۔ بائی پت کی قسم کی ۔ مریض تنہا رہنا پسند کرے ۔ **یا گھر جانا چاہے** ۔ سست رہے ۔ **اُٹھتے وقت سر چکرائے بیہوش ہو جائے** ۔ سر میں سخت درد ہو ۔ **پھٹے جانے ۔ چیرنے والے ۔ کچلے جانے کا سا ۔ یا بھاری پن محسوس ہو** کن پٹیوں کے درمیان ۔ سامنے **پیشانی پر** کے آنکھوں کی حرکت سے ۔ بائیں آنکھ سے اوپر درد ہو ۔ بال بال درد کرتا ہو ۔ چکنے بال ہوں ۔ کھانسی ہو ۔ پاخانے کے وقت کوشش کرنے سے پنپٹیاں زخمی سی محسوس ہوں ۔ **پیچھے درد ہو** ۔ چبانے کی حرکت سے ۔ نکیھا آسنے سے ۔ منہ خشک ہو ۔ زبان بہت خشک اور کھردری ہو ۔ درمیان سے پھٹی ۔ جڑیں سرخ ۔ صابن ملا ہوا سا تھوک خارج ہو ۔ **ذائقہ تلخ ۔ پانی زیادہ پینے کی پیاس** ۔ پینے کی خواہش ہو مگر مزہ نہ آئے ۔ نفرت ہو ۔ جی متلائے کے دائیں پہلو پر لیٹنے سے ۔ دھڑکن ہو ۔ کوڑی پر ترمی ہو ۔ معدے میں بوجھ محسوس ہو ۔ جگر زخمی سا محسوس ہو ۔ کے اس پہلو لیٹنے سے ۔ اپینڈی سائٹس **پاخانہ خشک** ۔ لمبا اور بہت **سخت آتا ہو** ۔ جلا ہوا ۔ قبض رہے ۔ اٹھنے پر ابل کر نکلنے والا دست کے توں والی گو بھی سے کے موسم گرما میں ۔ پاخانے کے بعد سخت آنوں کے **لوتھڑے** خارج ہوں ۔ کے ۔ بی ۔ ایس ۔ مچورلیشن ۔ لمبا اور گہرا سانس لینا چاہے مگر لے نہ سکے ۔ اس سے کھانسی پیدا ہو ۔ **سخت درد والی خشک کھانسی** ۔ گویا معدے سے اٹھتی ہو ۔ کے کھانے پینے سے خون آلود یا سخت بلغم ۔ برانکائٹس ۔ نمونیہ ۔ دائیں ، **چھاتی میں سخت درد ہو** ۔ دائیں جانب ۔ حیض سے پہلے پستان بہت سخت ہوں ۔ ٹانگ اور کمر میں درد ہے جھکنے پر ۔ سرسام ۔ سخت محنت کے خواب ۔ **نبض بھری ہوئی تیز اور سخت** ۔ خسرہ نامکمل ۔ یرقان ۔ زکام ۔ سردی سر گرم ۔ چہرہ سرخ ۔ کے گرم کمرے میں ۔ جلانے والی خشک گرمی ۔ تمام علامات میں ۔ خون تک گرم ہو ۔ تکلیف دہ مسلسل بخار ۔ تپ محرقہ معدہ ۔ زکام ۔ اخراج دب جانے سے ۔ خارش اور چکنا پسینہ آئے ۔

خوراک دوا اور طاقت استعمال ۔ ۱x ۔ ۳۰ ۔ ۲۰۰ ۔ ۱۰۰۰ ۔ امراض شدیدہ میں کم طاقت کی دوا بار بار دیں ۔

مدت اثر ۔ دو ہفتے ۔

ممد و معاون ادویات ۔ ایبراٹے نم ۔ ایلومی نیم ۔ کالی کارب ۔ لائیکو پوڈیم رسٹاکس سیپیا ۔ سلفر ۔

ادویات متعلقہ ۔ فائٹولیا ۔ رس ٹاکس ۔

فاد افز ۔ ایکونائٹ ۔ کیمومیلا ۔ نکس وامیکا ۔

کلکیریا کارب یا کلکیریا اوسٹریم

CALCAREA CARB & CALCAREA OSTRUM

امراض و تاثرات

- غدود کی (گردن کے انٹریوں)
- پرورش کے لئے: ہڈی کی، جلد کی
- خون
- سینہ - دایاں پھیپھڑہ
- دل
- بچوں کے امراض

اشتداد مرض >

- خشک سرد ہوا سے
- سردی سے: مرطوب ہوا سے، غسل کرنے سے، ٹھنڈ لگنے سے، تبدیلی موسم پر
- محنت سے: دماغی محنت سے، جسمانی محنت و مشقت سے، چڑھنے سے، آنکھ پر زور پڑنے سے
- بچوں کے دانت نکالتے وقت
- شروع جوانی میں۔
- کپڑوں کے دباؤ سے
- دودھ سے
- بیداری سے۔ فکر سے۔

علامات۔ موٹے اور گورے آدمیوں کی تکالیف جنہیں پسینہ بہت جلد آئے > سر یا چھاتی پر۔ سوتے ہوئے۔ بکثرت۔ اکثر ترش۔ بدبودار اخراج ہو۔ دست پسینہ تھوک وغیرہ۔ جسم سے ترش بُو آئے۔ ترم۔ کائی آمیز۔ خنازیری روگیوں کی سی عادات ہوں۔ اعضا سو جائیں۔ آسانی سے موچ آجائے۔ سرد و مرطوب ہوا سارے جسم کو ٹھنڈا کر دے۔ سردی جلد لگ جاتی ہو خصوصاً چھاتی میں۔ ہڈیوں کی ساخت و نشوونما ٹھیک نہ ہو۔ بچوں کے دانت دیر سے نکلیں اور چلنا بھی دیر سے آئے۔ خنازیر ہو۔ سوکھا مسان ہو۔ ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں۔ پتھری پیدا ہونے کی رغبت ہو۔ اُداس پریشان سا اور رشک و شبہ میں پھنسا ہوا رہتا ہو

بیماری و مصیبت سے اور زیادہ زیر نگاہ رہنے سے گھبرائے ۔ دیوانگی کے سے آثار پائے جائیں (ہلیم
نگرائنم ۔ نکس وامیکا ۔ سیپیا ۔ وراٹرم البم) محتاط اور گھبرایا ہوا سا رہے ۔ الفاظ کا غلط استعمال
کر جائے ۔ اچانک اداس لاپرواہ اور سست ہو جائے ۔ سر چکر آتا ہو ۔ دل غمگین رہے ۔ سر بڑا ہو ۔
نیز پیٹ بڑا اور سخت ہو ۔ سر کی گہرائی میں درد ہو ۔ تڑپ ہو ۔ اور درد کے مارے پھٹا جائے ۔ بیداری
کے بعد چندیا کھجلائے ۔ سوئی ۔ بدبودار ۔ پھپاس ۔ (سلفر) پتلیاں پھیلی ہوئی ہوں ۔
آنکھ بند کر کے دیکھے ۔ زکام رہے پیشاب زیادہ آئے ۔ ناک اور اوپر کا ہونٹ سوجا ہوا ہو ۔
(بیرائٹا کارب ۔ سلفر) چہرہ زرد ۔ پھولا ہوا سا اور لیسدار ہو ۔ حلق کے اندر کے غدود (ٹونسل) پھولے ہوئے
ہوں ۔ انڈوں اور موٹی خوراک کی خواہش ہو ۔ گوشت سے نفرت ہو ۔ قے میں ترش اور جما ہوا سا دودھ
خارج ہو ۔ (زنٹرم فاس) معدہ الٹی طشتری جیسا ہو ۔ ناف میں اینٹھن ہو ۔ پیٹ کی خرابی سے
درد قولنج ہو ۔ دست ۔ کھڑیا کے یا بھورے رنگ کے (فاسفورک ایسڈ) یا سبز رنگ کے پتلے ہوں ۔
پیشاب بدبودار یا سخت ہو ۔ اس میں سفید سفید ذرات ملے ہوئے دکھائی دیں ۔ فوطوں میں پانی اتر
آیا ہو ۔ سیلان الرحم ۔ گاڑھا ۔ دودھ جیسا ۔ رک رک کر زور سے آنے والا اخراج ہو ۔ گلا بیٹھا ہوا ہو
مگر تکلیف کچھ نہ ہو ۔ کھانسی ۔ غبار کی دھسک جیسی ۔ بلغم ڈھیلی پیپ جیسی اور میٹھی ہو ۔ دل کمزور ہو
دھڑکن ہو ۔ چھاتی میں جلن ۔ حیض سے پہلے پستانوں میں جلن ۔ گردن میں درد کا اوپر اٹھانے سے ۔ ہاتھ
پھٹتے ہوں ۔ غدود بڑھے ہوئے ہوں ۔ (گردن کے) جلد سرد ۔ سانپ جیسی ۔ رات کو بڑبڑاتا
ہو ۔ نیند نہ آتی ہو ۔ خیالات کی فراوانی بے چین رکھتی ہو ۔ چندیا برف کی مانند سرد رہے ۔ سر پہ
ماتھوں پہ ۔ گھٹنوں پہ یا پیروں پہ داغ ہوں اور وہ سرد رہیں ۔ لرزہ ہو اور پیاس لگے ۔ اندر گرمی معلوم
دے اور باہر سے سرد ہو ۔ پسینہ آئے ۔ دماغی محنت سے سرگرم ہو جائے ۔ ہاتھ چیپ دار ہیں
(سلفر) پسینہ ۔ تھوڑا تھوڑا سر پہ ۔ کن پٹیوں پہ ۔ چھاتی پہ ۔ ماتھوں پہ ۔ پیر ٹھنڈے
اور تر رہیں ۔ پیشاب گاڑھا ہو ۔

خوراک دوا ۔ اور طاقت استعمال ۔ ۲× ۔ ۳۰ ۔ ۲۰۰ ۔ ۱۰۰۰ ۔ یا زیادہ ۔

مدت اثر ۔ پانچ ہفتے ۔

ممد و معاون ادویات ۔ بیرائٹا کارب ۔ لائیکوپوڈیم ۔ سلیشیا

ادویات متعلقہ ۔ بیرائٹا کارب ۔ سلیشیا ۔ لجدیں ۔ نائٹرک ایسڈ ۔ سلفر ۔

فاد اثر ۔ کیمفر ۔ اپیی کوانا ۔ نائٹرک ایسڈ ۔ نکس ۔

کاربو وجی ٹیبلیس CARBO VEGITABLE'S لکڑی کا کوئلہ

امراض پر تاثرات

لعاب دار جھلی { نظام انہضام / معدہ

دل { نسوں میں / دورہ خون

کن پٹی

اشتداد مرض کے

گرمی سے

خون نکلنے سے

ٹھنڈ لگ جانے سے

کمزور کر دینے والی بیماریوں سے

پیری میں

مرغن غذا سے

امیرانہ زندگی سے

زیادہ بوجھ اٹھانے سے۔ کپڑوں کے بار سے

موسم سے { شدت گرمی و سردی سے / درجہ حرارت کی تبدیلی سے / رات کو ٹھنڈی ہوا سے / کہر سے۔ رطوبت سے

سر پر ہوا لگنے سے

اخراج دب جانے سے

انحطاط مرض کے

ڈکار آنے سے۔ ٹھنڈی ہوا سے

پیر اونچے رکھنے سے

علامات ۔غمزدہ ۔ سنجیدہ ۔ بے اصولا یا حجتی اور فضول سوال و جواب کرنے والا۔ ردعمل سے عاری ہو۔ یا ضدی ہو۔ کمزوری ۔ اپھارہ ۔ ہوا کی بھوک معہ بہت سی دیگر شکایتوں کے کپکپی ۔ کمزوری ۔ جی متلائے ۔ یکایک طاقت جواب دیدے ۔ نبض چھوٹ جائے بیہوشی طاری ہو جائے ۔ بے جان سا ہو جائے ۔ آسانی سے سردی لگ جائے ۔ جسم ٹھنڈا رہے ۔ مگر بیمار کی یہ خواہش ہو کہ پنکھا ہوتا رہے ۔ یا ٹھنڈے پانی کی پیاس ہو ۔ رنگت پیلی پڑ جائے جلد گلنے

لگے۔ زخم ہو جائے۔ **خون جاری ہو**۔ سیاہی مائل اخراج ضرورت سے زیادہ بکھرا ہوا معلوم دے۔ (Venosity) (گاڑھے جلن پیدا کرنے والے اخراج دنا ئیٹر راسٹس، پرانا زکام۔ بھاری درد کرنے والی جلن۔ ہڈیوں میں، زخموں میں۔ بے حسی۔ سُست۔ متفکر اور زود رنج۔ ناخوش۔ سر بھاری معلوم دے۔ سر درد کن پٹی (ضرورت سے زیادہ گرمی سے۔ لیٹنے سے۔ یا ٹوپی کے دباؤ سے۔ چھینکیں آتی ہوں۔ گلے میں خراش سی ہو (ناک صاف کرنے سے یا چھینکیں آنے سے۔ سردی نیچے کو جاتی ہوئی معلوم دے (فاسفورس)۔ مصیبت زدہ سا۔ مکارانہ۔ افسردہ چہرہ۔ اوپر کا ہونٹ مڑا ہوا۔ خنازیر۔ دانت ڈھیلے۔ منہ میں چھالے۔ چھوٹے چھوٹے چھالے۔ زبان سیاہ۔ کھانے کے خیال سے بھی نفرت ہو۔ **ڈکار آئیں۔ بدبودار۔ بلند آواز۔ کھانسی سمیت۔ بیجا پھارہ۔ رکا ہوا پھولا ہوا** (پیٹ کا اوپر والا حصہ (پلپٹلا) ہر ایک خوراک ہوا پیدا کرے۔ بدہضمی۔ درد قولنج۔ مقعد میں جلن۔ زخمی۔ گرم جلن۔ اندام نہانی میں سوزش۔ شام کو گلا بیٹھا ہو۔ دم روکنے والی کھانسی معہ سر درد اور ٹے کے (سرد مشروبات سے بہتر ہیں۔ گوز کے ساتھ بلغم خارج ہو۔ بھاری۔ زخمی یا کمزور چھاتی۔ تباہ کن دیرپا امراض۔ پھیپھڑے کی تباہ کن بیماریاں سیم۔ فکر آلودہ ضرر کن۔ پسلیاں زخمی سی۔ گویا کہ کمر میں بند لگا ہے۔ کمزور انگلیاں۔ کھُردری اور دھبہ دار جلد۔ خوفناک۔ خواب۔ سوت جیسی باریک نبض۔ کبھی گرمی۔ کبھی سردی۔ لرزہ۔ **برف جیسی سرد** زبان۔ گھٹنے۔ ٹانگیں۔ رات کو سانس بھر گرم **اعضا ٹھنڈے۔ اندرونی گرمی۔ جلانے والی** دل میں۔ چھاتی پر۔ جلد برف جیسی سرد۔ پسینے۔ پسینے آسانی سے آجائیں۔ چہرے پر (کھانسی سے۔ معمولی خوراک بھی تکلیف دہ ہو۔ دل میں جلن رہے۔ دست آتے ہوں۔ ہڈیوں میں جلن اور سخت درد محسوس ہو۔ زبان۔ گھٹنے اور ٹانگیں رات کو برف کی مانند سرد رہیں +

خوراک دوا اور طاقت استعمال۔ ۱x۔ ۳x۔ ۶x۔ ۱۲x۔ ۳۰۔ ۲۰۰۔ ۱۰۰۰۔ اور زائد۔

مدت اثر۔ چار ہفتے۔

ممد و معاون ادویات۔ آرسینکم۔ چائنا۔ کالی کارب۔ لیکیسس۔ فاسفورس۔

متعلقہ ادویات۔ گریفائٹس۔ کولچکم۔ آرسینکم۔ ایمونیا کارب۔ لسن۔

فاد اثر۔ بعد میں۔ کاسٹکم۔ نیٹرم میور +

کاسٹیکم

CANSTICUM

امراض وتاثرات

اعصاب { محرک، احساس

عضلات { شانہ، حلقوم، اعضا

تنفس

جلد

دائیں جانب

چہرہ

اشتداد مرض ←

ہوا سے ← { سرد وخشک ہوا سے۔ برطوب ہوا سے۔ آندھی سے۔ ہوا کا جھونکا لگنے سے۔ سخت سردی اور گرمی سے

جھکنے سے۔ اخراج رک جانے سے

کافی پینے سے۔ ۳-۴ بجے صبح کو یا شام کو

محنت مشقت سے

انحطاط مرض ←

کچھ ٹھنڈی چیز پینے سے

دھونے سے

گرمی سے۔ بستر کی

چہل قدمی سے۔ آہستہ حرکت سے

علامات۔ کمزوری۔ بے قابو ہو جانے کا بڑھتا ہوا اشتباہ۔ لڑکھڑانا۔ آخر میں کسی ایک عضو پر فالج جوڑوں کی سختی۔ پٹھوں کا سکڑنا۔ ہتیلی کے دیٹرم ہیور؛ ران کی نسوں کا۔ بدشکل ہونا۔ دبلاپن۔ کسی ایک پٹھے میں جھٹکے سے لگنا۔ مرگی۔ بوقت شباب۔ کپکپی۔ جلن۔ درد۔ کھردراپن۔ حلقوم میں۔ مقعد میں۔ **دماغی تھکان۔ فکر آلود خطرات؛** دماغ میں محسوس ہوں۔ درد سر سام۔ پیشانی کے نیچے درد محسوس ہو۔ پلک جھپکی جانے بھاری محسوس ہوں آنکھوں میں درد برابر ہوتا ہے۔ دو دکھائی دیں۔ دائیں طرف دیکھنے پر چیزیں بڑی بڑی دکھائی دیں۔ سکڑی ہوئی دکھائی دیں۔ کان میں سے میل بہت نکلے۔ کان میں گونج سنائی دے۔ ناک کے نچلے حصے پر پھنسیاں (Prosopalgia) ٹھنڈے پانی سے۔ چہرہ پر فالج (لقوہ)، گرے منہ کھولنے پر زبان کی جڑ میں۔ حلق میں درد چلنے سے۔ نگلنے کی کوشش کرے۔ غلط طور پر نگلا جائے۔ چکنائی ملے ڈکار۔ جھکنے پر مقعد میں تشنج۔ کھانستے کھانستے کانچ نکل آئے۔ پاخانہ چکنے مشکل سے خارج ہو۔ کھڑے ہو جانے سے (پیشاب کی نالی) بے حس ہو جانا۔ یا مقعد ٹھوس پاخانہ کے لئے (ڈائلو)، بواسیر درد چلنے سے سوزش ہو۔ **کھانستے کھانستے پیشاب خطا ہو جائے۔** بوند بوند کر کے یا آہستہ آہستہ خارج ہو۔ بیٹھنے سے۔ دن میں حیض خارج ہو۔ رات کو سیلان الرحم۔ گلے کے گڑھے میں سنسناہٹ ہو کر کھانسی اٹھے دسپیا۔

یا بائیں حلقوم میں۔ پیہم رات کو اور صبح خشک۔ کافی گرمی کھانسی نہ لے سکے (رم) تھوک گلے میں واپس پھسل جائے کے بستر کی گرمی سے۔ جھکنے سے۔ ٹھنڈی ہوا سے ۔ ٹھنڈے پانی کی چسکی سے۔ چکنا سا مشکل سے خارج ہونے والا بلغم۔ گلا پڑ جائے۔ صبح کے وقت کے جھکنے سے ۔ بات کرنے سے ۔ حلقوم میں زخم۔ چھاتی میں زخم۔ واسکٹ تنگ محسوس ہو۔ اُٹھنے پر گردن یا کمر میں سختی۔ درد آگے کی طرف یا ران کی طرف جائے۔ نگلتے ہوئے ریڑھ کی ہڈی میں درد۔ انگلیوں کی نوکیں پھٹ جائیں پنڈلیوں میں پیروں میں۔ یا پیروں کی ام انگلیوں میں تشنج۔ گہری جلن اور اس کا اثر۔ مسے بھوؤں پر۔ پپوٹوں پر۔ ناک پر اُنگلیوں کی نوکوں پر۔ پانی۔ خون۔ زخم۔ سردی سے نہ ہو گرمی سے پیدا کیے۔ فالج۔ کھانسی۔ دست وغیرہ پسینہ ۴ بجے صبح کے قریب۔ بکثرت ذراسی کوشش سے۔ کے کھلی ہوا میں +

خوراک دوا و طاقت استعمال - ۳x - ۶x - ۱۲x - ۳۰x سفوف - ۲۰۰ - ۱۰۰۰ - اور زاید

مدت اثر۔ پانچ ہفتے۔

ممد ومعاون ادویات۔ گریفائٹس۔ لیکیسس۔ پیٹرولیم۔ سیپیا۔ سنے نم۔ سیفی سیگیریا۔

ادویات متعلقہ۔ جیلسی میم۔ کالی بائی کارب۔ فاسفورس۔ رس ٹاکس۔ سیپیا۔

فادا ثر۔ جب زہر سیسہ سے فالج گر جائے۔

علامات تیز و تشدد آمیز حرکات۔ اکثر دورے سے آیکپ یا ناقابل کردیں۔ اینٹھن ہو۔ جھٹکے سے لگیں۔ برقی چمک کی طرح اٹھنے والے درد۔ اعصابی درد نیوریلجیا خراش کی سی تکلیف پیٹ میں۔ خلش میں وغیرہ وغیرہ۔ اندرونی کھجلی۔ گلے میں۔ حلقوم میں وغیرہ وغیرہ۔ سردی لگ جائے متلی ہو۔ چالاک۔ غصہ ور اور بے صبر۔ درد برداشت نہ کر سکے۔ دیوانہ سا ہو جائے۔ چلائے بہت سرگرم ہو۔ جلدی گھبرا جانے والا اور جوش میں آجانے والا۔ اونگھنا۔ انتقام پسند۔ جلد ناراض ہو جانا۔ وہمی۔ اداس۔ افلاس کا خوف۔ تشدد پسند۔ خودکشی پہ آمادہ۔ جذبات کا غلام۔ سر چکرانا۔ خالی پیٹ۔ چندیا پر تیز حس۔ پیشانی پر سوزش۔ آنکھوں سے پانی بہتا۔ تکلیف والی طرف۔ سرخ آنکھیں۔ نتھنے زخمی۔ ناک رکی ہوئی مگر پانی بہے۔ ایک طرف چھینکیں۔ بہت تیز۔ اچھی طرح نہ آئے (بائیں) نتھنے میں چیونٹیاں سی چلتی ہوئی محسوس ہوں۔ زکام دن میں کھلی ہوا میں بہے۔ رات کو خشک۔ قوت شامہ (سونگھنے کی) تیز ہو۔ چہرہ سرخ۔ سوجا ہوا۔ زردی مائل۔ بائیں طرف کا مونہہ لٹکا ہوا۔ جبڑا بند ہو جائے۔ سخت ہو جائے۔ دانت کٹکٹائے۔ **ذائقہ تلخ**۔ ترش صبح کے وقت خراب۔ تالو میں کھجلی۔ حلق میں کھجلی۔ کھرچن۔ ہچکی بہت تیز۔ متلی والی۔ کھانسنے اور بلغم نکالنے کی کوشش سے۔ ڈکاریں ترش۔ دل جلانے والی۔ مونہہ میں پانی بھر بھر آئے۔ جی متلائے۔ صرف قے کرلے سے۔ بہت تیز۔ قے پت آلود کڑوی ترش۔ خوراک معدے میں بھاری بوجھ کی طرح پڑی رہے صفراوی درد۔ کمر میں۔ چھاتی میں۔ قے کرنے سے۔ گویا کمر میں پٹی سی بندھی ہے۔ (کپڑوں سے بد ہضمی۔ جگر چھونے سے درد۔ بڑھا ہوا۔ پتھری کی وجہ سے درد قولنج۔ **آنتڑیوں میں گھٹن (کھانسنے سے یا قدم قدم چلنے سے**۔ بچوں کے فوطے بڑھ جانے۔ پیٹ پھول کر درد قولنج ہونا۔ **بیقراری۔ پھیر پھیر کر۔ پاخانہ پھرنے کی بے سود کوشش**۔ پاخانہ آجانے سے آرام پاخانے کے لئے بہت زور لگانا پڑے۔ مقعد میں گویا آتا آتا رک جائے۔ محسوس ہو۔ گویا اور پاخانہ آئیگا۔ مروڑہ۔ دائمی قبض۔ **بواسیر** کھجلی۔ ٹھنڈے غسل سے۔ جلق۔ مساہلط۔ انزال۔ حیض بکثرت پیش از وقت۔ دیر تک یا رک رک کر۔ سیاہ گٹھلیوں دار خون کا اخراج۔ تکلیف اور اینٹھن تمام جسم میں پھیلی ہوئی۔ کھانسی بہت تیز اور تکلیف دہ۔ کھانستا کھانستا گر پڑے۔ کالی کھانسی۔ گرجلن میں سختی اور درد۔ (دائیں) کندھے کے نیچے درد۔ کمر کا درد۔ گویا کمر ٹوٹی جاتی ہے۔ کروٹ لینے

کے لئے اُٹھنا پڑے ۔ نہایت تیز لمبیگو (درد کمر)، ریڑھ کی ہڈی کی طرف جانے والا ۔ پیر کی اُنگلیوں سے ران کی طرف آنے والا ۔ پاخانہ آنے کے بعد ۔ پنڈلیوں اور تلوؤں میں سخت مروڑ یا بائنٹے نیل یا پیر پھٹے ہوئے ۔ یرقان ۔ جمبھائیاں آنا ۔ شام کو غنودگی ۔ کثرت خیالات کے باعث بے خوابی ۔ بہت جلد سویرے کو کھل جائے پھر نیند نہ آئے ۔ اگر سو بھی جائے ۔ تو جاگنے پر طبیعت بہت افسردہ سی رہے ۔ خوفناک خواب دیکھ کر بڑبڑانا ۔ بہ آسانی سردی لگ جائے کپڑا نہ آنار سکے (حرکت سے ۔ خواہ گرمی ہی کیوں نہ ہو ۔ ترش بودار پسینے ۔

مقدار خوراک و طاقت زیر استعمال ۔ ۱ سے ۔ ۳ تک یا ناید

مدّت اثر ۔ ۲ ہفتے ۔

ممد و معاون ادویات ۔ برائونیا ۔ کیمومیلا ۔ کونیم ۔ کالی کارب ۔ فاسفورس ۔ پلسٹلا سیپیا ۔ سلفر

ادویہ متعلقہ ۔ اگنیشیا ۔ لائیکوپوڈیم

مخالف ادویہ ۔ ایسڈ ایسڈ ۔ کاسٹکم ۔ اگنیشیا ۔ نکس موسک ۔ زنکم

فاسفورس PHOSPHORUS

امراض و تاثرات

خلا { سر ۔ پھیپھڑے ۔ دل }

دوران { خون ۔ خون کی نالیاں ۔ شریانیں }

لعابدار جھلیاں { معدے کی ۔ انتڑیوں کی ۔ پھیپھڑوں کی (نچلے حصے) }

اشتداد مرض <

لیٹنے سے { بائیں کروٹ ۔ تکلیف دہ پہلو پر ۔ چت }

معمولی سی وجہ سے { جذبات میں ہیجان ۔ بات چیت سے ۔ چھونے سے ۔ بُو سے ۔ روشنی سے }

ٹھنڈ سے { ہاتھوں کو (پانی لگنے سے ۔ کھلی ہوا میں ۔ }

گرم

اعصاب { دماغ (Cord)

ہڈیاں { اوپر کے جبڑے کی ہڈی
پنڈلی کی ہڈی
ریڑھ کی ہڈی

جگہ

نمک سے ۔ شباب میں

موسم { اچانک تبدیلی سے
آندھی ۔ سردی سے
طوفان باراں

صبح وشام
دماغی تکان

انحطاط مرض سے

کھانے سے { خوراک
سونے سے { پانی
سردی سے { منہ کو
مالش سے (مقناطیسی اثر سے)
بیٹھ جانے سے

علامات ۔ روز افزوں کمزوری ۔ جس کا انجام کسی سخت یا نہایت تیز بیماری میں ہو (مار ٹوٹا) بار بار ہونیوالی تکالیف ۔ سردی ۔ کھانسی (کروپ) **اخراج خون** وغیرہ وغیرہ ۔ چمڑلنے والے ۔ ناسور یا زخم سے خون بہہ نکلنا ۔ سڑاؤ ۔ دل یا پھیپھڑوں کے امراض کے اثرات ۔ بلند بالا لاشاندار زود حس ۔ نازک ۔ تپ دق کا رجحان ۔ کمزوری کے حملے ۔ جوڑوں میں ذ محنت سے ۔ خالی خالی ہونے کا احساس ۔ چھاتی میں معدے میں ۔ حواسات نہایت تیز حد سے زیادہ تھکان ۔ تناؤ چھاتی میں (بائیں) کھانسی وغیرہ میں ۔ دھبے جن میں درد یا جلن ہو ۔ اندرونی فالج ۔ گلے میں ۔ مقعد میں ۔ اندرونی خارش ۔ دھسک ۔ دھڑکن ۔ کہیں کہیں بے حسی ۔ تبدیلی موسم کا تیز احساس ۔ مخبتی ۔ لیکن جلد جوش میں آجائے ۔ یا بآسانی ناراض ہوجائے ۔ متفکر ۔ تنہائی میں ۔ یا طوفان سے دمے ۔ سر میں چکر آئے ۔ بہت سی علامات سمیت ۔ بہتا پھرنیوالا ۔ جاگنے کے بعد ۔ گھومتا ہوا ۔ سے پاخانہ پھرنے کے بعد ۔ سر بھاری رہے ۔ ایک آنکھ کے اوپر درد کرے ۔ بھوک لگے ذ بچوں کو دائیں کروٹ لیٹنے سے ۔ سے سردی سے ۔ کنپٹیاں جلتی ہوں ۔ ماتھا ٹھنڈا ہو ۔ چندیا میں تڑپن ہو ۔ سر میں پھپھاس ہو ۔ گنج کے نشان ہوں ۔ آنکھوں سے پانی بہے ۔ آندھی میں بصارت چمکارے ۔ سرخ سبز سیاہ ۔ سے سائے میں ۔ تنگ نظری ۔ کانوں میں گونج یا تھرتھراہٹ ۔ انسانی آواز کی طرف سے

بہرہ پن۔ کان میں درد۔ ناک پھڑکنا۔ نزکام بہے۔ رُکی ہو۔ سوزش ہو۔ زخم ہو۔ خلا ہو۔ نکسیر بہے
نوجوان کو بعد میں نمونیہ معہ کھانسی کے چھینکیں آئیں د بُو سے۔ سردی ناک سے نیچے کو اترتی
ہوئی معلوم دے۔ سونگھنے کی طاقت تیز ہو۔ ناک اور مونہہ پر زردی۔ تبدیلی پذیر۔ مریضوں کا
سا چہرہ۔ آنکھوں کے گرد گڑھے۔ نیلے حلقے۔ دانت بے حس۔ مسوڑے زخمی۔ مرکزی دانتوں کے
پیچھے۔ تالو میں خارش۔ تلخ ذائقہ اور ڈکاریں۔ حلق میں روئی جیسی لٹکتی ہوئی معلوم دے۔ ٹھنڈے
مشروبات پینے کی خواہش ہو جن سے تکلیف بڑھے۔ تھوڑی دیر میں قے ہو جانے۔ مونہہ
میں پانی بھر بھر آئے۔ بھوک خوب تیز ہو۔ رات کو دورے سے پہلے۔ نمک کی خواہش ہو۔ جب
دیا جائے تو انکار کر دے۔ معدے میں جلن د کھانے سے۔ کوڑی کے اوپر دباؤ۔ معدہ خالی
کھوکھو سی محسوس ہو۔ گویا نیچے کو لٹکا جا رہا ہے د جذبات۔ کپکپی۔ بھربھراہٹ یا گڑگڑاہٹ ملنا
آرام پڑنے کے لئے پیٹ کو ملے۔ پاخانہ پکے ہوئے ساگودانہ کی مانند۔ دانے دار۔ کمزور۔ سخت۔
دست آمیز۔ بھورا نیلگوں۔ پتلا۔ اخراج میں تکلیف نہ ہو۔ گھبراہٹ ہو۔ بے ارادہ خارج ہو جانے
بہت کمزوری ہو جائے۔ مقعد کھلی ہوئی معلوم دے۔ کانچ نکل آئے۔ پیچش ہو۔ پیشاب کر کے کمزوری
محسوس کرے۔ ذرات آئیں۔ کبھی کبھی البیومن آئے۔ جماع کے لئے بیقراری۔ مگر نامردی۔ حیض دیر
تک جاری رہیں۔ حیض کی بجائے سیلان الرحم جلن دار۔ سانس کے لئے اضطراب د ذرا سی
حرکت سے۔ دم گھٹا جائے۔ رُک رُک کر سانس آئے۔ د کھانسی۔ حلقوم خراش۔ زخمی۔ روئیں دار
بولنے میں تکلیف۔ آواز۔ دھیمی۔ گلا پڑا ہوا۔ د شام کو۔ کروپ۔ برانکائیٹس۔ کھانسی سخت۔
جھرجھری سی آواز کرنے والی۔ خشک۔ پُر از تکلیف۔ دھسک اٹھے۔ کھنگارنا پڑے۔ سخت کمزوری
پیدا کرے۔ ہوا خارج ہو۔ ہوا کی نالی میں جلن یا کپکپی د تبدیلی موسم۔ اجنبیوں کے سامنے ہنسنے
یا گانے سے۔ بلغم آسانی سے خارج ہو۔ نمکین۔ زنگ آلود۔ جھاگدار۔ یا ٹھنڈا۔ نمونیہ (بائیں
پھیپھڑے کا نچلا حصہ۔ درجہ دوئم۔ معہ غنودگی چھاتی بھری ہوئی۔ بھاری بھاری۔ چبک (بائیں
جانب اوپر) گلے میں تکلیف یا دائیں جانب۔ بازو میں۔ کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف گڑگڑاہٹ
د ٹھنڈے مشروبات سے۔ دل میں درد دائیں جانب بازو۔ ذرا سی بات پر بہت دھڑکن ہو۔ خنازیر
کے دوران میں۔ کمزور۔ چربی دار۔ بائیں جانب درد۔ پستان پر پھوڑا۔ کے درمیان
تشنج۔ جلن۔ ریڑھ کی ہڈی میں بیٹھنی د گرمی سے۔ بائیں کندھے سے آگے کو درد آئے۔ بائیں
کندھے میں پھاڑنے کا سا درد۔ رات کے وقت۔ کمر کے ارد گرد جلن دار دھبے۔ ہاتھ کی انگلیاں

بے حس۔ اور پیر کی بھی۔ ہتیلیوں میں۔ کولہوں میں اور پھر اوپر کمر میں فالج کی سی چیک ٹخنے ٹوٹے سے جائیں۔ پیروں میں پسینہ رُک جائے۔ لڑکھڑاہٹ۔ بہ آسانی لڑھک جائے۔ پیر یخ جیسے سرد پیروں کی انگلیوں میں اینٹھن۔ سرخ لہو جیسے دھبے۔ رقیق۔ بدبودار۔ خون آلود پیپ کا اخراج۔ پیٹ پر زرد دھبے۔ یرقان۔ حجامت کے بعد کھال میں جلن۔ بے خوابی۔ آنکھ بند نہ رہیں۔ اندرونی گرمی سے۔ دن میں غنودگی۔ نصف شب سے پہلے بے خوابی۔ آتشزدگی کے خواب۔ سر یا پھیپھڑوں میں انجماد۔ سردی گھٹنوں میں۔ بستر میں۔ گرم کمرے میں سردی۔ کمر میں جلانے والی گرمی۔ کسی جگہ مقامی۔ کمر میں۔ تپ دق کی سی۔ پسینہ۔ علی الصباح چپ چپا۔ کچھ آرام نہ آئے۔ نہا نے کے تکلیف

مقدار خوراک وطاقت زیر استعمال ۳۰ سے ۲۰۰ تک بہت کم طاقت کی دوا نہ دینی چاہئے نہ دیر تک جاری رکھنی چاہئے۔ خصوصاً تپ دق کے مریضوں کو + **مدت اثر** ۔ ۵ ہفتے ۔

ممدو معاون ادویات ۔ آرسنک۔ کلکیریا کارب۔ سیپیا۔ کالی کارب۔ لائیکوپوڈیم۔ سینگوینریا۔ سیپیا۔ سلفر

ادویہ متعلقہ ۔ کاسٹکم۔ کونیم۔ سلیشیا

قاد زہر ۔ کوفیہ۔ نکس وامیکا

مخالف ادویہ ۔ کاسٹکم۔

فاسفورک ایسڈ PHOSPHORIC ACID

امراض وتاثرات

من ۔ اعصاب

اعصاب تناسل

ریڑھ { اعصاب احساس (سینسوری)، عضلات

ہڈیاں

اشتداد مرض

کمزوری { رقیق رطوبتوں کے ضائع ہونے سے، کثرت جماع سے، تکان سے، بخار سے

جذبات بھڑکنے سے { رنج سے۔ تنگ ہونے سے، دماغی صدمے سے، ناکام محبت سے۔ گھر کی یاد سے، ہوا کے جھونکے سے۔ سردی سے

گانے سے ۔ باتوں سے

انحطاط مرض ∠

گرمی سے ۔ تھوڑی سی نیند سے

اجابت سے

علامات ۔ کمزوری یا ناطاقتی ۔ کثرت اخراج سے ۔ دھیماپن ۔ جس کروٹ لیٹا ہوا دھر ہی درد جائے ۔ خراش کی سی تکلیف ۔ بڑھتے ہوئے سے درد (Formecation) بالوں کی جڑوں میں ۔ ریڑھ کی ہڈی کے برابر ۔ اعضا دہیں ۔ جوڑ ڈھیلے محسوس ہوں ۔ خاموش بے توجہ ۔ لاپروا کند ذہن ۔ کاہل ۔ دست یا پسینوں کی رغبت ۔ گرفت کمزور ۔ خیالات جمع نہ کر سکے ۔ الفاظ ڈھونڈتا رہے ۔ حافظہ کمزور ۔ ناامیدی ۔ بات کرنے کو جی نہ کرے ۔ ہلکا سا سرسام ۔ جلدی سے غصہ آجائے چندیا پر کچلنے والا بوجھ معلوم دے ۔ بال جلدی سفید ہو جائیں ۔ بال جھڑیں ۔ بے چمک ۔ گڑھے میں اتری ہوئی آنکھیں جن کے گرد نیلے حلقے ہوں ۔ دباؤ سے باہر نکل جائیں ۔ زرد ۔ بیمار سا چہرہ ۔ جیسے انڈوں کی سفیدی جم کر خشک ہوئی سی معلوم دے ۔ مسوڑھوں میں سے خون بہے ۔ زبان جھاگدار ۔ رسوں کی خواہش ۔ معدے میں ترشی ۔ بہ افراط بے درد میلے سفید ۔ پتلے یا لمبے لمبے دست ۔ کمزوری کم ۔ دودھ کے رنگ کا پیشاب بار بار آئے ۔ بستر خراب ہو جائے ۔ سردی لگ جائے ∠ چھاتی کو ۔ ہلا دینے والی کھانسی ۔ ریڑھ کی ہڈی میں کمزوری ۔ فالج زدہ کی سی ۔ بازوؤں کا اگلا حصہ بھاری ۔ رات کو ہڈیوں میں درد ۔ گویا کوئی چھیل رہا ہے ۔ افسردہ ۔ جھریوں دار جلد ۔ دن میں غنودگی ۔ لیکن رات کو بیداری ۔ سردی چہرے یا پیٹ کے ایک طرف ۔ ریڑھ کی ہڈی کے برابر جلن ۔ کمر کے نیچے ۔ گردن کے حصے پر ۔ گرمی لگے ۔ پسینہ آئے ۔ بہت پسینہ ∠ رات کو ہلکے بے تکلیف بخار کے نتیجے کے طور پر +

مقدار خوراک و طاقت استعمال

مدت اثر ۔ ۴ ہفتے ۔

ممد و معاون ادویات ۔ چائنا

ادویہ متعلقہ ۔ جیلس ۔

پوڈوفائلم PODOPHYLUM

امراض وتاثرات

جگر { ڈوڈونیم، انتڑیاں
مقعد

دائیں جانب { خصیۃ الرحم، شانہ (سکیپولا)، حلق

اشتداد مرض

علی الصبح۔ کھانے سے
موسم گرما میں۔ دانت نکالنے کے دنوں میں
پینے سے۔ حرکت سے
پارے کے استعمال سے

انحطاط مرض

جگر کو آہستہ آہستہ تھپکی دینے سے
پیٹ کے بل لیٹنے سے

علامات۔ جی متلانا۔ جلنا کڑھنا۔ سر ادھر ادھر مارنا۔ آنکھیں نیم وا۔ سانس خراب۔ زبان جلی ہوئی سی۔ کھردری۔ مسوڑھے کاٹے۔ دانت کٹکٹائے۔ ذائقہ تلخ۔ منہ میں ہمیشہ کچھ بھرا ہوا سا معلوم دے۔ جگر میں درد۔ جلن۔ کمزور پیٹ خالی۔ ڈوبا سا جائے پیٹ میں درد کا سا احساس۔ پیٹ ملنے سے آرام دے۔ انتڑیوں میں گڑگڑاہٹ ہو کر بغیر تکلیف کے بدرنگ اور بہت سا پاخانہ بڑے زور سے خارج ہو۔ موسم گرما کے دست سفید دست گندے پانی جیسے جھاگ دار۔ کھانے سے ذرے نکلیں۔ کمزوری پیدا کریں۔ ہیضہ۔ کبھی دست کبھی کوئی اور تکلیف مثلاً سر درد وغیرہ۔ زرد۔ سخت۔ کھڑیا کے رنگ کا پاخانہ مقعد میں جلن۔ کھاج کمزوری پاخانے سے پہلے کانچ نکل آئے۔ بواسیر تر۔ بدبودار۔ خصیۃ الرحم میں بے حسی آمیز درد۔ دائیں طرف کو جائے۔ دائیں ٹانگوں تک جائے۔ پاخانہ پھرتے ہوئے۔ اعضائے تناسل کے لئے خطرہ۔ یرقان چہرے اور آنکھوں میں۔ سوتے ہوئے کراہنا اور گڑگڑانا۔

مقدار خوراک وطاقت استعمال۔ مدر ٹنکچر سے ۶ درجہ تک ۲۰۰ اور ۱۰۰۰ اچھوں کے دستوں میں حسب علامات مفید ثابت ہوئی۔

مدت اثر۔

ممدو معاون ادویات۔ کلکیریا کارب۔ نیٹرم میور۔ سلفر

ادویہ متعلقہ۔ ایلو۔ چائنا۔ مرکیورس +

پلسٹلا (PULASTILLA)

علامات وتاثرات

من

دریدیں

لعاب دار جھلی:
- زبان
- معدہ
- انتڑیاں
- زنانہ اعضائے تناسل
- اعضائے پیشاب

اعضائے تنفس

ایک طرف

دل (دایاں حصہ)

اشتداد مرض

گرمی (ہوا۔ کمرہ / کپڑے۔ بستر)

پیر بھیگنے سے

اخراج دب جانے سے

شام کو آرام سے

حرکت شروع کرنے سے

لیٹ جانے سے۔ ایک کروٹ دبائیں

کھانے سے (امیرانہ خوراک / بہت دیر بعد / گھی چربی وغیرہ۔ برف / انڈے)

شباب۔ ایام حمل

حیض سے

فولاد کے استعمال سے۔ کونین کے استعمال سے

انحطاط مرض

ٹھنڈ سے۔ تازہ۔ کھلی ہوا میں

کپڑا اتر جانے سے

کھڑے ہونے سے

آہستہ آہستہ حرکت سے

خوب رو لینے سے

علامات۔ تبدیلی پذیر۔ ادلتی بدلتی علامات۔ ایک خاص حد تک بڑھ کر یکایک کم ہو جائیں اور پھر وہیں پہنچ جائیں۔ پیاس نہ ہو۔ سانس پورا پورا نہ آئے اور سردی لگے۔ ماضے

کی یا حیض کی خرابی۔ اخراج دب جانا۔ کان بہنا۔ حیض ۔سیلان الرحم ۔ دودھ وغیرہ وغیرہ۔ اخراج
خون۔ چرمراہٹ۔ خون کی کمی۔ اخراج بہ افراط۔ نرم۔ گاڑھا۔ زردی مائل سبز۔ تلخ لعاب۔
جھٹکے سے لگیں۔ ایسی تکلیف جیسے زخم کو چیرا پھاڑا جاتا ہو۔ بے حسی۔ مانند بیر کی یا جس طرف لیٹے
ہو۔ زرد رُو۔ ٹھنڈی۔ گوری۔ نرم دل۔ حلیم الطبع۔ پُرجذبات۔ جلد رونے والی ہمت
ہار بیٹھنے والی۔ جلنے کڑھنے والی۔ جلد ناراض ہو جانے والی۔ ہمدردی کی خواہشمند۔ سر جھکا کر نہ
لیٹ سکے۔ چند یا میں سر درد شروع ہو۔ کنپٹیوں میں درد۔ ← کھانسی سے تالو پر بہت پسینہ آئے
آنکھیں آنسوؤں سے پُر۔ یا ڈھکی ہوئی سی معلوم دیں۔ ← آندھی سے۔ پلکیں چپکیں۔ سردی کا اثر۔
آنکھیں دُکھیں۔ سوزاک کا اثر۔ انجھناری یا گوہاری۔ اندھے پن کے حملے ← حیض سے۔ رات کو
کان میں درد۔ برا اخراج۔ ناک کے سامنے بدبو۔ زکام۔ لیٹنے سے ناک رُک جائے۔ زرد چہرہ۔
ہونٹ چاٹے۔ نیچے کا ہونٹ بیچ میں سے پھٹ جائے۔ سانس میں بدبو۔ دانت کا درد۔
گویا کوئی دانت کھینچ رہا ہو۔ ← سردی سے۔ ذائقہ خراب۔ صبح کے وقت خون آلود۔ چکنا۔ چپ چپا
مُنہ یا خشک بے پیاس۔ زبان جلی سی محسوس ہو۔ کھانے کے بعد ذائقہ مُنہ میں قائم رہے۔ پانی یا
چکنائی ناپسند ہو۔ ترشی کی خواہش جو موافق نہ آئے۔ یکایک نفرت ہو جائے۔ ← کھانے سے چھاتی
پر جلن۔ جی متلائے۔ کوڑی میں کاٹے جانے کی سی تکلیف۔ نبض کی سی تڑپ۔ بھاری یا بگڑا ہوا
معدہ۔ پیٹ۔ پتھر جیسا سخت۔ درد کرے۔ بے حس ہو۔ جوڑوں میں درد۔ پاخانہ۔ تبدیلی پذیر۔
سبز آنوں ← آدھی رات کے بعد صفراوی۔ بواسیر ← لیٹنے سے۔ پیشاب غیر ارادتاً لیٹنے پر خارج
ہو جائے۔ بعد میں لہو آئے۔ مثانے میں بھاری دباؤ سا۔ یا تشنج۔ رات کو پیشاب خطا ہو۔ جلن
بائیں طرف نیچے کو۔ پروسٹیٹ بڑھے ہوئے۔ سوزاک۔ خون آلود اخراج۔ حیض سا محسوس ہو۔ حیض
سیاہ۔ بدیر۔ شباب میں۔ کم ← نہانے سے۔ بے قاعدہ۔ جلن والا۔ غائب۔ ایام حیض میں
تکلیف۔ وضع حمل کے بعد کمزور درد۔ بعد میں درد۔ سیلان الرحم۔ دودھ جیسا۔ چرمراہٹ ہوا کی
بھوک سی محسوس ہو۔ ← بائیں طرف لیٹنے سے۔ گویا پیٹ میں۔ اگر گرمی ہو۔ کھانسی صبح کو ڈھیلی
شام کو خشک۔ کوڑی میں دھسک اٹھ کر بیٹھنا پڑے۔ بلغم گاڑھی۔ جھاگدار۔ میٹھی نمکیں۔ چھاتی
میں تکلیف گویا کہ بوجھ رکھا ہے۔ دھڑکن۔ پستان۔ کنواری کے دودھ۔ زخمی سی۔ درد کرنے والی
گٹھلی (دائیں جانب) دودھ کم۔ جوڑوں میں سوزش۔ پیر کی پشتیں۔ کبھی بے حس ہو۔ نچلے اعضا
میں۔ درد نیچے کو جائے۔ کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف۔ ٹانگیں بھاری ہوں۔ ٹانگوں میں سر پھٹن

پیروں میں بدبودار پسینہ۔ غدود میں سوزش۔ وریدیں پر درد (Vericose) گرم ہونے پر جلد میں خارش۔ خسرہ۔ دن میں غنودگی۔ لیٹے ہوئے سر پر ہاتھ رکھے۔ نیند اُچٹتی رہے۔ خواب آتے رہیں۔ صبح کو پریشان یا تھکا ہوا سا بیدار ہو۔ سردی لگے۔ مگر گرمی سے نفرت ہو۔ گرم کمرے میں درد ہو۔ رات کو لیٹنے سے۔ ایک ہاتھ ٹھنڈا ہو۔ کچھ حصے پر پسینہ آئے +

طاقت استعمال یقدار خوراک ۔۳ سے ۔۳۰ تک۔

مدت اثر۔ ایک ہفتہ۔

ممد و معاون ادویات۔ آرسنک۔ برایونیا۔ کالی بائیکارب۔ کالی سلف۔ لائیکوپوڈیم۔ سیپیا سلفر۔ سیلیشیا۔ سٹینم۔ سلفیورک ایسڈ۔ زنکم

ادویہ متعلقہ۔ ایپس۔ سمی سفیوگا۔ گریفائٹس۔ ہیمامیلس۔ کالی بائیکارب۔ نیٹرم سلف۔

مخالف ادویہ۔ نکس موسک۔

رہس ٹاکس

RHUS TOX

امراض یا تاثرات

- جلد
  - چہرہ کھوپری
  - اعضائے تناسل
- خون
- ریشہ جات
  - سیلولر (Cellular)
  - (Ligamants)
  - (Fibrous)
- لعابدار جھلیاں۔
- غدود
  - (Pyers)
  - (Parotid)
- اعصاب
  - (Cord)
  - عرق النسا (Sciatic)

اشتداد مرض کے

- کھل جانے سے
  - مرطوب ٹھنڈی ہوا کے سامنے
  - نہاتے دھوتے ہوئے
  - ٹھنڈ یا ہوا کا جھونکا لگ جانے
  - پسینوں میں کھل جانے
- سے ہاتھ وغیرہ
- حرکت شروع کرنے سے
- آرام سے
- موچ آنے سے۔ بہت محنت سے
- بعد نصف شب

انحطاط مرض کے

- حرکت جاری رہنے سے

بائیں جانب یا بائیں سے دائیں کو جانیوالی تکالیف

گرمی سے { کپڑے لپیٹنے سے۔ غسل سے / اگر گرمی پہنچائی جائے۔
ملنے سے۔ نکسیر سے
پیٹ پکڑنے سے

علامات۔ وبائی خارش۔ جوش میں لانے والے تپ محرقہ۔ بادی یا فالج کے اثرات۔ رات کو درد گولی کی طرح نکل جانے والا۔ چبک والا۔ یا پھاڑنے والا۔ کسی حالت میں بھی آرام نہ پا سکے۔ زخم یا خراش جیسی تکلیف۔ اکڑاؤ۔ گوشت کٹا ہوا سا یا ڈھیلا سا محسوس ہو۔ اکڑا ہوا سا جان پڑے۔ عضلات میں تشنج۔ چیونٹیاں سی رینگیں۔ بے حسی۔ کپکپی۔ جلن۔ سوزش اور سرخی۔ اخراج جرم رلنے والا ۔ زنگ کے رنگ کا۔ گوشت دھوئے ہوئے پانی جیسا یا گدلا سا۔ جس سے پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں۔ غمگین۔ متفکر۔ بیدل یا افسردہ۔ آہستہ آہستہ جواب دے ہلکا ہلکا سرسام۔ سر گھومے۔ بعد ازاں سر میں درد ہو۔ دماغ پھٹا جائے۔ یا ڈھیلا سا محسوس ہو۔ دھماکے سے۔ ماتھا گویا کسی بوجھ سے دبایا جا رہا ہے۔ گدی میں اکڑاؤ اور درد۔ دائیں پہلو لیٹنے سے۔ آنکھوں کے پیچھے درد۔ حرکت سے۔ پردہ چشم سخت چمکتا ہوا خشک۔ مضبوطی سے بند ہو جائے۔ آنسو بکثرت گرم رک رک بہیں۔ روشنی سے ڈر لگے۔ ناک کی نوک سرخ۔ تیز رس۔ پانی بہے۔ نکسیر۔ رات کو۔ ناک کی ہڈی میں سخت درد۔ چہرے میں درد۔ بائیں رخسار پر سرخ دھبے۔ سوجا اور اکڑا ہوا چہرہ۔ خشک۔ پھٹے ہوئے ہونٹ۔ ہونٹوں پر پھنسیاں (ہرپیز)۔ میلا۔ خون آلود تھوک سوتے ہوئے بہے۔ دانت ڈھیلے محسوس ہوں۔ زبان کی نوک پر سرخ مثلث۔ تر۔ پیچھے سرخ میلی۔ یا ایک طرف میلی۔ درمیان میں سرخ اور خشک ذائقہ تانبے کا سا یا خشک گھاس کا سا۔ صبح کے وقت گلے میں بائیں جانب خراش۔ غدود میں سوزش گرم مشروبات کی خواہش ہو خواہ ان سے دکھانسی ہیں۔ سردی میں وغیرہ۔ کھانستے کھانستے قے ہو جائے۔ پیٹھ پر چت لیٹنے سے قے ہو جائے (Facal) پیٹ چھونے سے درد ہو۔ پیٹ میں گولا سا معلوم ہوے۔ دست پتلے۔ جھاگ دار۔ خون آلود۔ بدبودار۔ اینٹوں کی سرخی کے رنگ کے چھیچڑے والے چمکدار۔ بے ارادہ خارج ہو جائیں۔ یا مروڑ سے آئیں۔ دبنے سے۔ بواسیر دانہ اٹھانے سے۔ اعضائے تناسل میں ورم خصوصاً دائیں آگے کی جھلی میں۔ خارش۔ سوزش۔ کھانسی خشک گلا بیٹھا ہوا۔ پھاڑنے اور تکلیف دینے والی۔ خون کا سا ذائقہ۔ پھیپھڑوں کا یک بیک پھول جانا یعنی (Oodema) دھڑکن دحرکت سے۔ دل تھکا سا محسوس ہو۔ (Hypertraphy) درد

بازو میں نیچے کی طرف جائے۔ گردہ سخت ہو۔ شانوں کے درمیان درد د نکلنے سے۔ کمر درد کے مارے سکڑی جائے یا ٹوٹی جائے ے خوب دبانے سے۔ پھرنے سے یا پیچھے جھکنے سے۔ لمبیگو یعنی کمر کے گرد درد۔ رانوں تک جائے ہے جیسی۔ اعضا میں کانٹے سے چبھن۔ بازو خود بخود حرکت کریں دوایاں، کہنیوں میں فالج کا سا درد۔ ہاتھوں کی پشت پر (Phagades) ہتیلیاں خشک گرم پھٹی ہوئی۔ دکھتی ہوئی۔ ہاتھ دھونے سے جلن ہو۔ ران کی طرف درد جائے د پاخانہ پھرنے سے سائٹکا ٹانگ کی بیرونی نس میں درد۔ ٹانگ بے جان یا لکڑی کی سی معلوم ہو۔ پنڈلیوں میں اینٹھن ہو۔ زخم ہوں۔ جن سے خون آلود پانی بہے۔ خارش ہو۔ جلد سخت ہوتی۔ خشک۔ گرم۔ کھلج ہو جلن ہو۔ د گرمی سے۔ ٹھنڈی ہوا سے درد ہو۔ چھوٹی چھوٹی پھپھولے دار یا کھرنڈ دار پھنسیاں۔ ایگزیما کی سی۔ تریا چھپا کی یعنی پتی جیسے داغ۔ د اعضائے تناسل پر۔ پیچش کے ساتھ باری سے۔ بانوں میں سے پیپ بہے۔ رحم کا زہر چڑھ جائے۔ نان بائیوں کی خارش۔ زخموں سے پانی بہے۔ خواب سخت محنت کے۔ کشت وخون کے۔ تھکا ہوا یا گھبرایا ہوا سا بیدار ہو نبض تیز کانپتی ہوئی۔ بے قاعدہ۔ آسانی سے سردی لگ جائے د ذرا سا کپڑا کھل جانے سے بازو میں درد د کھانسنے سے لرزہ گویا سرد پانی پڑ رہا ہے یا رگوں میں دوڑ رہا ہے۔ کھانسی سے پہلے باری باری سے گرمی لگے۔ کسی ایک حصے میں۔ گرمی اور سرسامی۔ پسینہ د تکلیفیں۔ بے خوابی کیساتھ

مقدار خوراک وطاقت استعمال ۳۰ سے ۲۰۰ تک اور ۲۰۰ یا اس سے زیادہ سی دوا کے ٹنکچر یا پودے۔ زہریلے اثرات دور کرنے کے لئے مفید ہے + **مدت اثر** - ۴ ہفتے۔

مدد ومعاون ادویات۔ برائیونیا۔ کلکیریا کارب۔ کاسٹکم۔ لائیکوپوڈیم میگنیشیا کارب میڈورائنم۔ فاسفورس۔ فائٹولیکا۔ پلسٹیلا۔ سلفر

ادویہ متعلقہ۔ آرنیکا۔ برائیونیا۔ ڈلکامارا۔

سلفر SULPHUR گندھک

امراض وتاثرات		اشتداد مرض د
دورۂ خون	رگوں میں محرابوں میں پیٹ میں	اخراج دب جانے سے غسل سے۔ دودھ سے

اعضائے پرورش

لعابدار جھلیاں { میوکس / سیرس

مقعد ۔ چھاتی

جلد ۔ تھنوں میں

چندیا ۔ تلوے

جوڑ ۔ غدود

گرمی سے { کوشش سے / بستر میں / اونی کپڑوں سے وغیرہ وغیرہ

موسمی تبدیلیوں سے

بولنے سے

وقت مقررہ پر { ۱۱ بجے قبل دوپہر / آغاز پیری میں / پورے چاند پر (سائنا ۔ سلیکا)

انحطاط مرض

کھلی ہوا میں

گرم سینک سے

پسینے سے ۔ خشک گرمی سے

علامات ۔ کبڑے ۔ لاغر ۔ دایم المریض ۔ غلیظ ۔ میلے کچیلے ۔ سوکھے ہوئے ۔ بھوک اچھی ۔ بچوں کا سوکھیا ۔ سورا (Psora) ہنجیراں یا خنازیر ۔ بائی کے درد ۔ ردعمل کی کمی ۔ ایزرش پھر خشک ہونے میں دیر ۔ ہر تکلیف کا پرانی پڑ جانا ۔ کنارے سرخ یا کوئی واحد حصہ مثلاً ہونٹ کان ۔ ٹخنے وغیرہ (ایلو) مقامی جلن یا انجماد ۔ تلوے ۔ چندیا ۔ ہڈیاں پر درد مقامات ۔ خارش خاص مقامات میں ۔ اخراج سے خارش ۔ بدبودار چھرانے والے ۔ یا خون کی دھاریوں والے اخراج کمزوری ۔ بیہوشی کے دورے ۔ خالی خالی احساس ۔ ضرورت سے زیادہ پُر احساس ۔ بے چینی ۔ غنودگی ۔ اوپر چڑھنے والی تکالیف ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ کپکپی ۔ چکر وغیرہ ۔ دھیمے سست ہو کے ہمیشہ تھکے ہوئے سے ۔ پُر امید خواب دیکھنے والے ۔ بشاش ۔ مذہب پرست تلفتی مزاج ۔ زود رنج ۔ کمینہ خیالات ۔ راز جو ۔ جلدی سے جوش میں آجانے والے ۔ خبطی ۔ زندگی سے بیزار ماتھا چکرائے ۔ چندیا میں تڑپ ۔ بھاری ۔ زخمی سی ۔ گدی سے چندیا تک ۔ درد ۔ سردی ۔ دباؤ ۔ گویا پٹی سی بندھی ہوئی ہے ۔ دماغ کی گہرائی میں درد ۔ اتوار کے دن سر درد ۔ سر گرم ۔ پیر ٹھنڈے چندیا پر پسینہ ۔ بال خشک اور ٹھنڈے ۔ آنکھیں جلتی ہوئی ۔ کاٹنے کی سی تکلیف ۔ گویا ریت بھری ہے ۔ پتلیاں پھٹی پڑیں ۔ تھر تھراتی ہوں ۔ روشنی کے گرد حلقہ نظر آئے ۔ گویا دھواں اڑ

اُڑ رہا ہے۔ روشنی سے خوف۔ آنکھیں دکھیں۔ کان میں بہتے ہوئے پانی کی شر شر۔ ناک رُکی ہوئی کبھی ایک نتھنا کبھی دوسرا۔ بوند بوند ٹپکے۔ سوزش ہو۔ سُرخ ہو۔ ٹھنڈ سے۔ نزلہ۔ زکام۔
نکسیر کا پھوٹنا رات کو یا دائیں جانب لیٹنے سے۔ بو کے لئے تیز حس۔ قیاسی بو۔ ماتھے کی رگوں میں سوزش۔ بوڑھا نظر آئے۔ چہرے پر داغ۔ خشک۔ لکنت آمیز زبان۔ سرخ کنارے اور نوک۔ دانتوں کے کیلے فک الحسن دانت کٹکٹائے۔ مونہہ میں زخم۔ گلے میں سوزش سی یا دھسک اٹھتی رہے بیرونی سُرخی۔ ڈکاریں۔ سڑے انڈوں جیسی کھانے سے پانی زیادہ پیئے کھائے کم۔ گوشت سے نفرت۔ **یکا یک بھوک بھڑک اٹھے**۔ کمزور ہو۔ ۱۱ بجے قبل دوپہر کوڑی میں۔ **پیٹ دکھتا ہو**۔ دبانے سے۔ بھاری ہو۔ چبک مارے۔ نیچے کو بیٹھا جائے۔ مقعد کی طرف: بچوں کے پیٹ میں درد قولنج۔ مقعد میں درد۔ خارش۔ حاجت بنی رہے۔ **بواسیر کی رغبت**۔ درد کے ڈر سے پاخانہ روکے رکھے۔ **دست۔ جلد جلد۔ علی الصباح** (بلبن)، تبدیلی پذیر۔ بودار۔ بے درد۔ چیلے بھورے بھورے جھاگ دار۔ دودھ سے قبض سے اولتے بدلتے جلن۔ خارش پیشاب کی نال میں جلدی جلدی یا رات کو پیشاب آئے۔ بستر خراب ہو جائے۔ فوطے لٹک جائیں۔ رحم میں کاٹنے کی سی تکلیف۔ حیض میں جلن۔ خارش شرمگاہ میں بیٹھنے سے۔ پرسوت کا بخار۔ حیض بدبو اور جلن دار جرم اسنے والا بدبودار حیض۔ **دم گھٹے۔ ہوا کی بھوک**۔ بے قاعدہ سانس۔ کھانسی تیز۔ دو تین مرتبہ کھانسنا پڑے۔ گہری۔ گلا بیٹھا ہوا۔ صبح کے وقت۔ **چھاتی** میں بلغم گھڑ گھڑائے۔ گرمی ۱۱ بجے قبل دوپہر معلوم ہو۔ بند سا بندھا ہوا معلوم دے۔ یا بوجھ سا رکھا ہوا۔ سرخ یا بھورے بھورے داغ۔ درد بائیں **پستان سے پیچھے کو**۔ نمونیہ۔ دل بہت بڑا معلوم دے۔ دھڑکن لیٹنے سے۔ پستان کی گھنڈی کھنچی ہوئی۔ پستان میں تیز جلن۔ گردن کمزور۔ گردن پر پھوڑے۔ کندھے بھاری۔ کندھوں کے درمیان درد۔ کمر کے گرد درد۔ معدے کی طرف جائے۔ جھک کر چلے۔ ہاتھوں سے بوجھ سنبھالے۔ جب کہ بیٹھا ہو۔ پاخانہ کے وقت تکلیف۔ بایاں بازو بے حس ہو۔ لیٹے ہوئے ہتھیلی پھٹی ہوئی۔ کھال اترے۔ اکزیما۔ مسے ہتھیلیوں پر۔ انگلیاں (دائیں) بے حس۔ بائیں ران رگ دہیم شرنگ میں تناؤ۔ بائیں پنڈلی میں اینٹھن یعنی بائٹے۔ **تلوے جلیں۔ بستر سے پاؤں باہر نکال لے۔ رات کو**۔ یا بستر ے میں ہی ٹھنڈے رہیں۔ خشک رہیں۔ ایک عضو میں جھٹکے لگیں۔ سونے کے لئے لیٹنے پر۔ جلد خشک۔ کھردری جھریاں دار۔ کھنڈ سے اترے۔ خارش۔ رات کو بہت تیز۔ **پھوٹ پڑے**۔ گھاؤ

پک جائیں۔ اچھے نہ ہوتے ہوں۔ جلن ہو۔ جب کھجائے جائیں ہوائیں۔ آندھی ہیں۔ دھونے سے زیادہ تکلیف دیں۔ پھوڑے پھنسی دیگر تکلیفات کے ساتھ باری باری۔ مثلاً دمے وغیرہ سے پھوڑے پھنسیوں کی فصل۔ خارش۔ رینگنے والی تتی یعنی تپپاکی۔ اکزیما۔ پھنسیاں۔ بلی جیسی نیند۔ دن میں غنودگی۔ رات کو بیداری۔ نیند میں فرحت نہ ہو سوتے سوتے کھانے۔ کمر میں اوپر کو سردی چڑھے۔ گرمی۔ پیر بہت گرم۔ سرخ رہیں۔ کندھوں کے درمیان پیرگی۔ پسینہ ہاتھ یا پیروں (یا بغل) میں

مقدار خوراک۔ طاقت استعمال۔ شروع میں ۱۲ درجے کی مناسب ہے۔ مزمن امراض میں ۲۰۰ اور اس سے زائد بھی دی جاسکتی ہے۔ زیادہ طاقت کی دوا جلد جلد نہ دینی چاہئے + **مقدار خوراک** ۵۔ ہفتے

ممد و معاون ادویات۔ ایکونائٹ۔ ایلو۔ آرسنکم۔ بیڈیاگا۔ بیلاڈونا۔ کلکیریا کارب۔ مرکیورس۔ پلسٹلا۔ سورائنم۔ پائرو۔ رہس ٹاکس۔ سیپیا۔ سلفر آیڈ۔

ادویہ متعلقہ۔ سورائنم۔ سفلینم

فاد اثر۔ مرکیورس۔ پلسٹلا۔ سیلیشیا۔

مخالف ادویہ۔ نکس موسک۔ رینکولس بلب۔

سیپیا۔

SEPIA

علامات و تاثرات

رگوں میں دورۂ خون
- نظام انہضام
- مستورات کی تکالیف

اعصاب

جلد

اشتداد مرض

سردی سے
- ہوا شمالی آندھی
- مرطوب۔ برفانی

کثرت جماع سے

حیض سے

ایام حمل میں اسقاط سے

صبح اور شام

پہلی نیند کے بعد

انحطاط مرض

جذبات کے ہیجان سے

گرمی سے۔ جھنجھلانے سے۔ ہنسنے [illegible]

علامات۔ ڈھیلی ڈھالی مستورات کے لئے ۔ گداز و فربہ بدن ۔ آسانی سے دھرن ٹل جانے کی رغبت **علامات کمر میں بکھیر جائیں** (Uterine reflexes) ۔ درد اوپر کو جائے ۔ مقعد میں ۔ رحم میں ۔ پیچھے کی طرف ۔ سر میں (بائیں جانب) ، نلوں میں وغیرہ ۔ کپکپی پیدا کرے ۔ گولا سا معلوم دے ۔ یا اندرونی طور پر پھرتا ہوا ۔ اوپر کو اٹھتا ہوا ۔ کمزوری اور خالی ہونے کا احساس ۔ کوڑی میں ۔ چھاتی میں ۔ کمر کے گرد ۔ کوکھوں پر ۔ گھٹنوں میں وغیرہ ۔ اخراج دودھ ۔ یا خون کے رنگ کے ۔ ذرا سی بات سے متفکر یا خوف زدہ ۔ صحبت میں رہنا ناپسند کرے ۔ مگر تنہائی سے ڈرے ۔ افسردہ محبت ۔ حافظہ کمزور ۔ غمگین ۔ چڑچڑی ۔ کبھی لاپرواہ یا اوداس ۔ خواہش مباشرت ۔ سر درد ۔ بائیں آنکھ کے اوپر ۔ کبھی کن پٹی کے ایک جانب کبھی دوسری جانب دے ۔ اسی پہلو لیٹنے سے ۔ چندیا پر بھاری پن ۔ گولی سی لگے ۔ پھٹا جائے ۔ آدھے سیسی کا درد ۔ سر کو آگے پیچھے جھٹکے دے ۔ آنکھیں مچی جائیں ۔ سرخ ۔ کھاج ہو ۔ نکلی پڑے ۔ بھنگے سے اڑتے ہوئے ۔ چنگاریاں سی جھڑتی ہوئی دکھائی دیں ۔ پھر بصارت ماری جائے ۔ ہر طرح کی بو ناپسند ہو ۔ ناک پر آر پار کجاوہ کی مانند بھوری سی لکیر ہو (MENS) جڑ میں دبائے جانے کا سا درد ہو ۔ چوبے یا کھرند نکلیں ۔ آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے ۔ چہرے کا رنگ بدلتا ہوا ۔ نیچے کا ہونٹ سوجا اور پھٹا ہوا ۔ منہ میں جلن کا احساس صبح کے وقت کھانس کھانس کر بلغم نکالنی پڑے ۔ ذائقہ پنیر یا مچھلی کا سا ۔ یا تلخ ۔ ترش ۔ سردی گلے میں چڑھتی ہوئی ۔ بھاری بھاری ڈکاریں ۔ جھاگدار بلغم ۔ خوراک کے خیال یا خوشبو سے جی متلائے صبح کو قے ہو جائے ۔ صرف ٹھوس خوراک یا دودھ سا نکلے ۔ سخت بھوک لگے ۔ ترش چیزوں کی خواہش ہو ۔ کوڑی کی جگہ ڈوبی جائے غشی سی طاری ہو ۔ کھانے سے آرام نہ پڑے ۔ گولا سا معلوم دے ۔ مثانے میں اینٹھن سی ہو ۔ دے جھکنے سے رحم نکلا جائے ۔ یا نیچے کو دبانے والا بھاری بوجھ سا محسوس ہو ۔ ہاتھوں سے دبائے یا ٹانگوں کو قینچی کی طرح اوپر نیچے رکھے ۔ گھڑا سا پیٹ ہو ۔ دست ۔ سریش جیسی آنوں خارج ہو ۔ دست ۔ ابالے ہوئے دودھ سے ۔ مقعد سکڑی ہوئی سی ۔ بے طاقت کئی دن تک حاجت نہ ہو ۔ دائمی قبض ۔ گویا مقعد میں ڈاٹ سی لگ گئی ہے ۔ بواسیر ۔ باہر نکلنے والے مسے ۔ چپکنے والی ۔ ایام حمل کے دوران میں ۔ مقعد میں رطوبت رہنا پیشاب آہستہ آہستہ ۔ پہلے جلن ہو کر ۔ شروع نیند میں پیشاب خطا ہو جائے ۔ دکھلنے سے چھینکنے سے وغیرہ وغیرہ ۔ گاڑھا ۔ غلیظ پیشاب ۔ چپکنے والا ۔ سرخ ۔ ریت کے ذرات یا سفید ۔ حیض بند ۔ آغاز شباب میں ۔ رحم میں جلن یا درد ، کمزوری دے کھچے جانے یا نیچے

گرسے جانے کا احساس اور دبا کر بیٹھنے کی ضرورت شرمگاہ کے بیوں میں سوزش۔ پھوڑا اسیلان الرحم بڑی بڑی گٹھلیاں سی خارج ہوں۔ بدبودار سوزاکی مادہ۔ معدے سے کھانسی اٹھے۔ ک موسمی حرارت کی تبدیلی۔ خراب بلغم خارج ہو۔ دورۂ خون بے قاعدہ۔ ٹھیرا ہوا سا معلوم دے۔ دھڑکن نمایاں۔ کن پٹیوں کی طرف چڑھتا ہوا۔ نبض سی چلتی ہوئی معلوم دے۔ رات کو زور۔ خون کی نالیوں میں خون کی کثرت۔ گلا رکا ہوا سا محسوس ہو۔ درد کرے۔ کمر کے گرد۔ دبوانے کی خواہش ہو۔ ہاتھ سرخ گھٹنے یا ایڑی ٹھنڈی۔ جلد پر دھبّے پھٹی ہوئی۔ کھردری۔ سخت۔ ک دبوائیاں۔ چھوٹی چھوٹی سفید پھنسیاں۔ دلو۔ کھاج پھوڑا۔ کنپٹی پر موٹا کھرنڈ۔ چھوٹے جوڑوں پر زخم۔ سوتے سوتے زور سے بولے بائیں کروٹ لیٹنے سے خواب۔ آسانی سے سردی لگ جائے۔ سردی خاص خاص مقامات پر۔ چندیا پر۔ کندھوں کے درمیان۔ پیروں میں۔ بستر میں۔ یکایک کمزوری کا دورہ۔ فکر زدہ۔ گرم سرخ چہرہ۔ ہاتھ گرم پیر ٹھنڈے یا اس کے برعکس پسینہ بہ آسانی۔ لرزنے سے۔ اعضائے تناسل پر۔ کمر میں۔ ریڑھ کے ڈنڈے پر۔ بے قاعدہ بخار۔

مقدار خوراک یا طاقت استعمال۔ ۱۲۔ ۳۰۔ اور ۲۰۰ بہت کم درجے کی دوا بار بار نہ دینی چاہئے مگر ڈاکٹر جوسٹ ۲x دن میں دو مرتبہ دینے کی سفارش کرتے ہیں۔ **مقدار خوراک**۔ ۶ ہفتے۔

ممد و معاون ادویات۔ نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ سورائنم۔ پلسٹلا۔ سلفر۔

سیلیو بہ متعلقہ۔ کاسٹکم۔ جیلس۔ بلیم رنگ۔ نیٹرم میور۔ پلسٹلا۔

مخالف ادویہ۔ لیکیس۔

سلیکا SILICA سلیشیا

امراض و تاثرات

پرورش کن۔ بچوں کے لئے

ریشہ جات { کھنچنے والے (Elastic)
خانہ دار (Celular)

اعصاب غدود

نلیاں { یوسٹیشین (Eutachiac)
آنسو کی نالیاں (Tour Ducts)
فسچولا (Fistulae)

استداد مرض کے

سردی سے تبدیلیوں { ہوا۔ جھونکے
ٹپی کھل جانے سے
نہانے سے
پسینے رکنے سے
پیروں کے

ہڈیاں - مُمری ہڈی (Cartilage) لعابدار جھلی جلد	احساس { عصبی جوش روشنی ـ شور دھماکہ ـ ریڑھ کی ہڈی چاندنی کی تبدیلی ـ رات **انحطاط مرض سے** **گرم** { گرم کپڑے لپیٹنے سے ـ سر کو ہو جانے سے کثرت پیشاب

علامات ـ نہایت **ذکی الحس** ـ شور کو درد کو یا سردی کو انگیٹھی سے لپٹے رہنا چاہیے ـ تیز درد ـ یکجائی ـ کانوں میں ـ حلق میں ـ رحم میں وغیرہ ـ تشنج ـ جلدی تھک جانے کا رجحان ـ بہ افراط پسینے پیپ پڑ جانا ـ آہستہ آہستہ ـ نامکمل عمل ـ بعد میں سخت ہو جائے ـ ہر ایک چوٹ پک جائے دیر تک پکتے رہیں ـ فیچولا پھوڑا مردار گوشت ـ خوراک کی کمی ـ دیر میں نشوونما ـ دیر میں چلنا سیکھے غدود میں سوزش مرض ـ سوکھیا ـ اعضا سو جائیں ـ سویرے کے وقت (Oadema) سوجن دماغی تیزی جسمانی سستی ـ ہمت کی کمی ـ بھدی چال ـ رنجیدہ اور ضدی ـ اوپر چڑھنے والے اثرات ـ سخت جگر ـ کن پٹیوں میں درد ـ دباؤ سے ـ سر درد کے بعد بے بصری ـ چندیا پر تڑپ ـ پیٹ پھولا ہوا ـ کھوپڑی پر گومڑے ـ آنکھوں میں سوزش ـ موتیابند ـ بہرہ پن ـ زکام ـ زبان پر حلق میں بال سا معلوم دے ـ حلق میں تلخ ذائقہ ـ دانتوں کی جڑوں میں پھوڑے ـ گرم خوراک سے نفرت پیٹ بڑا سخت اور گرم ـ ٹانگیں پتلی ـ مقعد میں کاٹے جانے کی سی تکلیف ـ تشنج ـ فوطوں میں درد دمیا شرت ـ پاخانہ دب جائے ـ حیض میں ـ فوطوں میں پانی اتر آئے ـ رحم کی نلی میں کاٹے جانے کا سا درد اوپر کی طرف ـ پیشاب کرنے سے ـ سیلان الرحم بہ افراط ـ رک رک کر ـ شرمگاہ میں خارش تے ہلا ڈالنے والے ـ کھانسی سانس روکنے والی ـ ٹھنڈے مشروبات سے ـ بلغم بہ افراط ـ چھاتی میں غرغر کرے ـ پستان کی گھنڈی میں درد ـ پستان میں گانٹھ ـ ایکزیلری غدود میں سوزش ـ انگلیوں کی نوک میں درد ـ خشکی ـ ٹخنے کمزور ـ پیروں میں پسینہ ـ بدبودار ـ خارش کرنے والا ـ چمڑا اتارنے والا ـ جوتے خراب کرنے والا ـ دبا ہوا ـ پیر کی محرابیں میں درد ـ بدشکل ـ اندر نکلنے والے ناخن ـ خوفناک خواب ـ آنکھ لگتے ہی جاگ پڑے ـ سردی بستر میں ـ محنت سے ـ تکلیف دہ

حصّے میں۔ یخ جیسی سردی۔ تپ دق۔ بکثرت پسینے۔ اوپر کے حصّے میں۔ سر پر۔ متاثر حصے میں۔ رات کو۔ بہ آسانی۔ بدبودار۔ جِرم رانے والے۔

مقدار خوراک وطاقت استعمال ۔ ۶ سے ۳۰ تک نیز ۲۰۰ یا اس سے زیادہ۔

مدت اثر۔ ۶ ہفتے۔

ممد ومعاون ادویات ۔ فلورک ایسڈ۔ فاسفورس۔ تھوجا۔

ادویہ متعلقہ۔ کلکیریا کارب ہیپر۔ کالی خاس۔

بعد میں دی جائے ۔ کلکیریا کارب۔ ہیپر۔

مخالف ادویہ ۔ مرکیورس۔ نکس موسک۔

تھوجا THUJA

امراض وتاثرات

اعضائے تناسل و پیشاب کی

لعابدار جھلّیاں { انتڑیوں کی

من۔ اعصاب

کن پٹی

غدود۔ جلد

بائیں جانب۔ خصیۃ الرحم

اشتداد مرض ﴿

سرد و مرطوب

گرمی بستر کی

وقت مقررہ پر { ۳ بجے صبح۔ سالانہ / بڑھتے چاند / ایام حیض میں

پیشاب کرتے وقت۔ سوزاک سے

چیچک کے ٹیکے سے

چاء سے۔ پیاز سے

انحطاط مرض ﴾

گرمی سے { آندھی یا ہوا سے / سر لپیٹنے سے

کھُل کر اخراج ہونے سے

چھینکوں سے

	حرکت سے ۔ ٹانگ پر ٹانگ قینچی کی طرح رکھنے سے چھونے سے ۔

علامات ۔ لٹکا ہوا اور ڈھیلا ڈھالا ۔ سخت نقاہت و کمزوری ۔ جلدی جلدی سوکھتا جائے نرم ۔ وافر ۔ حرام گوشت ۔ سے ۔ سیاہ ۔ دبے ہوئے ۔ بلغمی ساخت جسم ۔ تیز ۔ ترش یا میٹھے جیسی بدبو آئے ۔ چکنے پاخانے سے ۔ جلد سے یا پسینے سے بوند بوند کر کے پیشاب آئے ۔ جلن کے ساتھ ۔ تکلیف کبھی کہیں ہو کبھی کہیں ‹ گرمی سے ۔ بائی کے درد ۔ جھٹکے سے لگیں ۔ ریڑھ کی ہڈی سے کٹے حصے بے جان سا ہو جائے ۔ وہمی شکلیں دکھائی دیں ۔ پھر کوئی خیال دل میں بیٹھ جائے بیوفائی کا ۔ اندر کسی زندہ چیز کا احساس ۔ پہلو میں کسی زبردست طاقت کے ہاتھ میں ہونے کا خیال ۔ جلد باز اور متفکر ۔ ذرا ذرا سی بات پر ۔ خیال مجتمع نہ کر سکے ۔ اعصابی کمزوری دیمولیستھینیا) سر میں چکر ۔ جیسے ہنڈولے میں چکر آتے ہیں ۔ پھاڑتا ہوا ۔ گویا سر کی بائیں طرف کوئی میخ گاڑتا ہو ۔ عصبی درد دینور یلجیا) خشک پھٹے ہوئے بال ۔ آنکھیں خون جیسی سرخ ۔ آنسو بھرے ہوں ۔ کھلی رہیں ۔ چہرہ موم کے رنگ کا ۔ چمکدار ۔ آنکھوں کے نیچے سیاہی ۔ دانت مسوڑوں کے پاس سے جھڑتے ہوں ۔ ‹ سردی سے ۔ نگلنے میں آواز آئے یا ڈکاریں آئیں ۔ ترش او چکنائی دار ڈکاریں ۔ پیٹ میں گڑبڑ ۔ نیچے کی آنتوں میں ۔ کولہوں میں ۔ مثانوں میں یا پیشاب کی نلی میں کاٹنے والے مروڑ ۔ انتڑیوں میں گڑگڑ کی آواز ہو ۔ پتلا سبز دست ہو جائے ۔ گڑگڑ کر کے پاخانہ خارج ہو ۔ یا پھڑ پھڑ کی آواز ہو ۔ ‹ صبح کی خوراک کے بعد پاخانہ سخت ۔ سیاہ گٹھلیاں ۔ او پانی زور سے خارج ہو ۔ پچکاری کے مانند ہوا کے ساتھ ۔ جلدی جلدی ۔ مقعد میں رطوبت ۔ پیشاب جلن سے ۔ بوند بوند کر کے ۔ بدبودار ۔ بکثرت ۔ دیر تک بیٹھا رہنا پڑے ۔ پیشاب کرتے ہوئے پیشاب کی نالی میں درد ۔ اعضائے تناسل بدبودار ۔ فوطوں میں درد ۔ آلہ تناسل اور حشفہ کی سوجن ۔ سوزاک ۔ بائیں نلے میں چیرتا پھاڑتا ہوا درد ۔ شرمگاہ میں خارش ۔ تیز حس ۔ سانس جلدی جلدی مشکل سے آئے ۔ دمہ ۔ دن میں بلغم بہ آسانی خارج ہو لیٹے ہوئے ۔ پنیر جیسا بلغم ۔ پر فکر دھڑکن ۔ کمر میں تڑپن گردوں پر دباؤ ۔ لمبے عضلات میں بے حسی ۔ جوڑوں کا چٹخنا ۔ انگلیوں میں بے حسی ۔ رات کو جاگنے پر دنیٹرم میور) ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں کی نوک میں سوزش یا رینگنے کا سا احساس کولہے بیکار ہو جائیں ۔ اعضاء فالج زدہ سے محسوس ہوں ۔ گھٹنوں میں بے چینی ۔ تلووں میں درد ۔ پیروں میں بدبودار اور کثیر العرق پسینہ ۔ جلد بھوری ۔ دھبے دار ۔ میلی ۔ بال دار ۔ پھنسیاں خارش

جلن تیز۔ ٹھنڈے پانی سے غسل کرنے پر۔ نیلگوں سفید زخم۔ کمر پر خونی پھوڑے۔ ناخن نرم پھٹے ہوئے گلنے والے بدرنگ۔ مڑے ہوئے۔ بائیں پہلو پر لیٹنے سے نیند نہ آئے۔ مُردوں کے خواب آئیں ہلا دینے والا لرزہ۔ جمجھاہوں سمیت د پیشاب سے۔ گرمی سے آرام نہ پڑے۔ چھاتی میں گرمی چڑھے۔ ہاتھ یخ جیسے سرد۔ نکسیر یا کھانسی۔ ننگے حِصّہ جسم پر پسینہ۔ ڈھکے ہوئے حِصّوں میں خشک گرمی۔ ہاتھ ٹھنڈے ے دھونے سے۔ اعضائے تناسل پر بکثرت پسینہ آئے۔ د احباب کی موجودگی میں۔ بدبودار۔ داغ دینے والا۔

مقدار خوراک وطاقت استعمال۔ مدر ٹنکچر سے ۳۰ درجہ تک یا زیادہ۔ مقامی طور پر بھی استعمال ہوتی ہے

مدّت اثر۔ تین ہفتے۔

ممد ومعاون ادویات۔ مرکیورس۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ۔ پلسٹلا۔ سیپائنا سلیشیا۔ سلفر۔

ادویہ متعلقہ۔ مرکیوریس۔ نائٹرک ایسڈ۔ سیپائنا۔

وریٹرم ایلب VERATRIM ALB

امراض وتاثرات

اعصاب:
- پیٹ
- دل
- خون کی نالیاں

چندیا خون

نظام تنفس۔ نظام انہضام

اشتداد مرض ے

محنت سے۔ پینے سے
سرد مشروبات سے
دردیں۔ خوف سے
بھیگ جانے سے۔ سردی سے

انحطاط مرض ے

گرم اشیاء سے۔ اِدھر اُدھر پھرنے سے
کپڑا اوڑھنے سے۔ لیٹنے سے

علامات۔ شدید مرض مثلاً ہیضہ۔ بے حد کمزور۔ ماتھے پر ٹھنڈے پسینے آئیں۔ بیہوشی یا مردنی اچانک بہ افراط اخراج۔ اینٹھن چھاتی میں۔ انتڑیوں میں۔ ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں میں سختی کے ساتھ۔ بڑھتی ہوئی کمزوری اور سوکھا۔ تیز بیماریوں میں۔ مثلاً کھانسی میں۔ بخار میں۔ ہذیان

ابتدائی تشدد کے ساتھ۔ درد کے دوران میں۔ بکواس۔ شہوت انگیز باتیں۔ دعائیں مانگے۔ گالیاں دے۔ ہوہو کرے۔ باری باری سے تیز خبط۔ دیوانہ پن۔ تاسف۔ خاموش بیٹھا رہے۔ مالیخولیا۔ بے قابو کر دینے والا سر درد۔ بال پھٹنے لگیں۔ درد کریں۔ چہرے پر اٹھتے ہوئے زردی اور مردنی چھا جائے۔ رنگ نیلا پڑ جائے۔ ناک بھوں چڑھے ہوئے۔ خوفزدہ سا دکھائی دے۔ بایاں رخسار سرخ گویا جلا ہوا۔ چباتے چباتے جبڑے میں تشنج۔ دانتوں میں بھاری پن۔ جلانے والی پیاس۔ برف کے پانی کی خواہش۔ یا ترش مشروبات کی۔ تے کردے یا ڈکارین آویں۔ بہت زیادہ قے آویں۔ دست ہوں۔ سخت جی متلائے۔ درد قولنج گویا کوئی کاٹتا ہو۔ بازوؤں میں تشنج۔ بڑی تیزی سے گرتا جائے ہیضہ۔ کوڑی میں درد۔ پتلے سبز۔ بے بو۔ بے رنگ (چاولوں کی پیچ جیسے)، دست۔ مریضہ کو مباشرت کی بیتاب کن خواہش۔ ہوا بہت گرم معلوم دے۔ گلے میں دھسک پھیپھڑوں میں جائے۔ تیز کھانسی دیر تک جاری رہے۔ جی مالش کرے ٹھنڈے مشروبات سے۔ دل میں کالمنے کا سا احساس۔ کمزور۔ نظر آنے والی دھڑکن۔ دھیمی دھیمی جلن۔ بازوؤں میں۔ دائیں سے بائیں کو۔ پنڈلیوں میں مروڑ۔ پاخانہ پھرتے ہوئے (اپیکا۔ سیکیسی c)، کندھوں کے درمیان مروڑ۔ ے حرکت سے۔ جلد جلی سی محسوس ہو۔ رات کو کپکپاتے ہوئے بیدار ہو۔ نبض سوت جیسی باریک۔ عام سردی۔ یخ جیسی۔ چہرہ پر۔ ناک پر۔ منہ میں۔ پانی بھر بھر آنا۔ اعضا میں۔ پسینے۔ لہو ٹھنڈا ہوتا معلوم دے۔ اندرونی گرمی معہ سردی (جھریاں) جلد پر۔ بخار جس میں صرف باہر ٹھنڈ معلوم دے۔

مقدار خوراک و طاقت استعمال۔ اسے ہوتک دستور ہیں ۲ نمبر۔

مدت اثر۔ دو ہفتے۔

ممد و معاون ادویات۔ آرسنک۔ کاربو ویج۔

زنکم ZINCUM جست

امراض و تاثرات		اشتداد مرض
دماغ اور اعصاب	کنپٹی ریڑھ کی ہڈی آنکھ کے ارد گرد کا حصہ	مردنی اخراج کا دب جانا شور۔ لمس۔ شراب

ناک کی جڑ خون اندرونی	گرمی پہنچنے سے **انحطاط مرض ے** حرکت سے۔ خوب دبانے سے گرم کھلی ہوا میں کھلے اخراج سے

علامات۔ دماغ پریشان۔ خوب چستی یا پست حوصلگی۔ چیزیں اُتار کر پھینک نہ سکے۔ اخراج وغیرہ بڑھتے جائیں۔ بڑھتی ہوئی کمزوری ے کھانے سے۔ بے چینی سمیت۔ تنہا اثرات۔ کوئی ایک حصّہ سو جائے۔ دوسرے کی حس تیز ہو جائے۔ جلد پر چیونٹیاں رینگنے کا سا احساس۔ مقامات میں درد۔ جلد اور گوشت کے درمیان۔ ایک طرف سے دوسری طرف تڑپتے جانے والے درد۔ غیر ارادی فعل۔ کپکپی جھٹکے سے لگیں۔ رات کو۔ تشنج۔ درد گولی کی مانند نکلتا ہے۔ فالج نیچے کی طرف جائے۔ درد کے مارے ہڈیاں بیکار سی ہو جائیں۔ جسم سے خون کا اخراج۔ چڑچڑا۔ تنگ کرنے سے رو دے۔ آسانی سے چونک پڑے۔ جوش میں آجائے۔ یا نشہ چڑھ جائے۔ گڑبڑ کر دے۔ سوال کو بار بار دہرانے کے بعد جواب دے۔ دماغ میں دھند سی معلوم دے۔ چلائے۔ حرکت کرائے جانے سے۔ نیند میں۔ درد سے۔ وغیرہ وغیرہ۔ سر میں سخت چکر آئیں۔ بدحواس ہو جائے۔ سر درد۔ کم و بیش ہونے والا۔ چندیا پر ناک کی جڑ میں دباؤ محسوس ہو۔ یا آنکھوں میں۔ نظر کم آنے لگے ے گرمی سے ے سخت دبانے سے کنپٹیوں میں بھاری پن اور درد۔ درد ے کاٹنے سے۔ گدّی کھچی جائے۔ کمر کی طرف نیچے کو مُکا سا پڑے۔ ٹانگیں کمزور ہو جائیں۔ گدّی میں گرمی معلوم ہو۔ سونے کے لئے لیٹنے پر سر میں چٹخارے سے ہوں۔ سر اِدھر اُدھر مارے۔ دانت پیسے۔ دماغ پر فالج۔ بالوں میں درد۔ چندیا کے بال کھڑے ہو جائیں۔ آنکھیں کھچ کر ملتی ہوئی سی معلوم دیں۔ بھینگا پن۔ کھاتے ہوئے آنسو بہیں۔ ناک پر سوزش۔ زردی۔ نیلا پن۔ چہرہ مصیبت زدہ سا۔ ہونٹ چپکیں۔ ذائقہ تلخ۔ بے تحاشہ بھوک۔ جگر میں یا ناف میں ڈھیلا پن معلوم ہو۔ اپھارہ۔ اجابت کے وقت مقعد میں خارش۔ بواسیر کی تکلیف نیچے کو کھینچے ے گرمی ے چلنے پھرنے سے زخم پڑ جائیں۔ پیشاب بڑے زور کا لگے۔ مگر صرف خاص حالت میں بیٹھنے سے ہی پیشاب آئے مثلاً آگے یا پیچھے جھکنے سے۔ عضو پر عضو چڑھانے سے وغیرہ۔ پیشاب کے بعد خون خارج ہو۔ گردے کے اِرد گرد دباؤ اور کاٹے جانے کا سا درد۔ عضو پکڑنے کو مجبور ہو۔ ہر مرتبہ کھانسنے پر۔ جوشِ شہوت۔ خواہش جلق۔ ایام حیض میں۔ حیض بکثرت۔ لوتھڑوں والا۔ بائیں تلے میں سخت درد۔ چھیدنے کا سا

سخت حرکت دل - چھاتی میں کھچاؤ - گدی میں تکان دماغی محنت سے - لنگڑاپن - بدحواسی - ریڑھ کی ہڈی میں درد - برابر برابر جلن بیٹھنے سے - تیز حس - کٹتی ہوئی معلوم ہو - ڈکاروں سے - کمر کے گرد کمزوری کھڑا ہونے سے - اعضا میں درد - گرم ہونے سے - ہاتھ کانپیں - اکزیما - پھنسیاں اور خارش پیروں اور ٹانگوں کو بے حرکت نہ رکھ سکے - ٹھنڈے ہونے سے اینٹھن پیروں کی انگلیوں میں سوزش - زخم - ٹوک میں درد - تلوے تیز حس - پیروں کی ہڈیاں ٹوٹی ہوئیں - پیروں میں پسینہ - انگلیوں میں زخم - لڑکھڑاتی ہوئی چال - اعضائے تناسل کی رگیں پھولی ہوئیں - درد ہو - پرانی تکلیف -

مقدار خوراک و طاقت استعمال - نمبر ۱ سے ۵ نمبر تک زیادہ طاقت کا بھی دیا جا سکتا ہے -

مدت اثر - ۴ ہفتے -

ممد و معاون ادویات - پلسٹلا - سیپیا - سلفر

ادویہ متعلقہ - اگنیشیا - کالی فاس - لیکیسس - پکرک ایسڈ

مخالف ادویہ - کیموملا - نکس وومیکا -

فاد اثر - ٹیبیکم -

قائم شدہ ۱۹۰۶ء
تار کا پتہ "ڈاکٹر بھتشی لاہور"
ٹیلیفون :۔
ہومیاپیتھک کالج
۹ ہال روڈ لاہور
جس کے ساتھ ایک اپ ٹو ڈیٹ ہسپتال، فارمیسی، لیبوریٹری، لائبریری، باغیچہ ادویات، اور اوٹ ڈور ڈسپنسری شامل ہے۔ اپنی جدید طرز کی عالیشان عمارت اور کھلی صحت بخش مقام پر واقع ہے۔
بمع روشنی
دو سال ڈپلو مجات
کورس ایک و
اور بی، ایچ، ایم
ایل، ایچ، ایم،
ایم، ایچ، سی، ایس
اینڈ ایس، اور
ہیں۔ لیکچر بذریعہ
کے عطا کئے جاتے
ماڈلس اور
چارٹس
دیئے
جادو کی لالٹین
جاتے ہیں اور تشخیص و تجویز دوا بذریعہ
ڈاکٹر بوگر کے عجیب و غریب ریپرٹری کارڈ
اور
باڈی ریفلکس ڈائگونوسنز
وغیرہ بیش قیمت جدید طبی آلات کے ساتھ سکھائی جاتی ہے، جو ہماری ایک خصوصیت ہے
طبابت پیشہ اصحاب کے لئے خاص رعایت
انٹرنس یا زیادہ قابلیت رکھنے والے مرد و عورت طالب علم داخل ہو سکتے ہیں۔
مفصل حالات کے لئے دو آنے کے ٹکٹ بھیجکر پراسپکٹس طلب کریں۔
"رجسٹرار"